لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کا ترجمان

شمارہ نمبر1-2011ء جلد2

میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا۔

(الہام حضرت مسیح موعودؑ)



مریم

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ آئرلینڈ

Civic Reception Galway Ireland

مشن ہاؤس گالوے

حضورِانور اور *Michael Crowe, Mayor Galway City*

برموقعہ سنگِ بنیاد مسجد مریم گالوے آئرلینڈ

لجنہ اماءاللہ آئرلینڈ کا ترجمان

مریم

سن 2011ء

شمارہ نمبر:۔ 1 - 2011ء

جلد نمبر: 2

مدیرہ:

راشدہ کرن خان

نیشنل صدر لجنہ آئرلینڈ:

طیبہ مشہود صاحبہ

مربی سلسلہ آئرلینڈ

مکرم اِبراہیم نونن صاحب

معاونات:

خالدہ افتخار، ناجیہ نصرت ملک، نازیہ ظفر

شمیفہ ظہیر، شازیہ مظفر، حانیہ احمد، ندا منان

لے آؤٹ، ڈیزائننگ اور سرورق:

راشدہ کرن خان

برائے رابطہ مدیرہ مریم :

Email:

maryam.magazine@gmail.com

اس شمارے میں

☆ بدظنی تجسس اور غیبت کی عادت (خطبہ جمعہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ) 5

☆ دُعا کی اہمیت اور آداب 9

☆ اسمِ اعظم 11

☆ شرک کے بعد تکبر جیسی اور کوئی بلا نہیں 12

☆ جو غیبت کرتا ہے، وہ مُردہ بھائی کے گوشت کے کباب کھاتا ہے 13

☆ غیبت یہ ہے: سچا عیب کسی بھائی یا بہن کا اس کی عدم موجودگی میں بیان کرنا 15

☆ سیرت حضرت اماّں جانؓ 16

☆ کیا غیبت سے آپ کو مزہ آتا ہے؟ 21

☆ نظامِ جماعت کی اطاعت، غیبت وعیب جوئی، بدظنی 23

☆ تمام گناہوں کی جڑ تین امور 28

☆ قبولیت دُعا کے طریق 30

☆ دجال کی حقیقت 34

☆ جھوٹی تعریف کی تمنا بالآخر شرک بن جاتی ہے 36

☆ تبلیغ کے میدان میں قبولیت دُعا کے چند واقعات 37

☆ خلاصہ خطبہ جمعہ، مسجد کی تعمیر آئرلینڈ 39

☆ جماعتِ احمدیہ آئرلینڈ کے تاریخی، بابرکت اور مبارک دن 43

☆ کچھ آئرلینڈ کے بارے میں 52

☆ نیشنل عاملہ لجنہ اماءاللہ آئرلینڈ کی میٹنگ حضورِ انور کے ساتھ 53

☆ خوبصورت یادیں۔ پیارے حضورِ انور اور آپا جان مدظلہا کے ساتھ 56

☆ وَاللّٰہُ یَھْدِیْ مَنْ یَشَاءُ 64

☆ پکوان 66

☆ بیوٹی ٹپس 66

☆ ایک عظیم باپ کی یاد میں 68

☆ بزمِ ناصرات 75

قرآنِ کریم

﴿ یٰاَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ ز
اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّ لَا تَجَسَّسُوْا وَلَا یَغْتَبْ بَّعْضُکُمْ بَعْضًا ط اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّاْکُلَ لَحْمَ اَخِیْهِ مَیْتًا فَکَرِھْتُمُوْهُ ط
وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ ﴾ (الحجرات، آیت ۱۳)

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! ظن سے بکثرت اجتناب کیا کرو۔ یقیناً بعض ظن گناہ ہوتے ہیں۔ اور تجسس نہ کیا کرو۔ اور تم میں سے کوئی کسی دوسرے کی غیبت نہ کرے۔ کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے؟ پس تم اس سے سخت کراہت کرتے ہو۔ اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو۔ یقیناً اللہ بہت قبول کرنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

☆☆☆

﴿ وَیْلٌ لِّکُلِّ ھُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ﴾ ترجمہ: ہلاکت ہو ہر غیبت کرنے والے، سخت عیب جُو کے لئے۔ (الھمزہ، آیت ۲)

احادیث نبوی ﷺ

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں معلوم ہے غیبت کیا ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسولؐ بہتر جانتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا: ”اپنے بھائی کا اس کی پیٹھ پیچھے اس رنگ میں ذکر کرنا جسے وہ پسند نہیں کرتا“۔ عرض کیا گیا کہ اگر وہ بات جو کہی گئی ہے سچ ہو اور میرے بھائی میں وہ موجود ہو تب بھی یہ غیبت ہوگی؟ آپؐ نے فرمایا: ”اگر وہ عیب اس میں پایا جاتا ہے، جس کا تُو نے اس کی پیٹھ پیچھے ذکر کیا ہے تو یہ غیبت ہے اور اگر وہ بات جو تو نے کہی ہے اس میں پائی ہی نہیں جاتی تو یہ اس پر بہتان ہے“۔ (مسلم کتاب)

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدترین آدمی تم اسے پاؤ گے جو دو (۲) منہ رکھتا ہے۔ ان کے پاس آ کر کچھ کہتا ہے، دوسروں کے پاس جا کر کچھ کہتا ہے یعنی بڑا منافق اور چغلخور ہے۔ (مسلم کتاب)

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ”جب مجھے معراج ہوا تو حالتِ کشف میں مَیں ایک ایسی قوم کے پاس سے گذرا جن کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ ان سے اپنے چہروں اور سینوں کو نوچ رہے تھے“۔ مَیں نے پوچھا ”اے جبرائیل! یہ کون ہیں؟“ تو انہوں نے بتایا کہ ”یہ لوگوں کا گوشت نوچ نوچ کر کھایا کرتے تھے اور ان کی عزت وآبرو سے کھیلتے تھے یعنی ان کی غیبت کرتے تھے اور ان کو حقارت سے دیکھتے تھے“۔ (ابو داؤد کتاب الادب باب فی الغیبة)

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”حسد سے بچو، کیونکہ حسد نیکیوں کو اس طرح بھسم کر دیتا ہے جس طرح آگ ایندھن اور گھاس کو بھسم کر دیتی ہے“۔ (ابو داؤد کتاب الادب باب فی الحسد)

حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”چغل خور جنّت میں داخل نہیں ہوگا“۔
(بخاری کتاب الادب باب ما یکرہ من النمیمة)

پیغام حضورِ انور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

واجعل لي من لدنك سلطانا نصيرا
انا فتحنا لك فتحا مبينا
ولقد نصركم الله ببدر وانتم اذلة
امام جماعتِ احمدیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی عَبْدِہِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّاصر

لندن
4-11-10

مکرمہ صدر صاحبہ لجنہ اماءاللہ آئرلینڈ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کی طرف سے رسالہ ''مریم'' کا پہلا شمارہ ملا۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء۔ ماشاءاللہ آپ نے اس میں معیاری علمی مضامین شامل کئے ہیں اور میرے خطبہ کا بھی کچھ خلاصہ دیا ہے۔ ٹائٹل کور اور تصاویر بھی بہت خوبصورت ہیں۔ اللہ آپ کی کوششوں کو قبول فرمائے اور آپ کی سب معاونات کا حامی و ناصر ہو۔ آمین۔

والسلام

خاکسار

I-8314
8-11-10

خليفة المسيح الخامس

آئرلینڈ

پیغام نیشنل صدر صاحب آئرلینڈ، مکرم ڈاکٹر علیم الدین صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مکرمہ ومحترمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ

اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کی طرف سے خاکسار کو ارشاد موصول ہوا ہے کہ مریم میگزین میں شائع ہونے کے واسطے لجنہ کے لیے کچھ تحریر کروں۔اس سلسلہ میں خاکسار مختصراً لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کی توجہ مندرجہ ذیل باتوں کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہے۔

۱۔ تمام لجنہ اور ناصرات خاص طور پر اس بات کا اہتمام کریں کہ وہ خود بھی پنجوقتہ نمازوں کا اہتمام کریں اور خاص طور پر اپنے بچوں کو اس طرف متوجہ کریں۔اور انہیں نماز کا عادی بنائیں۔سونے سے پہلے ہر روز ان سے سوال کریں کہ دن میں پوری نمازیں ادا کیں ہیں یا نہیں۔

۲۔ بچوں کی تربیت کی طرف بہت توجہ کریں۔ان کے دلوں میں خدا تعالیٰ کی عظمت اور محبت ہمیشہ پیدا کرنے کی کوشش کریں۔اس بات کا جائزہ لیں کہ ہم بچوں کی دنیاوی تعلیم کے لیے جو کوشش کرتے ہیں آیا اسی طرح ان کی روحانی تربیت کے لیے بھی فکرمند ہیں کہ نہیں۔اپنے بچوں کو ہر روز کچھ نہ کچھ دین کے بارے میں بتائیں۔روزانہ جہاں آپ ان کو اہتمام سے تیار کر کے سکول بھجواتی ہیں کیا ایسا ہی اہتمام بچوں کی ہفتہ وار کلاس کے لیے کیا جاتا ہے یا نہیں۔سکول کا ہوم ورک تو ہمیشہ چیک ہوتا ہے کہ بچوں نے کیا ہے یا نہیں۔اسی طرح آپ بچوں کے دینی ہوم ورک کو بھی سنجیدگی سے کرواتی ہیں کہ نہیں۔اگر جواب نہیں میں ہے تو بہت استغفار کر کے اس طرف توجہ کریں۔

ماں کی گود اور تربیت سے بڑھ کر دنیا میں اور کوئی تربیت کی جگہ نہیں۔اگر ہم اس وقت اپنے بچوں کو صحیح معنوں میں احمدی بنا دیں تو نہ صرف وہ خود اس ماحول کے زہریلے اثرات سے بچ جائیں گے بلکہ آئندہ آنے والے سالوں میں جماعت احمدیہ آئرلینڈ کی ترقیات کی بنیاد بھی مستحکم ہوگی انشاء اللہ۔اس لحاظ سے میری یہ خاص درخواست ہے کہ تمام لجنہ جن کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے اولاد کی نعمت سے سرفراز کیا ہے وہ اس طرف خاص توجہ کریں۔

۳۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کو بھیجنے کا ایک مقصد اللہ تعالیٰ کا یہ تھا کہ ایک ایسی جماعت دنیا میں قائم ہو جائے جن کے نمونہ سے دنیا کو خدا یاد آ جائے۔اس لیے باخدا اور خداترس انسان بنیں۔دنیا پرستی اور دنیاوی خواہشات کو ترک کر کے خداپرستی اور دینی مقاصد کو اپنا لائحہ عمل بنائیں۔جماعتی ترقی کے لیے آپس کے بھائی چارے اور دلی محبت کی بہت زیادہ ضرورت ہے دلوں کے کینوں کو دور کر کے ہر دوسری بہن اور بھائی کے لیے دل میں احترام کے جذبات پیدا کریں اور دلوں کو کینوں سے پاک کریں۔اور دل کی مسکین اور حلیم طبع بنیں اور تکبر اور غیبت سے بچیں۔

۴۔ اپنے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کو خود بھی دُعا کے لیے لکھتی رہیں اور اپنے بچوں کو بھی ہر مہینہ کم از کم ایک خط لکھنے کی پابندی کروائیں۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)۔

والسلام

خاکسار

ڈاکٹر علیم الدین

نیشنل صدر آئرلینڈ

اداریہ

بدی پر غیر کی ہر دَم نظر ہے مگر اپنی بدی سے بے خبر ہے

یہ محض خدا تعالیٰ کا فضل اور احسان ہے کہ لجنہ اماءاللہ آئرلینڈ کو اپنا دوسرا شمارہ شائع کرنے کی توفیق مل رہی ہے۔الحمدُللہ۔

اس شمارہ کا عنوان غیبت، بدظنی اور حسد چنا گیا ہے۔غیبت سے بچنے کے حکم میں خواتین پر زور ہے اس لئے ہمیں زیادہ قوت سے اپنا دفاع کرنا ہوگا۔خدا تعالیٰ سے دُعائیں مانگتے ہوئے عہد کریں کہ اس موذی گناہ سے بچتی رہیں گی۔عیوب پر نظر ڈالنی ہے تو اپنے عیوب پر ڈالیں۔غیبت جیسے بد ترین گناہ سے بچنے کے لئے ہر شخص کو غور و فکر کرنی چاہئے۔حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرتؐ نے فرمایا جو شخص دنیا میں کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کی پردہ پوشی کرے گا۔(ترمذی)۔

ایک جگہ آنحضورؐ کا ارشاد ہے کہ جب تم کسی کی کمزوری اُچھالنے لگو تو خود سوچ لو اور پرکھ لو اور اچھی طرح جائزہ لے لو یہ کمزوری خود تمہارے اندر بھی تو نہیں پائی جاتی اور اسی طرح اگر تم محاسبہ کرنے لگو گے تو تمہیں خود اپنے اندر اس قدر کمزوریاں نظر آئیں گی کہ تم جرأت نہیں کرسکو گے کہ دوسرے کی کمزوری سے پردہ اُٹھا سکو۔(بخاری و مسلم)۔

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا آئینہ ہے۔جب انسان آئینہ دیکھتا ہے تو آئینہ اس کی خوبیاں اور خامیاں بتاتا ہے لیکن صرف اس کو جو آئینہ دیکھ رہا ہوتا ہے کسی دوسرے کو نہیں بتاتا کہ اس میں یہ خرابیاں ہیں۔اس حدیث پر عمل کرکے ہم بہت سے برے نتائج سے بچ سکتے ہیں۔

قارئین کرام! آپ سے درخواست ہے کہ براہِ کرم رسالہ مریم میں مضامین یا متعلقہ چیزیں بجھواتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیں کہ مضمون نویسی میں کسی کتاب یا انٹرنیٹ سے کچھ نقل کرتے ہوئے اس کتاب (یا ویب سائیٹ) کا حوالہ ساتھ ضرور لکھیں۔بہتر ہوگا کہ آپ مضمون کے حوالے سے اپنا کوئی ذاتی واقعہ بھی لکھ دیں۔اور کوشش کریں کہ اپنے الفاظ میں مضمون کو ڈھال دیں۔ایسا کرنے سے آپ کے مضمون کو 'چار چاند' لگ جائیں گے۔

قارئین کرام سے دُعا کی درخواست کرتی ہوں، کہ خدا تعالیٰ 'مریم رسالہ' کو بے حد برکتوں سے نوازے اور یہ رسالہ ہمارے گھروں کے لئے روحانی ترقی کا ایک ذریعہ بن سکے۔خدا تعالیٰ سے دُعا ہے کہ یہ رسالہ ہمارے گھروں میں علم کی روشنی پھیلاتا چلا جائے۔آمین

اس رسالہ کی تیاری میں خاکسار مکرمہ محترمہ طیبہ مشہود صاحبہ، صدر لجنہ اماءاللہ آئرلینڈ کی شکرگزار ہے کہ انہوں نے اس رسالہ کی تیاری کے دوران ہر طرح سے مدد فرمائی۔اسی طرح سے خاکسار محترمہ ناجیہ نصرت ملک صاحبہ کی تہہِ دل سے شکرگزار ہے جنہوں نے اس رسالہ کی پروف ریڈنگ کرنے میں مدد فرمائی۔خاکسار اُن سب کی بھی تہہ دل سے شکرگزار ہے جنہوں نے انتہائی خلوص اور جذبہ کے ساتھ تعاون کرنے کی توفیق پائی۔نیز اُن کو بھی خدا تعالیٰ جزاء عطا کرے جنہوں نے مضامین اور دیگر مواد ارسال فرمائے۔(جزاکم اللہ احسن الجزاء)۔

والسلام

خاکسار

راشدہ کرن خان

نیشنل سیکرٹری اشاعت آئرلینڈ و مدیرہ 'مریم'

اقتباس حضرت مسیح موعود علیہ السلام

عورتوں کو نصیحت

جون 1906ء کو ایک دفعہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے اندرونِ خانہ عورتوں کو نصیحت کی:۔

''غیبت کرنے والے کی نسبت قرآن کریم میں ہے کہ وہ مردہ بھائی کا گوشت کھاتا ہے، عورتوں میں یہ بیماری بہت ہے، آدھی رات تک بیٹھی غیبت کرتی رہتی ہیں۔ اور صبح اُٹھ کر وہی کام شروع کر دیتی ہیں لیکن اس سے بچنا چاہئے۔ عورتوں کی خاص سورت قرآن شریف میں ہے، حدیث میں آیا ہے کہ آنحضورؐ نے فرمایا کہ میں نے بہشت میں دیکھا کہ فقیر زیادہ تھے اور دوزخ میں دیکھا کہ عورتیں بہت تھیں۔

عورتوں میں چند عیب بہت سخت ہیں اور کثرت سے ہیں۔ ایک شیخی کرنا کہ ہم ایسے ہیں اور ایسے ہیں پھر یہ کہ قوم پر فخر کرنا کہ فلاں تو کمینی ذات کی عورت ہے یا فلاں ہم سے نیچی ذات کی ہے پھر یہ کہ اگر کوئی غریب عورت ان میں بیٹھی ہوئی ہے تو اس سے نفرت کرتی ہیں اور اس کی طرف اشارہ شروع کر دیتی کہ کیسے غلیظ کپڑے پہنے ہیں زیور اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔ (ملفوظات جلد پنجم صفحہ ۲۹)

حضور علیہ السلام فرماتے ہیں:

''اے میرے پیارے بھائیو! کوشش کرو متقی بن جاؤ۔ بغیر عمل کے سب باتیں ہیچ ہیں اور بغیر اخلاص کے کوئی عمل مقبول نہیں سو تقویٰ یہی ہے کہ ان تمام نقصانوں سے بچ کر خدا تعالیٰ کی طرف قدم اُٹھاؤ اور پرہیزگاری کی باریک راہوں کی رعایت رکھو سب سے اول اپنے دلوں میں انکسار اور صفائی اور اخلاص پیدا کرو اور سچ مچ دلوں کے حلیم اور سلیم اور غریب بن جاؤ کہ ہر یک خیر اور شر اور شر کا بیج پہلے دل میں ہی پیدا ہوتا ہے۔ اگر تیرا دل شر سے خالی ہے تو تیری زبان بھی شر سے خالی ہوگی اور ایسا ہی تیری آنکھ اور تیرے سارے اعضاء۔ ہر ایک نور یا اندھیرا پہلے دل میں ہی پیدا ہوتا ہے اور پھر رفتہ رفتہ تمام بدن پر محیط ہو جاتا ہے۔ سو اپنے دلوں کو ہر دم ٹٹولتے رہو اور جیسا پان کھانے والا اپنے پانوں کو پھیرتا رہتا ہے اور ردی ٹکڑے کو کاٹتا ہے اور باہر پھینکتا ہے اسی طرح تم بھی اپنے دلوں کے مخفی عادات اور مخفی جذبات اور مخفی ملکات کو اپنی نظر کے سامنے پھیرتے رہو اور جس خیال یا عادت یا ملکہ کو ردی پاؤ اس کو کاٹ کر باہر پھینکو، ایسا نہ ہو کہ وہ تمہارے سارے دل کو ناپاک کر دیوے اور پھر تم کاٹے جاؤ۔

(روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۵۴۷، ازالہ وہام صفحہ ۸۲۷)

بد ظنی سے تجسس

اور تجسس سے غیبت کی عادت پیدا ہوتی ہے

بدظنی تجسس اور غیبت کی عادات چھوڑنے کے بارے میں پُر معارف خطاب

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 26 دسمبر ۲۰۰۳ء بمقام بیت الفتوح لندن

چغلی کی عادت سے اجتناب کیلئے ذیلی تنظیموں کو ٹھوس لائحہ عمل تجویز کرنا چاہئے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ ۲۶ دسمبر ۲۰۰۳ء کو بیت الفتوح لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ آپ نے اس خطبہ میں بدظنی، تجسس اور غیبت کی عادت سے اجتناب کرنے کے بارہ میں احباب کو نصائح کیں۔ اس مضمون کی تشریح میں آیت قرآنی، احادیث نبویہ ارشادات حضرت مسیح موعودؑ بھی بیان فرمائے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کا یہ خطبہ ایم ٹی اے کے ذریعہ دنیا بھر میں براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا اور متعدد زبانوں میں رواں ترجمہ بھی نشر ہوا۔

حضورِ انور نے خطبہ کے آغاز میں سورۃ الحجرات آیت ۱۳ کی تلاوت فرمائی جس کا ترجمہ ہے: ’اے لوگو جو ایمان لائے ہو۔ ظن سے بکثرت اجتناب کیا کرو۔ یقیناً بعض ظن گناہ ہوتے ہیں اور تجسس نہ کیا کرو۔ اور تم میں سے کوئی کسی دوسرے کی غیبت نہ کرے۔ کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے؟ پس تم اس سے سخت کراہت کرتے ہو۔ اور اللہ کا تقویٰ اختیار کرو۔ یقیناً اللہ توبہ قبول کرنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے‘۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہمارے معاشرے میں بعض برائیاں ایسی ہیں جو بظاہر چھوٹی نظر آتی ہیں لیکن معاشرے پر ان کے اثرات بہت برے پڑتے ہیں اور وہ برائیاں معاشرے میں فساد برپا کر دیتی ہیں۔ انہی برائیوں میں بدظنی، تجسس اور غیبت کی عادت بھی ہے۔ غیبت کو مردہ بھائی کا گوشت کھانے کے مترادف قرار دیا گیا ہے کوئی ظالم سے ظالم شخص بھی یہ پسند نہیں کرتا کہ وہ مردہ بھائی کا گوشت کھائے بلکہ اس تصور سے ہی کراہت آتی ہے لیکن اس کے بالمقابل حساس طبیعتوں کے مالک لوگ بھی مجلسوں میں بیٹھ کر چغلیاں اور غیبتیں کر رہے ہوتے ہیں۔

مرے ہوئے جانور کو جس کا پیٹ پھول چکا ہو، اس میں سے سخت بو آ رہی ہو، تعفن پیدا ہو رہا ہو، اس کو بعض طبیعتیں دیکھ بھی نہیں سکتیں، کجا یہ کہ اس کا گوشت کھایا جائے۔ لیکن ایسی ہی بظاہر حساس طبیعتیں جو مردہ جانوروں کو تو دیکھ نہیں سکتیں۔ اس کی بد بو بھی برداشت نہیں کر سکتیں، قریب سے گزر بھی نہیں سکتیں۔ لیکن مجلسوں میں بیٹھ کر غیبت اور چغلیاں اس طرح کر رہے ہوتے ہیں جیسے کوئی بات نہیں تو یہ بڑے خوف کا مقام ہے۔

ہر ایک کو اپنا محاسبہ کرتے رہنا چاہئے۔ اب یہ بھی اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ وہ اپنے بندوں پر کتنا مہربان ہے، کہ فرمایا اگر اس قسم کی باتیں پہلے کر بھی چکے ہو تو استغفار کرو، اللہ کا تقویٰ اختیار کرو، اپنے رویّے درست کرو، میں یقیناً بہت رحم کرنے والا، توبہ قبول کرنے والا ہوں۔ مجھ سے بخشش مانگو تو میں رحم کرتے ہوئے تمہاری طرف متوجہ ہوں گا۔

غیبت کیا ہے؟

بعض لوگ غیبت اور چغلی کی گہرائی کا علم نہیں رکھتے۔ ان کو سمجھ نہیں آتی کہ کیا بات چغلی ہے، کیا غیبت ہے۔ بعض اوقات سمجھ نہیں رہے ہوتے کہ یہ چغلی ہے کہ نہیں۔ بعض دفعہ باتوں کو مذاق سمجھا جاتا ہے لیکن وہ چغلی اور غیبت کے زمرے میں آتی ہے۔ اس لئے اس کو میں تھوڑی سی وضاحت سے کھولتا ہوں۔

علامہ آلوسی و لا یغتب بعضکم بعضا کی تفسیر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:۔ ’’اس کا مطلب یہ ہے کہ تم میں سے کوئی شخص دوسرے افراد سے ایسی بات نہ کرے جو وہ اپنے بارے میں اپنی غیر موجودگی میں کئے جانے کو ناپسند کرتا ہے... اور جو چیز وہ ناپسند کرے اس سے مراد عمومی طور پر یہ ہے کہ وہ باتیں اس کے دین کے بارہ میں یا اس کی دنیا کے بارے میں کی جائیں، اس کی دنیاوی حالت کے بارے میں کی جائیں۔ اس کے مال یعنی امیری غریبی کے بارے میں کی جائیں۔ یا اس کی شکل وصورت کے بارہ میں کی جائیں، یا اس کے اخلاق کے بارہ میں کی جائیں۔ یا اس کی اولاد کے بارے میں کی جائیں، یا اس کی بیوی کے

بارے میں کی جائیں، یا اس کے غلاموں اور خادموں کے بارہ میں کی جائیں، یا اس کے لباس کے بارہ میں اور اس کے متعلقات کے بارہ میں ہوں۔''

(روح المعانی)

جو بات اپنے لئے پسند نہ ہو وہ اپنے بھائی کے لئے بھی پسند نہ کریں:

پھر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے فرمایا یہ ساری باتیں ایسی ہیں کہ اگر کسی کے پیچھے کی جائیں تو وہ ناپسند کرتا ہے اب دیکھ لیں کہ اکثر ایسی مجلسوں کا محور یہی باتیں ہوتی ہیں۔ دوسرے کے بارہ میں تو کر رہے ہوتے ہیں۔لیکن اپنے بارہ میں کی جائیں تو ناپسند کرتے ہیں۔اور پھر جب باتیں ہو رہی ہوتی ہیں تو ایسے بے لاگ تبصرے ہو رہے ہوتے ہیں۔جیسا کہ میں نے کہا کہ اگر ان کے بارہ میں یہ پتہ لگ جائیں کہ فلاں فلاں مجلس میں اُن کے بارہ میں بھی ایسی باتیں ہوئی ہیں تو برا لگتا ہے، برداشت نہیں کر سکتے،فوراً مرنے مارنے پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔اس لئے جو باتیں وہ اپنے لئے پسند نہیں کرتے، وہ اپنے بھائی کے لئے بھی پسند نہ کریں۔جن باتوں کا ذکر اپنے لئے مناسب نہیں سمجھتے کہ مجلسوں میں ہوں، اپنے بھائی کے لئے بھی وہی پسند کریں کہ اس کا ذکر بھی اس طرح مجلسوں میں نہ ہو۔

عارضی مزے کے لئے اپنی جنت کو ضائع مت کریں:

فرمایا اب بعض لوگ اس لئے تجسس کر رہے ہوتے ہیں۔ مثلاً عمومی زندگی میں مزے لیتے ہیں۔ دفتروں میں کام کرنے والے ساتھ کام کرنے والے اپنے ساتھی کے بارہ میں، یا دوسری کام کی جگہ کارخانوں وغیرہ میں کام کرنے والے اپنے ساتھیوں کے بارہ میں کہ اس کی کوئی کمزوری نظر آئے اور اس کمزوری کو پکڑیں اور افسروں تک پہنچائیں۔تا کہ ہم خود افسروں کی نظر میں ان کے خاص آدمی ٹھہریں۔

یاد رکھنا چاہئے کہ ایسے لوگوں کے بارہ میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا ایسے لوگوں کا کبھی بھی جنت میں دخل نہیں ہوگا۔ ایسے لوگ کبھی بھی جنت میں نہیں جائیں گے۔تو کون عقلمند آدمی ہے جو ایک عارضی مزے کے لئے، دنیاوی چیز کے لئے، ذرا سی باتوں کا مزہ لینے کے لئے اپنی جنت کو ضائع کرتا پھرے۔

چغلی سے اجتناب کیلئے ذیلی تنظیموں کو ٹھوس لائحہ عمل کی تجویز:

حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے ملفوظات جلد ۸ صفحہ ۴۴۱ (جدید ایڈیشن) کے حوالے سے غیبت کا مرض عورتوں میں زیادہ پایا جاتا ہے فرمایا:

یہ تو اس زمانے کی عورتوں کا حال تھا۔حضرت مسیح موعود کی جماعت میں شامل ہو کر بہت بڑی تعداد عورتوں کی اس بیماری سے پاک ہو گئی ہے اور اپنے آپ کو دین کی خدمت کے لئے پیش کرتی ہیں اور بعض تو دین کی خدمت کے معاملے میں اور اس جذبے میں مردوں سے بھی آگے ہیں۔

لیکن دیہاتوں میں بعض شہروں میں بھی جہاں عورتیں نہ دین کی خدمت کر رہی ہیں نہ کوئی اور ان کو کام ہے، اس غیبت کی بیماری میں مبتلا ہیں۔

نظام جماعت کو چاہئے، خدام، لجنہ وغیرہ کو اس بارہ میں فعال ہونا چاہئے کیونکہ یہ بیماری دیہاتی، اَن پڑھ اور فارغ عورتوں میں زیادہ ہے اس لئے لجنہ کو خاص طور پر دنیا میں ہر جگہ لائحہ عمل اس کے لئے تجویز کرنا چاہئے۔ پھر ان باتوں کے علاوہ جن کی نشاندہی حضرت مسیح موعودؑ نے فرمائی ہے۔ یہ بھی بیماری پیدا ہو گئی ہے کہ فارغ وقت میں اسی طرح لوگوں کے گھروں میں بے وقت چلی جاتی ہیں اور اگر کسی غریب نے اپنے سفید پوشی کا بھرم قائم رکھا ہوا ہے اس طرح اندر گھستی ہیں گھروں میں کہ اُن کے کچن تک میں چلی جاتی ہیں۔کھانوں کی ٹوہ لگاتی ہیں کہ کیا پکایا ہے کیا نہیں پکا۔اور پھر بجائے ہمدردی کے یا اُن کی مدد کرنے کے یا کم از کم اُن کے لئے دُعا کرنے کے مجلسوں میں باتیں کی جاتی ہیں کہ پیسے بچاتی ہے۔سالن کی جگہ چٹنی بنائی ہوئی ہے۔یا پھر اتنا تھوڑا سالن تھا، کنجوس ہے۔ وہ کنجوس ہے یا جو بھی، اپنا گھر چلا رہی ہے۔جس طرح بھی چلا رہی ہے تمہارا کیا کام ہے کہ کسی کے گھر کے اندر گھس کر اس کے عیب تلاش کرو۔گو جماعت میں ایسے لوگوں کی تعداد انتہائی کم ہے، معمولی ہے، پھر بھی فکر کی بات ہے کیونکہ جس معاشرے میں ہم رہ رہے ہیں وہ ایسا ہی ہے اور یہ معاشرہ بہر حال اثر انداز ہوتا ہے۔اور یہ باتیں بڑھنے کا خطرہ ہوتا ہے۔

غیبت کرنے والے کی نیکیاں نامہءاعمال سے نکال دی جائیں گی:

دیکھیں غیبت کی وجہ سے وہ تمام نیک کام نماز، روزے، صدقے، کسی غریب کی خدمت کرنا، سب نیکیاں نامہ اعمال سے مٹا دی گئیں۔صرف اس لئے کہ وہ لوگوں کی غیبت کرتا تھا۔اس بارہ میں جتنی احادیث پڑھیں، خوف بڑھتا چلا جاتا ہے اس کا ایک ہی علاج ہے کہ آدمی ہر وقت استغفار کرتا رہے۔

جس کے پاس چغلی کی جائے اُسے چاہئے کہ وہ چغل خور کی تصدیق نہ کرے:

''امام غزالیؒ کہتے ہیں (اس کا خلاصہ یہ ہے) کہ جس کے پاس چغلی

کی جائے اُسے چاہئے کہ وہ چغل خور کی تصدیق نہ کرے اور نہ جس کے بارے میں چغلی کی گئی ہے اس سے بدظن ہو۔'' (فتح الباری جلد ۱۰ ص ۴۷۳)

یک طرفہ بات سن کر گہرائی میں جا کر تحقیق ضروری ہے:

اب یہ بڑے ہی پتے کی بات ہے جو امام غزالیؒ نے بیان فرمائی ہے اور امیران اور عہدیداران کو خاص طور پر ذہن میں رکھنا چاہئے۔ کبھی بات یک طرفہ سن کر کسی کے خلاف نہیں ہو جانا چاہئے۔ کسی سے بدظن نہیں ہونا چاہئے۔ اور ہمیشہ تحقیق کرنی چاہئے۔ اور صحیح طریقے پر تحقیق کرنی چاہئے۔ گہرائی میں جا کر تحقیق کرنی چاہئے۔ پھر کوئی نتیجہ اخذ کیا جائے اور عموماً یہی ہوتا ہے کہ اکثر تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ جو چغلی کرنے والے ہیں ان لوگوں کی اکثر رپورٹیں ایسی ہوتی ہیں کہ سب کچھ غلط تھا۔ صرف چغلی کی گئی تھی۔ غیبت کی گئی تھی۔ اور مقصد یہ تھا کہ کسی طرح اس کو نقصان پہنچایا جائے۔ پھر یہ بھی ہے کہ آئندہ ایسے شخص سے محتاط رہیں۔ اس کی گواہی قبول نہ کریں۔ اس کی رپورٹ پر کان نہ دھریں۔

کسی کے عیب بیان کرنے سے پہلے اپنے عیبوں پر نظر ڈالو:

''ایک شخص تھا، اس نے کسی دوسرے کو گنہگار دیکھ کر خوب اس کی نکتہ چینی کی اور کہا کہ ''یہ دوزخ میں جائے گا''۔ قیامت کے دن خدا تعالیٰ اس سے پوچھے گا کہ ''کیوں؟ تجھ کو میرے اختیارات کس نے دیئے ہیں۔ جنت اور دوزخ میں بھیجنا تو میرا کام ہے، دوزخ اور بہشت میں بھیجنے والا تو میں ہی ہوں، تو کون ہے؟''

تو جس نے نکتہ چینی کی تھی اور اپنے آپ کو نیک سمجھتا تھا اس شخص کو کہا کہ ''جا، میں نے تجھے دوزخ میں ڈالا اور یہ گنہگار بندہ جس کو تو گلہ کیا کرتا تھا، کہ یہ ایسا ہے ویسا ہے اور دوزخ میں جائے گا۔ اس کو میں نے بہشت میں بھیج دیا۔'' جنت میں بھیج دیا تو فرماتے ہیں کہ ''ہر ایک انسان کو سمجھنا چاہئے کہ ایسا نہ ہو کہ میں ہی اُلٹا شکار ہو جاؤں۔'' (ملفوظات جلد پنجم صفحہ ۱۰۱ مطبوعہ ربوہ)

آج بھی لوگ ایسی باتیں کر جاتے ہیں فلاں شخص تو بڑا گندہ ہے، گنہگار ہے، جہنمی ہے، پھر بعض اپنی بزرگی جتانے کے لئے اس قسم کی باتیں کر رہے ہوتے ہیں کہ پہلے تو کُرید کُرید کر کسی کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ فلاں نیکی تم نے کی، نماز پڑھی، یہ کیا، وہ کیا، نمازوں میں دُعائیں کرتے ہو، کس طرح کرتے ہو، رقت طاری ہوتی کہ نہیں، رونا آتا ہے کہ نہیں، حوالہ دیا کہ جس کو رونا نہیں آیا اس کا دل سخت ہو گیا تو یہ چیزیں پوچھتے ہیں۔ پہلے کرید کرید کر جو بالکل غلط چیز ہے۔ یہ بندے اور خدا کا معاملہ ہے، انفرادی طور پر کسی سے پوچھنے کا حق نہیں ہے۔ عموماً ایک نصیحت کی جاتی ہے جلسوں میں، خطبوں میں، کہ اس طرح نماز پڑھنی چاہئے۔ تو ہر شخص کا کام نہیں ہے کہ کُرید کُرید کر پوچھے اور پھر جب اس کی حالت کا پتہ کرلے تو یہ کہے کہ تم اتنے دن سے نماز میں روئے نہیں، تمہیں رقت طاری ہوئی، تم نے اپنے آپ کو ہلاک کر لیا، یا ہلاکت میں ڈال لیا تو ایسے لوگوں کو حضرت مسیح موعودؑ کی یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ خدا کے اختیار ان کو نہیں ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ تمہارے رونے کو خدا تعالیٰ ردّ کر دے اور اس کے نہ رونے کو قبول کرلے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں ان نصائح پر عمل کرنے کی توفیق دے اور غیبت جو ایسی بیماری ہے جو بعض دفعہ غیر محسوس طریق پر اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے اس سے سب کو بچائے۔ بہرحال جس طرح فرمایا ہے کہ استغفار کی بہت زیادہ ضرورت ہے اور اللہ تعالیٰ ہماری بخشش کے سامان پیدا فرمائے اور ہماری توبہ قبول فرمائے۔ آمین

☆☆☆☆☆

غیبت ڈاکہ ڈالنے سے بھی بڑا گناہ ہے

ایک صاحب کہہ رہے تھے کہ ڈاکہ ڈالنا غیبت کرنے کی نسبت کم درجہ کا گناہ ہے۔ میں ان کی بات سُن رہا تھا۔ سمجھا کہ مذاق کر رہے ہیں۔ لیکن جب انہیں اپنے قول میں سنجیدہ پایا تو پوچھا کہ اے صاحب یہ آپ کیا فرما رہے ہیں؟ بھلا ڈاکہ زنی غیبت سے کیسے اچھی ہوگی۔ انہوں نے کہا بھائی تم جانتے ہو، ڈاکو بہادری سے آگے آتے ہیں اور للکار کر حملہ کرتے ہیں۔ ان کی روزی گو حرام سہی لیکن اس کے حصول کے لئے ان کے تیور اور زورِ بازو کا بڑا دخل ہوتا ہے اس کے برعکس پیٹھ پیچھے برائی کرنے والا بزدل ہوتا ہے وہ اپنا نامۂ اعمال تو سیاہ کر لیتا ہے لیکن اسے حاصل کچھ نہیں ہوتا۔

(حکایاتِ سعدیؒ روزنامہ الفضل ۱۳ جون ۱۹۹۸ء)

بدظنّی سے بچو

اگر دل میں تمہارے شر نہیں ہے
تو پھر کیوں ظنّ بد سے ڈر نہیں ہے

کوئی جو ظنّ بد رکھتا ہے عادت
بدی سے خود وہ رکھتا ہے ارادت

گمان بد شیاطیں کا ہے پیشہ
نہ اہل عفت و دیں کا ہے پیشہ

تمہارے دل میں شیطاں دے ہے بچے
اسی سے ہیں تمہارے کام کچے

وہی کرتا ہے ظنّ بد بلا ریب
کہ جو رکھتا ہے پردہ میں وہی عیب

وہ فاسق ہے کہ جس نے رہ گنوایا
نظر بازی کو اک پیشہ بنایا

مگر عاشق کو ہر گز بد نہ کہیو
وہاں بد ظنیّوں سے بچ کے رہیو

اگر عشّاق کا ہو پاک دامن
یقیں سمجھو کہ ہے تریاق دامن

مگر مشکل یہی ہے درمیاں میں
کہ گل بے خار کم ہیں بوستاں میں

تمہیں یہ بھی سناؤں اس بیاں میں
کہ عاشق کس کو کہتے ہیں جہاں میں

وہ عاشق ہے کہ جس کو حسب تقدیر
محبت کی کماں سے آ لگا تیر

نہ شہوت ہے نہ ہے کچھ نفس کا جوش
ہوا الفت کے پیا نوں سے مد ہوش

لگی سینہ میں اس کے آگ غم کی
نہیں اسکو خبر کچھ پیچ و خم کی

منقول از مسوّدات حضرت مسیح موعود علیہ السلام

دُعا کی اہمیت اور آداب

شازیہ مظفر۔ڈبلن

دُعا کا میدان بڑا وسیع ہے اور اس کے کچھ اصول و آداب ہیں جن کو سمجھنے کے لئے وقت اور صبر کی ضرورت ہے۔ سننا اور قبول کرنا اللہ تعالیٰ کی دو بہت ہی پیاری صفات ہیں۔ ہمارا زندہ خدا پہلے بھی دعاؤں کو سنتا اور قبول کرتا تھا آج بھی کرتا ہے اور کرتا رہے گا، کیونکہ وہ ہمیشہ قائم رہنے والی صفات کا مالک ہے۔ بندہ جو بھی دعا کرتا ہے اسے اپنے لئے مفید سمجھ کر کرتا ہے لیکن اصل حقیقت کا علم اللہ تعالیٰ کو ہوتا ہے جو دعائیں اللہ تعالیٰ کی نظر میں مفید ہوں انہیں مناسب وقت آنے پر ضرور قبول کرتا ہے۔ دعا کی قبولیت کے لئے دعا کے آداب کو سمجھنا اور ان پر عمل کرنا ضروری ہے۔ دعا کے آداب کا مضمون بہت وسیع ہے۔ اس جگہ ہم اپنی استعداد کے مطابق کچھ اہم امور تحریر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت سے کبھی مایوس نہ ہوں اور دعا کرتے کرتے تھک کر بیٹھ نہ جائیں بلکہ زندگی کے آخری سانس تک دعائیں کرتے رہیں۔ اس یقین اور امید کے ساتھ کہ مناسب وقت آنے پر دعا ضرور قبول ہو جاتی ہے۔ اس یقین کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ قادر و توانا ہے اور عظیم الشان قدرتوں کا مالک ہے اور اس کے لئے کوئی چیز ناممکن نہیں بلکہ انسان کے نزدیک جو ناممکن ہوتا ہے اسے وہ دعا کے نتیجہ میں ممکن بنا دیتا ہے۔

ہمیں سب سے بڑھ کر اسی پر بھروسہ کرنا چاہئے اور اس بات پر کامل یقین رکھیں کہ جو مستحق ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اسے ضرور عطا کرتا ہے۔ افسوس کہ بہت سے لوگ بے صبری اور ناشکری دکھاتے اور جلد گھبرا جاتے ہیں اور یوں دعائیں کرنا چھوڑ کر مایوسی اور نادانی کے راستہ پر لوٹ جاتے ہیں لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ انسان اللہ تعالیٰ کے پیدا کردہ اسباب اور اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ صلاحیتوں سے کام لینا چھوڑ دے بلکہ ضروری ہے کہ اللہ پاک نے جو نعمتیں ہمارے لئے پیدا کی ہیں ہم اپنی طاقت کے مطابق ان سے پورا پورا کام لیں۔

جہاں تک کوشش کرنے کا تعلق ہے اس کا پورا حق ادا کریں اور پھر اللہ پاک کے حضور دعا بھی کریں۔ کچھ لوگ اصل حاجت روا مالک حقیقی کو چھوڑ کر خود ساختہ خداؤں کے پیچھے چل پڑتے ہیں۔ ان شعبدہ بازوں، جادوگروں، ڈبہ پیروں اور ڈرامے باز لوگوں کے پیچھے جانے اور موٹی موٹی فیسیں ادا کرنے کے بجائے اللہ تعالیٰ کے حضور جھکیں اور اس سے مانگیں۔ بھلا عاجز انسان کسی کو کیا دے سکتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ انسان خود اللہ تعالیٰ کے در پر حاضری دے اور اس سے مانگے جو ایسے خزانوں کا مالک ہے جن میں کبھی کمی واقع نہیں ہوتی اور جہاں ہمیں کوئی فیس ادا نہیں کرنی پڑتی۔ ایسے لوگ جو خود دولت اور دنیا کے بھوکے ہوں ان کا اللہ تعالیٰ سے کیا تعلق ہو سکتا ہے۔

مخلوق کا حق دبانے والا ظالم ہے اور ظالم کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہونے اور دعائیں مانگنے سے ایک انعام تو ہر دفعہ اسی وقت حاصل ہو جاتا ہے یعنی ذہنی اور قلبی سکون۔ یہ بھی دعا کرنی چاہئے کہ اے مالک کل مجھے نیک لوگوں کا ماحول عطا فرما اور ایسے ماحول کی تلاش بھی جاری رکھیں جہاں اچھے لوگ آباد ہوں اور خوب سے خوب تر کی جدوجہد کرتے رہیں۔ یاد رکھیں دنیا میں ہر قسم کے لوگ آباد ہیں، اچھے بھی اور برے بھی، جب آپ برے لوگوں کی سوسائٹی سے دور رہیں گے تو اللہ تعالیٰ آپ کو نیک لوگوں کا ماحول عطا فرمائے گا اور اچھے کاموں کی توفیق بخشے گا۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں۔ ”جس طرح خدا تعالیٰ کی کتابوں میں نیک اور بد انسان میں فرق کیا گیا ہے اور ان کے جدا جدا مقام ٹھہرائے ہیں اس طرح خدا تعالیٰ کے قانون قدرت میں ان دو انسانوں میں بھی فرق ہے جن میں سے ایک خدا تعالیٰ کو چشمہ فیض سمجھ کر بذریعہ حالی اور قالی دعاؤں کے اس سے قوت اور امداد مانگتا اور دوسرا صرف اپنی تدبیر اور قوت پر بھروسہ کر کے دعا کو قابل مضحکہ سمجھتا ہے بلکہ خدا تعالیٰ سے بے نیاز اور متکبرانہ حالت میں رہتا ہے۔ جو شخص مشکل اور مصیبت کے وقت خدا سے دعا کرتا اور اس سے حلِ مشکلات چاہتا ہے وہ بشرطیکہ دعا کو کمال تک پہنچا دے خدا تعالیٰ سے اطمینان اور حقیقی خوشحالی پاتا ہے۔ اگر بالفرض وہ مطلب اس کو نہ ملے تب بھی کسی اور قسم کی تسلی اور سکینت خدا تعالیٰ کی طرف سے اس کو عنایت ہوتی ہے اور وہ ہرگز ہرگز نامراد نہیں رہتا۔ اور علاوہ کامیابی کے ایمانی قوت اس کی ترقی پکڑتی ہے اور یقین بڑھتا ہے لیکن جو شخص دعا کے ساتھ خدا تعالیٰ کی طرف منہ نہیں کرتا وہ

ہمیشہ اندھا رہتا ہے اور اندھا مرتا ہے۔ اور ہماری اس تقریر میں ان نادانوں کا جواب کافی طور پر ہے جو اپنی نظر خطا کار کی وجہ سے یہ اعتراض کر بیٹھتے ہیں کہ بہتیرے ایسے آدمی نظر آتے ہیں کہ باوجود اس کے کہ وہ اپنے حال اور قال سے دعا میں فنا ہوتے ہیں پھر بھی اپنے مقاصد میں نامراد رہتے اور نامراد مرتے ہیں اور بمقابل ان کے ایک اور شخص ہوتا ہے کہ نہ دعا کا قائل نہ خدا کا قائل وہ ان پر فتح پاتا ہے اور بڑی بڑی کامیابی اس کو حاصل ہوتی ہے۔ سو جیسا کہ ابھی میں نے اشارہ کیا ہے اصل مطلب دعا سے اطمینان اور تسلی اور حقیقی خوشحالی کا پانا ہے۔ اور یہ ہرگز صحیح نہیں کہ ہماری خوشحالی کس امر میں ہے وہ کامل دعا کے بعد ہمیں عنایت کر دیتا ہے۔

جو شخص روح کی سچائی سے دعا کرتا ہے وہ ممکن نہیں کہ حقیقی طور پر نامراد رہ سکے بلکہ وہ خوشحالی جو نہ صرف دولت سے مل سکتی ہے اور نہ حکومت سے اور نہ صحت سے بلکہ خدا کے ہاتھ میں ہے۔ جس پیرایہ میں چاہے وہ عنایت کر سکتا ہے ہاں وہ کامل دعاؤں سے عنایت کی جاتی ہے۔ اگر خدا تعالیٰ چاہتا ہے تو ایک مخلص صادق کو عین مصیبت کے وقت میں دعا کے بعد وہ لذت حاصل ہو جاتی ہے جو ایک شہنشاہ کو تخت شاہی پر حاصل نہیں ہو سکتی۔ سو اسی کا نام حقیقی مرادیابی ہے جو آخر دعا کرنے والوں کو ملتی ہے اور ان کی آفات کا خاتمہ بڑی خوشحالی کے ساتھ ہوتا ہے لیکن اگر اطمینان اور سچی خوشحالی حاصل نہیں ہوئی تو ہماری کامیابی بھی ہمارے لئے ایک دکھ ہے۔ سو یہ اطمینان اور روح کی سچی خوشحالی تدابیر سے ہرگز نہیں ملتی بلکہ محض دعا سے ملتی ہے۔ مگر جو لوگ خاتمہ پر نظر نہیں رکھتے وہ ایک ظاہری مرادیابی یا نامرادی دیکھ کر مدار فیصلہ اسی پر ٹھہرا دیتے ہیں۔ اور اصل بات یہ ہے کہ خاتمہ بالخیر ان ہی کا ہوتا ہے جو خدا سے ڈرتے اور دعا میں مشغول ہوتے ہیں اور وہی بذریعہ حقیقی اور مبارک خوشحالی کے سچی مرادیابی کی دولت عظمیٰ پاتے ہیں۔" (ایام صلح صفحہ ۱۰ تا ۱۲)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام مزید فرماتے ہیں۔ "جب انسان اخلاص اور توحید اور محبت اور صدق اور صفا کے قدم سے دعا کرتا کرتا فنا کی حالت تک پہنچ جاتا ہے تب وہ زندہ خدا اس پر ظاہر ہوتا ہے جو لوگوں سے پوشیدہ ہے۔ دعا کی ضرورت نہ صرف اس وجہ سے ہے کہ ہم اپنے دنیوی مطالب کو پاویں بلکہ کوئی انسان بغیر ان قدرتی نشانوں کے ظاہر ہونے کے، جو دعا کے بعد ظاہر ہوتے ہیں اس سچے ذوالجلال خدا کو پا ہی نہیں سکتا جس سے بہت سے دل دُور پڑے ہیں۔

نادان خیال کرتا ہے کہ دعا ایک لغو اور بیہودہ امر ہے مگر اسے معلوم نہیں کہ صرف ایک دعا ہی ہے جس سے خداوند ذوالجلال ڈھونڈنے والوں پر تجلّی کرتا اور انا القادر کا الہام ان کے دلوں پر ڈالتا ہے۔ ہر ایک یقین کا بھوکا اور پیاسا یاد رکھے کہ اس زندگی میں روحانی روشنی کے طالب کے لئے صرف دعا ہی ایک ذریعہ ہے جو خدا تعالیٰ کی ہستی پر یقین بخشتا اور تمام شکوک و شبہات دور کر دیتا ہے۔ کیونکہ جو مقاصد بغیر دعا کے کسی کو حاصل ہوں وہ نہیں جانتا کہ کیونکر اور کہاں سے اس کو حاصل ہوئے بلکہ صرف تدبیروں پر زور مارنے والا اور دعا سے غافل رہنے والا یہ خیال نہیں کر سکتا کہ یقیناً وقطعاً خدا تعالیٰ کے ہاتھ نے اس کے مقاصد کو اس کے دامن میں ڈال دیا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جو شخص دعا کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ سے الہام پا کر کسی کامیابی کی بشارت دیتا ہے وہ اس کام کے ہو جانے پر خدا تعالیٰ کی شناخت اور معرفت اور محبت میں آگے قدم بڑھاتا ہے۔ اور اس قبولیت دعا کو اپنے حق میں ایک عظیم الشان نشان دیکھتا ہے اور اسی طرح وقتاً فوقتاً یقین سے پُر ہو کر جذبات نفسانی اور ہر ایک قسم کے گناہ سے ایسا مجتنب ہو جاتا ہے کہ گویا صرف ایک روح رہ جاتا ہے۔ لیکن جو شخص دعا کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ کے رحمت آمیز نشانوں کو نہیں دیکھتا وہ باوجود تمام عمر کی کامیابیوں اور بے شمار دولت اور مال اور اسباب تنعم کے دولت حق الیقین سے بے بہرہ ہوتا ہے اور وہ کامیابیاں اس کے دل پر کوئی نیک اثر نہیں ڈالتیں بلکہ جیسے جیسے دولت اور اقبال پاتا ہے غرور اور تکبر میں بڑھتا جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ پر اگر اس کو کچھ ایمان بھی ہو تو ایسا مردہ ایمان ہوتا ہے جو اس کو نفسانی جذبات سے روک نہیں سکتا اور حقیقی پاکیزگی بخش نہیں سکتا۔" (ایام صلح صفحہ ۱۳، ۱۴) اللہ تعالیٰ ہم سب کو دعا کی اہمیت اور آداب سمجھنے اور ان پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

اعلیٰ اخلاق کے حصول کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَایَھْدِیْ لِاَحْسَنِھَا اِلَّا اَنْتَ
وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَھَا لَا یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَھَا اِلَّا اَنْتَ (ترمذی)

ترجمہ: اے اللہ! احسن اخلاق کی طرف میری راہنمائی کیجئے۔ آپ کے سوا احسن اخلاق کوئی عطا نہیں کر سکتا۔ اور برے اخلاق سے مجھے بچا لیجئے کہ آپ کے سوا اُن سے کوئی نہیں بچا سکتا۔ (آمین یارب العالمین)

اسمِ اعظم

طیبہ مشہود۔ڈبلن

حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام نے ۶ دسمبر۱۹۰۲ء کو تحریر فرمایا:۔

’’رات کو میری ایسی حالت تھی کہ اگر خدا کی وحی نہ ہوتی تو میرے اس خیال میں کوئی شک نہ تھا کہ میرا آخری وقت ہے۔اسی حالت میں میری آنکھ لگ گئی تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک جگہ پرمَیں ہوں اور وہ کوچہ سربستہ سا معلوم ہوتا ہے کہ تین بھینسے آئے ہیں۔ایک اُن میں سے میری طرف آیا تو میں نے اُسے مار کر ہٹا دیا۔پھر دوسرا آیا تو اُسے بھی ہٹادیا۔پھر تیسرا آیا اور وہ ایسا پُرزور معلوم ہوتا تھا کہ میں نے خیال کیا کہ اب اس سے مفر نہیں ہے۔خدا تعالیٰ کی قدرت کہ مجھے اندیشہ ہوا تو اُس نے اپنا منہ ایک طرف پھیر لیا۔میں نے اُس وقت یہ غنیمت سمجھا کہ اس کے ساتھ رگڑ کر نکل جاؤں۔میں وہاں سے بھاگا اور بھاگتے ہوئے خیال آیا کہ وہ بھی میرے پیچھے بھاگے گا مگر مَیں نے پھر نہ دیکھا۔اُس وقت خواب میں خدا تعالیٰ کی طرف سے میرے دل پر مندرجہ ذیل دُعا القا کی گئی:۔

رَبِّ کُلُّ شَیۡیءٍ خَادِمُكَ رَبِّ فَاحۡفَظۡنِیۡ وَ انۡصُرۡنِیۡ وَارۡحَمۡنِیۡ

ترجمہ:۔اے میرے ربّ ہر ایک چیز تیری خادم ہے۔اے میرے ربّ! پس مجھے محفوظ رکھ اور میری مدد فرما اور مجھ پر رحم فرما۔

اور میرے دل میں ڈالا گیا کہ یہ اِسمِ اعظم ہے۔اور یہ وہ کلمات ہیں کہ جو اسے پڑھے گا ہر ایک آفت سے اُسے نجات ہوگی‘‘۔(تذکرہ صفحہ۴۴۳۔۴۴۲)

فرمایا’’یہ دعا ایک حرز اور تعویذ ہے۔۔۔میں اِس دعا کو اب التزاماً ہر نماز میں پڑھا کروں گا۔آپ بھی پڑھا کریں‘‘۔فرمایا:۔’’اس میں بڑی بات جو سچی توحید سکھاتی ہے،یعنی اللہ جلشانہ،کو ہی ضارّ اور نافع یقین دلاتی ہے،یہ ہے کہ اس میں سکھایا گیا ہے کہ ہر شے تیری خادم ہے۔یعنی کوئی موذی اور مُضر شے تیرے ارادے اور اذن کے بغیر کچھ بھی نقصان نہیں کرسکتی۔‘‘(الحکم جلد ۶ نمبر ۴۴ مورخہ ۱۰دسمبر۱۹۰۲ء صفحہ ۱۰)

اس کے بعد حضور علیہ السلام نے اپنے رفقاء کو اپنے خطوط میں رکوع و سجود میں اور قیام میں سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد بتکرار صدقِ دل تذلل اور عجز سے یہ دعا پڑھنے کی تلقین فرمائی۔(مکتوبات جلد۵ حصہ اوّل صفحہ ۳۸)

یہ دعا چونکہ اسمِ اعظم ہے اس لئے جس مقصد یا مسئلہ کو ذہن میں رکھتے ہوئے اس دعا کو صدقِ دل سے بار بار پڑھا جائے تو ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔جب میں سکول میں تھی تو ہماری ایک ٹیچر نے بتایا کہ اگر امتحان کے دوران آپکو کچھ بھول جائے جو آپ نے یاد کیا ہوا تھا تورَبِّ کُلُّ شَیۡیءٍ خَادِمُكَ والی دعا پڑھنی شروع کردو تو بہت جلد آپکو سب کچھ یاد آجائے گا۔اور میں نے بہت مرتبہ اس دعا کے ذریعے وہ سب کچھ لکھا جو لگتا تھا کہ بھول چکی ہوں۔

اسی طرح کسی جماعتی رسالہ میں پڑھا تھا کہ کھانا بناتے وقت اگر یہ دعا پڑھتے رہیں تو کھانے میں اللہ تعالیٰ برکت اور لذّت ڈال دیتا ہے۔اور یہ بھی آزمودہ ہے۔کچھ عرصہ پہلے ایک جماعتی رسالہ میں ایک بہن نے اپنا واقعہ لکھا تھا کہ وہ پاکستان میں کسی کوچ میں اپنی بیٹی کے ساتھ سفر کررہی تھیں کہ ڈاکو لُوٹنے آگئے اور وہ کسی شادی سے واپس آرہی تھیں انکے پاس نقدی اور زیور تھے۔اُنہوں نے ڈاکوؤں کو دیکھ کر یہی دُعا پڑھنی شروع کردی تو خدا کا کرنا کچھ ایسا ہوا کہ اُن ڈاکوؤں نے سب عورتوں کے زیور اُتروائے اور نقدی وصول کی لیکن جب اُن تک پہنچے تو اُن ماں بیٹی سے بغیر کوئی سوال کئے واپس کوچ سے اُتر گئے۔تو اس بہن نے یہ لکھا تھا کہ یہ محض اور محض اُس دعا کی برکت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُن ڈاکوؤں کے شر سے محفوظ رکھا اور وہ واپس مڑ گئے۔

حضرت مولانا محمد ابراہیم بقاپوریؓ بیان کرتے ہیں:۔

ایک دفعہ خاکسار نے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ حضور مجھے نسیان کی بیماری کا غلبہ ہوگیا ہے۔اس پر حضور انور نے فرمایا:

رَبِّ کُلُّ شَیۡیءٍ خَادِمُكَ رَبِّ فَاحۡفَظۡنِیۡ وَ انۡصُرۡنِیۡ وَارۡحَمۡنِیۡ پڑھا کرو‘

اس پر خاکسار نے عمل کیا اور مجھے بہت فائدہ ہوا۔(اصحاب احمد جلد دہم۔صفحہ ۲۵۰)

خاکسارہ نے بارہا اس دعا کو مختلف مواقع پر آزمایا ہے اللہ تعالیٰ ہر مسئلہ کو اس دعا کے ذریعے حل کردیتا ہے۔چونکہ حضرت مسیح موعودؑ کے دل میں خدا تعالےٰ نے ڈالا تھا کہ یہ دعا ’اِسمِ اعظم‘ ہے تو میں سمجھتی ہوں کہ یہ دعا ہر موقع ہر پریشانی ہر مسئلہ کا حل ہے۔میری تمام بہنوں سے درخواست ہے کہ یہ دعا خود بھی یاد کریں اور اپنے بچوں کو بھی یاد کروائیں۔اللہ تعالیٰ ہمیں اس دعا سے حقیقی معنوں میں فائدہ اُٹھانے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔

شرک کے بعد تکبر جیسی اور کوئی بلا نہیں

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں: ''یاد رکھو تکبر شیطان سے آیا ہے اور شیطان بنا دیتا ہے۔ جب تک انسان اس سے دور نہ ہو یہ قبول حق اور فیضان الوہیت کی راہ میں روک بن جاتا ہے۔ کسی طرح سے بھی تکبر نہیں کرنا چاہئے۔ نہ علم کے لحاظ سے، نہ دولت کے لحاظ سے، نہ وجاہت کے لحاظ سے، نہ ذات اور خاندان اور حسب نسب کی وجہ سے۔ کیونکہ زیادہ تر انہی باتوں سے یہ تکبر پیدا ہوتا ہے اور جب تک انسان ان گھمنڈوں سے اپنے آپ کو پاک صاف نہ کرے گا اس وقت تک وہ خدا تعالیٰ کے نزدیک برگزیدہ نہیں ہوسکتا۔ اور وہ معرفت جو جذبات کے مواد ردیہ کو جلا دیتی ہے اس کو عطا نہیں ہوتی کیونکہ یہ شیطان کا حصہ ہے۔ اس کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا۔ شیطان نے بھی تکبر کیا تھا اور آدم سے اپنے آپ کو بہتر سمجھا اور کہہ دیا کہ ''انا خیر منہ خلقتنی من نار و خلقتہ من طین'' ۔اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ خدا تعالیٰ کے حضور مردود ہو گیا۔ اور آدم لغزش پر (چونکہ اسے معرفت دی گئی تھی) اپنی کمزوری کا اعتراف کرنے لگا اور خدا تعالیٰ کے فضل کا وارث ہوا''۔ (ملفوظات جلد ۷ صفحہ ۲۷۵،۲۷۶)

اسی مضمون کو آپ اپنی کتاب ''آئینہ کمالات اسلام'' میں یوں بیان فرماتے ہیں:

''میں سچ سچ کہتا ہوں کہ قیامت کے دن شرک کے بعد تکبر جیسی اور کوئی بلا نہیں۔ یہ ایک ایسی بلا ہے جو دونوں جہانوں میں انسان کو رسوا کرتی ہے۔ خدا تعالیٰ کا رحم ہر ایک موحد کا تدارک کرتا ہے مگر متکبر کا نہیں۔ شیطان بھی موحد ہونے کا دم مارتا ہے مگر چونکہ اس کے سر میں تکبر تھا اور آدم کو جو خدا تعالیٰ کی نظر میں پیارا تھا جب اس نے توہین کی نظر سے دیکھا اور اس کی نکتہ چینی کی اس لئے وہ مارا گیا۔ اور طوق لعنت اس کی گردن میں ڈالا گیا۔ سو پہلا گناہ جس سے ایک شخص ہمیشہ کے لئے ہلاک ہوا تکبر ہی تھا''۔ (آئینہ کمالات اسلام)

حضرت مسیح موعودؑ نے جو تکبر کو تمام شرارتوں کی جڑ قرار دیا اور تکبر کی باریکیوں سے بھی اجتناب کی نصیحت فرمائی ہے تو وہ بھی اپنے آقا و مطاع حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی احادیث کی روشنی میں ہی فرمایا ہے کیونکہ حدیث نبوی ہے۔۔۔

(ترجمہ) جس شخص کے دل میں ذرہ بھر بھی تکبر ہے وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ (مشکوۃ کتاب الادب)

آنحضرت ﷺ نے اس خطرناک بیماری کا ان الفاظ میں ذکر فرمایا ہے۔

''ایاکم والحسد فان الحسد یاکل الحسنات کما تاکل النار الحطب'' (مشکوۃ کتاب الادب)۔ یعنی حسد سے بچو کیونکہ حسد نیکیوں کو ایسے کھا جاتا ہے جیسے کہ آگ ایندھن کو کھا جاتی ہے۔

حضرت مسیح موعودؑ فرماتے ہیں: ''حسد انسان میں ایک بہت برا خلق ہے جو چاہتا ہے کہ ایک شخص سے ایک نعمت زائل ہو کر اس کو مل جائے۔ لیکن اصل کیفیت حسد کی صرف اس قدر ہے کہ انسان اپنے کسی کمال کے حصول میں یہ روا نہیں رکھتا کہ اس کمال میں اس کا کوئی شریک بھی ہو۔ پس درحقیقت یہ صفت خدا تعالیٰ کی ہے جو اپنے تئیں ہمیشہ وحدہ لاشریک دیکھنا چاہتا ہے''۔

(نسیم دعوت، روحانی خزائن جلد ۱۹ صفحہ 390)

سب سے عمدہ دُعا

حضرت مسیح موعودؑ نے یہ حقیقت بھی ہم پر آشکار فرمائی کہ اصل دعا تو رضائے الٰہی کے حصول کی دعا ہے اور زندگی کا اصل مقصود بھی یہی ہے اس لئے اس مقصد کے حصول کے لئے دعا کرنی چاہیئے۔ زندگی کے باقی معاملات خدا ہی حل فرما دیتا ہے۔ فرمایا: ''سب سے عمدہ دعا یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی رضامندی اور گناہوں سے نجات حاصل ہو کیونکہ گناہوں ہی سے دل سخت ہو جاتا اور انسان دنیا کا کیڑا بن جاتا ہے۔ ہماری دعا یہ ہونی چاہیئے کہ خدا تعالیٰ ہم سے گناہوں کو جو دل کو سخت کر دیتے ہیں دور کر دے اور اپنی رضامندی کی راہ دکھلائے''۔ (ملفوظات جلد ۶ص:۳۰)

نکات دانش

☆ مواقع نکل جاتے ہیں مگر مواقع ختم نہیں ہوتے۔

☆ بڑے دل والے ہمیشہ کامیاب ہوتے ہیں، اور چھوٹے دل والے ناکام۔

☆ خاموشی غصہ کی بہترین علاج ہے۔

☆ کامیابی صبر کے اُس پار ہے مگر اکثر لوگ کامیابی اِس پار تلاش کرتے ہیں۔

☆ زندگی کے اخبار میں سب سے اچھا صفحہ بچوں کا ہوتا ہے۔

’یاد رکھو یہ کہانیاں نہیں، یہ واقعات ہیں۔
جولوگ بدظنیاں کرتے ہیں جب تک اپنی نسبت بدظنیاں نہیں سن لیتے، نہیں مرتے‘

’جو غیبت کرتا ہے وہ روزے کیا رکھتا ہے، وہ تو گوشت کے کباب کھاتا ہے اور کباب بھی اپنے مردہ بھائی کے گوشت کے!‘

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کے ارشادات

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ فرماتے ہیں کہ:

’’نصیحت کے طور پر کہتا ہوں کہ اکثر سوءظنیوں سے بچو (بدظنیوں سے بچو)۔اس سے سخت سخن چینی اور عیب جوئی کی عادت پڑتی ہے۔(جب بدظنیاں کرو گے تو عیب تلاش کرنے کی عادت بھی پڑے گی)۔اسی واسطے اللہ کریم فرماتا ہے:

﴿وَ لَا تَجَسَّسُوْا﴾ تجسس نہ کرو۔تجسس کی عادت بدظنی سے پیدا ہوتی ہے۔

جب انسان کسی کی نسبت سوءظن کرتا ہے یا بدظنی کرتا ہے تو اس کی وجہ سے ایک خراب رائے قائم کر لیتا ہے تو پھر کوشش کرتا ہے کہ کسی نہ کسی طرح اس کے کچھ عیب بھی مجھے مل جاویں۔اس کی کچھ برائیاں بھی نظر آجائیں۔اور پھر عیب جوئی کی کوشش کرتا اور اسی جستجو میں مستغرق رہتا ہے۔یعنی کہ اتنا ڈوب جاتا ہے عیب کی تلاش میں کہ جس طرح کوئی بہت اہم کام کر رہا ہے۔اور یہ خیال کر کے کہ اس کی نسبت مَیں نے جو یہ خیال ظاہر کیا ہے اگر کوئی پوچھے تو پھر اس کو کیا جواب دوں گا‘‘۔یعنی یہ سوچتا رہتا ہے کہ میں ایک دفعہ اس کے بارہ میں ایک رائے قائم کر چکا ہوں اگر کوئی اس کی دلیل مانگے تو تمہارے پاس اس کی برائی کا ثبوت کیا ہے تو جواب کیا دوں گا۔تو اس جواب کو تلاش کرنے کے لئے مستقل اس جستجو میں رہتا ہے، اس کوشش میں رہتا ہے کہ اس کی مزید برائیاں نظر آئیں۔

تو فرماتے ہیں کہ ’’اپنی بدظنی کو پورا کرنے کے لئے تجسس کرتا ہے، پھر تجسس سے غیبت پیدا ہوتی ہے جیسے اللہ کریم نے فرمایا کہ ﴿وَ لَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا﴾ غرض خوب یاد رکھو سوءظن سے تجسس اور تجسس سے غیبت کی عادت شروع ہوتی ہے۔

اگر ایک شخص روزے بھی رکھتا ہے اور غیبت بھی کرتا ہے اور نکتہ چینی میں مشغول رہتا ہے تو وہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھاتا ہے جیسے فرمایا ﴿اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ﴾ اب جو غیبت کرتا ہے وہ روزے کیا رکھتا ہے، وہ تو گوشت کے کباب کھاتا ہے اور کباب بھی اپنے مردہ بھائی کے گوشت کے اور یہ بالکل سچی بات ہے کہ غیبت کرنے والا حقیقت میں ایسا بدآدمی ہے جو اپنے مردہ بھائی کے کباب کھاتا ہے۔مگر یہ کباب ہر ایک آدمی نہیں دیکھ سکتا۔ایک صوفی نے کشف میں دیکھا کہ ایک شخص نے کسی کی غیبت کی ہے۔جب اس سے قے کرائی گئی تو اس کے اندر سے بوٹیاں نکلیں جن میں سے بدبو آتی تھی‘‘۔کتنی کراہت والی چیز ہے یہ لیکن جب کر رہا ہوتا ہے تو پتہ نہیں لگتا۔ پھر فرمایا کہ ’’یاد رکھو یہ کہانیاں نہیں، یہ واقعات ہیں۔جو لوگ بدظنیاں کرتے ہیں جب تک اپنی نسبت بدظنیاں نہیں سن لیتے، نہیں مرتے۔

حضرت خلیفۃ المسیح اولؓ فرما رہے ہیں وہ اس حدیث کی روشنی میں ہے کہ ’’حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک دفعہ منبر پر کھڑے ہو کر بآواز بلند فرمایا کہ: ’’اے لوگو! تم میں سے بعض بظاہر مسلمان ہیں لیکن ان کے دلوں میں ابھی ایمان راسخ نہیں ہوا۔انہیں میں متنبہ کرتا ہوں کہ وہ مسلمانوں کو طعن و تشنیع کے ذریعہ تکلیف نہ دیں اور نہ ان کے عیبوں کا کھوج لگاتے پھریں۔ورنہ یاد رکھیں کہ جو شخص کسی کے عیب کی جستجو میں ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے اندر چھپے عیوب کو لوگوں پر ظاہر کر کے اس کو لوگوں میں ذلیل اور رسوا کر دیتا ہے‘‘۔(ترمذی ابواب البر والصلۃ باب ما جاء فی تعظیم المومن)

حضرت خلیفۃ المسیح الاولؓ فرماتے ہیں کہ:

اس لئے مَیں تمہیں نصیحت کرتا ہوں اور درد دِل سے کہتا ہوں کہ غیبتوں کو چھوڑ دو۔بغض اور کینے سے اجتناب کرو اور بکلی پرہیز کرو اور بالکل الگ تھلگ رہو، اس سے بڑا فائدہ ہوگا۔........

انسان خود بخود اپنے آپ کو پھندوں میں پھنسا لیتا ہے ورنہ بات سہل ہے، بڑی آسان بات ہے۔جو لڑکے دوسروں کی نکتہ چینیاں اور غیبتیں کرتے ہیں اللہ کریم

ان کو پسند نہیں کرتا۔ اگر کسی میں کوئی غلطی دیکھو تو خدا تعالیٰ اس کو راہ راست پر چلنے کی توفیق دیوے۔

یاد رکھو اللہ کریم ﴿توَّابٌ رَّحِیمٌ﴾ ہے وہ معاف کر دیتا ہے۔

جب تک انسان اپنا نقصان نہ اٹھائے اور اپنے اوپر تکلیف گوارا نہ کرے کسی دوسرے کو سُکھ نہیں پہنچا سکتا۔ اس لئے بد دوستوں سے بکلی کنارہ ہو جاؤ۔

میں نے جیسے پہلے بھی کہا ہے کہ بعض لوگ صرف باتوں کا مزا لینے کے لئے ایسی مجلسوں میں بیٹھتے ہیں۔ شروع میں صرف سن رہے ہوتے ہیں اور ہنسی ٹھٹھے کی باتوں پہ ہنس رہے ہوتے ہیں اور پھر آہستہ آہستہ عادت پڑ جاتی ہے ایسی باتوں کی اور خود بھی ایسی باتوں میں ملوث ہو جاتے ہیں۔ تو نوجوانوں کو خاص طور پر اس سے بچنا چاہیے۔ شروع میں ہی، بچپن سے ہی اطفال میں بھی اور خدام میں بھی یہ عادت ڈالیں کہ کسی کی برائی نہیں کرنی۔

پھر آپ فرماتے ہیں کہ ”ظن کے اگر قریب بھی جانے لگو تو اس سے بچ جاؤ کیونکہ اس سے پھر تجسس پیدا ہوگا۔ اگر تجسس تک پہنچ چکے ہو تو پھر بھی رک جاؤ کہ اس سے غیبت تک پہنچ جاؤ گے اور یہ ایک بہت بڑی بداخلاقی ہے اور مردار کھانے کی مانند ہے ﴿وَاتَّقُوا اللّٰہَ ۔اِنَّ اللّٰہَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ﴾ تقویٰ اختیار کرو، پورے پورے پرہیزگار بن جاؤ مگر یہ سب کچھ اللہ توفیق دے تو حاصل ہوتا ہے“۔

(الحکم ۳۱/اکتوبر ۱۹۰۷ء صفحہ ۸، ۹۔ بحوالہ حقائق الفرقان جلد چہارم صفحہ ۶، ۷)

گناہ کو حقیر اور چھوٹا نہ سمجھیں

”یاد رکھو کبھی کسی گناہ کو چھوٹا اور حقیر نہ سمجھو۔ چھوٹے سے گناہ سے انسان ایک خطرناک اور گھیرے والے گناہ میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ تمہیں معلوم نہیں یہ پہاڑ چھوٹے چھوٹے ذرات سے بنتے ہیں، یہ عظیم الشان بڑ کا درخت ایک بہت ہی چھوٹے سے بیج سے بنا ہے۔ بڑے بڑے اجسام ان ہی باریک ایٹمی ذرات سے بنے ہیں جو نظر نہیں آتے۔ پھر گناہ کے بیج کو کیوں حقیر سمجھتے ہو؟ یاد رکھو چھوٹی چھوٹی بدیاں جمع ہو کر آخر پیس ڈالتی ہیں انسان جب چھوٹا سا گناہ کرتا ہے تو اس کے بعد اور گناہ کرتا ہے یہاں تک کہ خدا تعالیٰ کی حد بندی کو توڑ کر نکل جاتا ہے۔ جس کا نام کبیرہ ہوتا ہے اور پھر راستبازوں کے قتل کی جرأت کر بیٹھتا ہے۔ اس طرح پر ادنیٰ سی نیکی اگر کرو تو اس سے ایک نورِ معرفت پیدا ہوتا ہے نیکی اور بدی کی شناخت کا انحصار ہے۔ قرآن شریف کے علم پر اور وہ منحصر ہے تقویٰ اور سعی پر۔“ (خطباتِ نور جلد نمبر ا۔ صفحہ 115-116)

غیبت کا سُننا حرام ہے

زبان کا سب سے بھاری فرض ہے۔

ا۔ کلمہ توحید پڑھنا، نماز میں الحمد پڑھنا بھی فرض ہے۔

۲۔ تو گویا اتنا قرآن پڑھنا بھی فرض ہوا۔

۳۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر بھی زبان کا ہی رُکن ہے اس کے محرمات ہیں۔ غیبت، تحقیر، جھوٹ، افتراء اس زبان کے ذریعہ تمام تلاوت قرآن و تلاوت احادیث کرے اور عام طور پر جو معرفت کے خزانے اللہ و رسولؐ کی کتابوں میں ہیں پوچھ کر یا بتا کر ان کی تہہ تک پہنچے۔

معمولی باتیں کرنا مباح ہیں۔ پسندیدہ باتیں اپنی باتوں میں استحباب کا رنگ رکھتی ہیں۔ لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ (الملک:۱۱)
اگر تم حق کے شنوا ہوتے تو دوزخ میں کیوں جاتے۔ اس سے ثابت ہوا کہ حق کا سننا فرض ہے اور غیبت کا سننا حرام ہے۔

(بدر 30 دسمبر ۱۹۰۹ء صفحہ :۴۔۳، حقائق الفرقان جلد ۴ صفحہ ۱۳۰)

تمسخر، بدظنی، تجسس، غیبت

سورۃ الحجرات آیت ۱۲ کے حوالے سے حضرت خلیفۃ المسیح الاولؓ فرماتے ہیں:

ا۔ مرد مردوں سے ہنسی نہ کریں۔ ہوسکتا ہے کہ وہی آپ سے اچھے ہوں اور عورتیں عورتوں سے۔ ہوسکتا ہے کہ وہی ان سے اچھی ہوں۔ اور ایک دوسرے کہ نکتہ چینی اور عیب گیری مت کرو۔ برے برے اور چھیڑ کے ناموں سے مت پکارو۔ مومن ہونے کے بعد یہ ناپاک نام بہت ہی بری بات ہے۔

(نور الدین طبع سوم صفحہ ۱۹)

بدظنی کیا ہے؟

آنحضرت ﷺ نے فرتے ہیں: اِیاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث۔ ایک شخص کسی کے آگے اپنی ضرورتوں کا اظہار کرتا ہے اور اپنے مطلب کو پیش کرتا ہے لیکن اس کے گھر کی حالت کو نہیں جانتا اور اس کی طاقت اور دولت سے بے خبر ہوتا ہے اپنی حاجت براری نہ ہوتے دیکھ کر سمجھتا ہے اس نے جان بوجھ کر شرارت کی ہے اور میری دستگیری سے منہ موڑا۔ تب محض ظن کی بناء پر اس جگہ جہاں اس کی محبت بڑھنی چاہئے تھی عداوت کا بیج بویا جاتا ہے اور آہستہ آہستہ ان گناہوں تک نوبت پہنچ جاتی ہے جو عداوت کا پھل ہیں۔

(الحکم ۳۱ اکتوبر ۱۹۰۷ء صفحہ ۹۔۸، حقائق الفرقان جلد چہارم صفحہ ۵۔۶)

’’عورتیں ایک دوسرے کو طعنے دیتی ہیں۔ ہنسی کرتی رہتی ہیں۔اور عیب نکالتی ہیں ... یہ سب باتیں تقویٰ کے خلاف ہیں‘‘

’غیبت یہ ہے کہ تم اپنے بھائی یا بہن کا کوئی سچا عیب اس کی عدم موجودگی میں بیان کرو‘

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ

ایک دوسرے سے خوش خلقی سے پیش آؤ کسی کی غیبت نہ کرو۔چغلی نہ کرو۔کسی کے مال میں خیانت نہ کرو۔کسی سے بغض اور کینہ نہ رکھو۔عورتوں میں چغلی اور غیبت کی مرض بہت پائی جاتی ہے۔اگر کسی کے متعلق کوئی بات سن لیں تو جب تک دوسری کے سامنے بیان نہ کرلیں انہیں چین نہیں آتا۔جو بات سنتی ہیں جھٹ دوسری جگہ بیان کردیتی ہیں۔حالانکہ چاہیے کہ اگر کوئی کسی بہن یا بھائی کا نقص اور عیب بیان کرے تو اُسے منع کردیا جائے۔لیکن ایسا نہیں کیا جاتا تو چغلی کرنا بہت بڑا عیب ہے۔اور اتنا بڑا عیب ہے کہ قرآن کریم سے معلوم ہوتا ہے بعض لوگ اسی وجہ سے جہنم میں ڈالے جائیں گے۔ایک دفعہ رسولِ کریم ﷺ کہیں جا رہے تھے۔کہ راستے میں دو قبریں آئیں۔آپؐ وہاں ٹھہر گئے اور فرمایا خدا تعالیٰ نے مجھے بتایا ہے کہ ان قبروں کے مُردے ایسے چھوٹے چھوٹے گناہوں کی وجہ سے جہنم میں پڑے ہوئے ہیں کہ جن سے باآسانی بچ سکتے تھے لیکن بچے نہیں۔ان میں سے ایک تو پیشاب کے چھینٹوں سے اپنے آپ کو نہیں بچاتا تھا اور دوسرا چغلی کرتا تھا۔تو چغلی بہت بڑا عیب ہے۔اس میں ہرگز مبتلا نہیں ہونا چاہئے اگر تمہارے سامنے کوئی کسی کے متعلق برا کلمہ کہے تو اُسے روک دو اور کہہ دو ہمیں نہ سناؤ بلکہ جس کا عیب ہے اُس کو جا کر سناؤ پھر اگر کوئی بات سن لو جس کے متعلق ہو اُس کو جا کر نہ سناؤ تا کہ فساد نہ ہو۔

اسی طرح کسی کی غیبت نہیں کرنی چاہئے۔کیا اپنے نقص کم ہوتے ہیں کہ دوسروں کے نقص بیان کرنے شروع کردیئے جاتے ہیں۔تمہیں چاہئے کہ دوسروں کے عیب نکالنے کی بجائے اپنے عیب نکالو تا کہ تمہیں کچھ فائدہ بھی ہو۔دوسروں کے عیب نکالنے سے سوائے گناہ کے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

(اوڑھنی والیوں کے پھول صفحہ۴۴)

حضورؓ فرماتے ہیں: ہر ایک نیکی کی جڑ تقویٰ ہے۔تو یہ بہت ضروری چیز ہے۔اس کے لئے سوچنا چاہئے۔ہمارے کسی کام کا یہ نتیجہ نہ ہو کہ خدا ناراض ہوجائے۔یا کسی انسان کو تکلیف پہنچے،آج کل عورتوں میں یہ بات زیادہ پائی جاتی ہے کہ وہ دوسری کو تکلیف پہنچا کر خود کچھ حاصل کرلینا اچھا سمجھتی ہیں پھر عورتیں ایک دوسرے کو طعنے دیتی ہیں۔ہنسی کرتی رہتی ہیں۔اور عیب نکالتی ہیں اور آخر کار لڑائی شروع ہوجاتی ہے۔یہ سب باتیں تقویٰ کے خلاف ہیں اس قسم کے عیب عورتوں میں بہت ہیں۔ہر ایک ایسا کام جس سے خدا تعالیٰ ناراض ہو یا اُس کی مخلوق کیلئے دُکھ اور تکلیف کا باعث ہو اُس سے بچنا چاہئے۔

(الفضل ۲۷ اکتوبر ۱۹۱۷ء، اوڑھنی والیوں کے پھول صفحہ ۳۰)

’عیب کا عادی عیب کو عیب نہیں سمجھتا‘

جب انسان کو کسی عیب کی عادت ہوجاتی ہے پھر وہ اس عیب کو عیب نہیں سمجھتا اور اگر سمجھتا ہے تو کرتے وقت اُسے محسوس نہیں کرتا۔ایسے لوگوں کو اگر سمجھایا جائے تو انکار کردیتے ہیں کہ ہم نے تو ایسا فعل نہیں کیا،مجھے اس کا بہت تجربہ ہے کیونکہ ہر روز لوگوں سے معاملہ کرنا پڑتا ہے۔میں نے دیکھا کہ بہت لوگ ہمیشہ عیب چینی کرتے ہیں۔مگر وہ ساتھ ہی ساتھ یہ بھی کہتے جاتے ہیں۔ہماری عادت نہیں کہ کسی کی عیب چینی کریں،مگر یہ بات یوں ہے اور غالباً اگر وہ دن میں ہزار باتیں بھی دوسروں کی غیبت اور عیب چینی کی کریں تو ہر بار وہ ساتھ یہ بھی کہیں گے کہ ہماری عادت نہیں ہے کہ کسی کی عیب چینی کریں۔

حالانکہ سو میں سے پچاس باتیں اُن کی عیب چینی کی ہوتی ہیں۔مگر وہ عیب چینی کرتے ہوئے بھی نہیں سمجھتے کہ ہم عیب چینی کررہے ہیں اگر بچپن سے ہی اُن کی اصلاح کی جاتی اور نگرانی کی جاتی تو ان کی یہ حالت نہ ہوتی اگر کوئی قوم اعلیٰ اخلاق اور پسندیدہ اعمال میں ترقی کرسکتی ہے تو اس کیلئے بہترین ذریعہ یہی ہے کہ وہ اپنی اصلاح کی بھی کوشش کرے مگر اپنی نسل کی اصلاح اور اس کے اخلاق کی خاص نگرانی کرے۔(اوڑھنی والیوں کے پھول صفحہ ۱۵۷)

سیرت حضرت امّاں جانؓ

بلند اخلاق اعلیٰ روحانیت اور غیر معمولی مقامِ توکّل

ساجدہ علیم۔ڈبلن

مضامین تو بہت سے ہوتے ہیں لیکن مجھے ہمیشہ سے خواتین مبارکہ کی سیرت و سوانح کے مطالعے سے شغف رہا ہے۔اس ضمن میں چند دن ہوئے سیرت حضرت اماں جان (مرتبہ احمد طاہر مرزا) پڑھنے کی توفیق پائی جو کہ بار ہا پڑھ چکی ہوں،لیکن ہر دفعہ پڑھ کر ایمان تازہ ہوتا ہے اور اُن کی بلند پایہ سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر کے اپنی زندگی ان کے مطابق ڈھالنے کی توفیق ملتی ہے۔ایک احمدی عورت کے لئے حضرت اُم المومنینؓ کی سوانح بہترین مشعلِ راہ ہے اسی مقصد کے تحت افادۂ عام کے لئے سیدۃ النساءؓ کی سیرت کے ان گنت پہلوؤں میں سے صرف چند کا ذکر بزبان فرزندِ ارجمند حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمدؓ صاحب پیش کرتی ہوں:۔

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمدؓ صاحب رقم فرماتے ہیں:۔

حضرت امّاں جان رضی اللہ عنہا ،اپریل ۱۹۵۲ء میں فوت ہوئیں تھیں۔اس عرصہ میں مجھے کئی دفعہ ان کی سیرت کے متعلق کچھ کہنے کی خواہش پیدا ہوئی مگر ہر دفعہ جذبات سے مغلوب ہو کر اس ارادہ کو ترک کرنا پڑا اب بعض احباب کی تحریک پر ذیل کی چند سطور لکھنے کی کوشش کر رہا ہوں۔واللہ الموفق والمستعان.

آپؓ کی شادی خاص الٰہی تحریک کے ماتحت ہوئی:

حضرت اماں جانؓ کو یہ امتیاز حاصل ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ساتھ ان کی شادی ایک خاص الٰہی تحریک کے ماتحت ہوئی۔اور دوسرا امتیاز یہ حاصل ہے کہ یہ شادی ۱۸۸۴ء میں ہوئی اور یہی وہ سال ہے جس میں حضرت مسیح موعودؑ نے اپنے دعویٰ مجدّدیت کا اعلان فرمایا تھا اور پھر سارے زمانہ ماموریت میں حضرت اماں جانؓ مرحومہ مغفورہ حضرت مسیح موعودؑ کی رفیق حیات رہیں۔اور حضرت مسیح موعودؑ انہیں انتہا درجہ محبت اور انتہا درجہ شفقت کی نگاہ سے دیکھتے تھے اور ان کی بیحد دلداری فرماتے تھے کیونکہ حضرت مسیح موعودؑ کو یہ زبردست احساس تھا کہ یہ شادی خدا کے خاص منشاء کے ماتحت ہوئی ہے۔اور یہ کہ حضور کی زندگی کے مبارک دور کے ساتھ حضرت اماں جانؓ کو مخصوص نسبت ہے چنانچہ بعض اوقات حضرت اماں جانؓ بھی محبت اور ناز کے انداز میں حضرت مسیح موعودؑ سے کہا کرتی تھیں کہ میرے آنے کے ساتھ ہی آپ کی زندگی میں برکتوں کا دور شروع ہوا ہے۔جس پر حضرت مسیح موعودؑ مسکرا کر فرماتے تھے ’’ہاں یہ ٹھیک ہے۔‘‘ دوسری طرف حضرت اماں جان بھی حضرت مسیح موعود کے متعلق کامل محبت اور کامل یگانگت کے مقام پر فائز تھیں اور گھر میں یوں نظر آتا تھا کہ گویا دو سینوں میں ایک دل کام کر رہا ہے۔

آپ کی دینداری کا مقدّم ترین پہلو نماز اور نوافل میں شغف تھا:

حضرت اماں جان رضی اللہ عنہا کے اخلاق فاضلہ اور آپ کی نیکی اور تقویٰ کو مختصر الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں مگر اس جگہ میں صرف اشارہ کے طور پر نمونۃً چند باتوں کے ذکر پر اکتفاء کرتا ہوں۔آپکی نیکی اور دینداری کا مقدم ترین پہلو نماز اور نوافل میں شغل تھا۔پانچ فرض نمازوں کا تو کیا کہنا حضرت اماں جان نمازِ تہجّد اور نمازِ ضحیٰ کی بھی بے حد پابند تھیں اور انہیں اس ذوق وشوق سے ادا کرتی تھیں کہ دیکھنے والوں کے دل میں بھی ایک خاص کیفیت پیدا ہونے لگتی تھی۔بلکہ ان نوافل کے علاوہ بھی جب موقع ملتا نماز میں دل کا سکون حاصل کرتی تھیں۔میں پوری بصیرت کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ آنحضرت ﷺ (فداہٗ نفسی) کی یہ پیاری کیفیت کہ جعلت قرّۃُ عینی فی الصلوۃ یعنی میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔حضرت اماں جانؓ کو بھی اپنے آقا سے ورثے میں ملی تھی۔

دعاؤں میں بے حد شغف تھا:

پھر دعا میں بھی حضرت اماں جان کو بے حد شغف تھا۔اپنی اولاد اور دوسرے عزیزوں بلکہ ساری جماعت کے لئے جسے وہ اولاد کی طرح سمجھتی تھیں

بڑے درد و سوز کے ساتھ دعا فرمایا کرتی تھیں اور اسلام اور احمدیت کی ترقی کے لئے ان کے دل میں غیر معمولی تڑپ تھی۔

اولاد کے متعلق حضرت اماں جان کی دعا کا نمونہ ان اشعار سے ظاہر ہے جو حضرت مسیح موعودؑ نے حضرت اماں جان کے جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے ان کی طرف سے اور گویا انہی کی زبان سے فرمائے۔ خدا تعالیٰ کو مخاطب کرتے ہوئے آپؓ عرض کرتے ہیں:

کوئی ضائع نہیں ہوتا جو ترا طالب ہے
کوئی رسوا نہیں ہوتا جو ہے جویاں تیرا
آسماں پر سے فرشتے بھی مدد کرتے ہیں
کوئی ہو جائے اگر بندۂ فرماں تیرا

جماعتی چندوں میں شوق سے حصہ لیتیں:

جماعتی چندوں میں بھی حضرت اماں جان رضی اللہ عنہا بڑے ذوق و شوق سے حصہ لیتی تھیں اور تبلیغِ اسلام کے کام میں ہمیشہ اپنی طاقت سے بڑھ کر حصہ لیتیں۔ تحریک جدید کا چندہ جس سے بیرونی ممالک میں اشاعت اسلام کا کام سرانجام پاتا ہے اس کے اعلان کے لئے ہمیشہ ہمہ تن منتظر رہتی تھیں اور اعلان ہوتے ہی بلا توقف اپنا وعدہ لکھا دیتی تھیں اور فرمایا کرتی تھیں کہ زندگی کا اعتبار نہیں۔ وعدہ جب تک ادا نہ ہو جائے دل پر بوجھ رہتا ہے۔ دوسرے چندوں میں بھی یہی ذوق و شوق کا عالم تھا۔

غرباء پروری:

صدقہ و خیرات اور غریبوں کی امداد بھی حضرت اماں جان نوّر اللہ مرقدھا کا نمایاں خلق تھا اور اس میں وہ خاص لذت پاتیں تھیں اور اس کثرت کے ساتھ غریبوں کی امداد کرتی تھیں کہ یہ کثرت بہت کم لوگوں میں دیکھی گئی ہے۔ جو شخص بھی ان کے پاس اپنی مصیبت کا ذکر لے کر آتا تھا حضرت اماں جان اپنے مقدور سے بڑھ کر اس کی امداد فرماتی تھیں اور کئی دفعہ ایسے خفیہ رنگ میں مدد کرتی تھیں کہ کسی اور کو پتہ نہیں چلتا تھا۔ اسی ذیل میں ان کا یہ بھی طریق تھا کہ بعض اوقات یتیم بچوں اور بچیوں کو اپنے مکان پر بلا کر کھانا کھلاتی تھیں اور بعض اوقات ان کے گھروں پر بھی کھانا بھجوا دیتی تھیں۔ ایک دفعہ ایک واقف کار شخص سے دریافت فرمایا کہ کیا آپ کو کسی ایسے شخص (احمدی یا غیر احمدی، مسلم یا غیر مسلم) کا علم ہے جو قرض کی وجہ سے قید بھگت رہا ہو (اوائل زمانے میں ایسے Civil قیدی بھی ہوا کرتے تھے) اور جب اس نے لاعلمی کا اظہار کیا تو فرمایا کہ تلاش کرنا میں اس کی مدد کرنا چاہتی ہوں تا قرآن مجید کے حکم پر عمل کر سکوں کہ معذور قیدیوں کی مدد بھی کارِ ثواب ہے۔

یتامیٰ گیری:

حضرت اماں جان نور اللہ مرقدھا کو اسلامی احکام کے ماتحت یتیم بچوں کی پرورش اور تربیت کا بہت خیال رہتا تھا۔ میں نے جب سے ہوش سنبھالا ان کے سایہ عاطفت میں ہمیشہ کسی نہ کسی یتیم لڑکی یا لڑکے کو پلتے دیکھا۔ وہ یتیموں کو نوکروں کی طرح نہیں رکھتیں بلکہ ان کے تمام ضروری اخراجات برداشت کرنے کے علاوہ ان کے آرام و آسائش اور ان کی تعلیم و تربیت اور ان کے واجبی اِکرام اور عزتِ نفس کا بھی بہت خیال رکھتی تھیں۔ اس طرح ان کے ذریعہ بیسیوں یتیم بچے جماعت کے مفید وجود بن گئے۔ بسا اوقات اپنے ہاتھ سے یتیموں کی خدمت کرتی تھیں۔ مثلاً یتیم بچوں کو نہلانا۔ ان کے بالوں میں کنگھی کرنا۔ کپڑے بدلوانا وغیرہ وغیرہ۔ مجھے یقین ہے کہ حضرت اماں جان رسولِ پاک ﷺ کی اس بشارت سے ضرور حصہ پائیں گی کہ انا و کافل الیتیم کھاتین یعنی قیامت کے دن میں یتیموں کی پرورش کرنے والا شخص اس طرح اکٹھے ہوں گے جس طرح ایک ہاتھ کی دو انگلیاں باہم پیوست ہوتی ہیں۔

مہمان نوازی:

مہمان نوازی بھی حضرت اماں جانؓ کے اخلاق کا طُرّہ ٔ امتیاز تھا۔ اپنے عزیزوں اور دوسرے لوگوں کو اکثر کھانے پر بلاتی رہتی تھیں۔ اور اگر گھر میں کوئی خاص چیز پکتی تھی تو ان کے گھروں میں بھجوا دیتی تھیں۔ خاکسار راقم الحروف کو علیحدہ گھر ہونے کے باوجود حضرت اماں جان نے اتنی دفعہ کھانا بھجوایا ہے کہ اس کا شمار ناممکن ہے اور اگر کوئی عزیز یا کوئی دوسری خاتون کھانے کے وقت حضرت اماں جانؓ کے گھر میں جاتی تھیں تو حضرت اماں جانؓ کا اصرار ہوتا تھا کہ کھانا کھا کر واپس جاؤ۔ چنانچہ اکثر اوقات زبردستی روک لیتی تھیں۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مہمان نوازی ان کی روح کی غذا ہے۔

عیدوں کے دن حضرت اماں جان کا دستور تھا کہ اپنے سارے خاندان کو اپنے پاس کھانے کی دعوت دیتی تھیں اور ایسے موقعوں پر کھانا پکوانے اور کھانا کھلانے کی بذاتِ خود نگرانی فرماتی تھیں اور اس بات کا بھی خیال رکھتی تھیں کہ فلاں عزیز کو کیا چیز مرغوب ہے اور اسی صورت میں حتیٰ الوسع وہ چیز ضرور

پکواتی تھیں۔ جب آخری عمر میں زیادہ کمزور ہوگئیں تو مجھے ایک دن حسرت کے ساتھ فرمایا کہ اب مجھ میں ایسے اہتمام کی طاقت نہیں رہی میرا دل چاہتا ہے کہ کوئی مجھ سے رقم لے لے اور میری طرف سے کھانے کا انتظام کردے۔

بے حد محنتی:

حضرت اماں جانؓ میں بے حد محنت کی عادت تھی اور ہر چھوٹے سے چھوٹا کام اپنے ہاتھ سے کرنے میں راحت پاتی تھیں میں نے انہیں اپنی آنکھوں سے بارہا کھانا پکاتے۔ چرخہ کاتتے۔ نواڑ بنتے۔ بلکہ بھینسوں کے آگے چارہ تک ڈالتے دیکھا ہے۔

عیادت مریض:

مریضوں کی عیادت کا یہ عالم تھا کہ جب کسی احمدی عورت کے متعلق سنتیں کہ وہ بیمار ہے تو بلا امتیاز غریب و امیر خود اس کے مکان پر جا کر عیادت فرماتی تھیں اور آنحضرت ﷺ کی سنت کے مطابق تسلّی دیا کرتی تھیں کہ گھبراؤ نہیں خدا کے فضل سے اچھی ہو جاؤ گی۔ ان اخلاق فاضلہ کا یہ نتیجہ تھا کہ احمدی عورتیں حضرت اماں جان پر جان چھڑکتیں تھیں اور ان کے ساتھ اپنی حقیقی ماؤں سے بھی بڑھ کر محبت کرتی تھیں۔ اور جب کوئی فکر کی بات پیش آتی تھی یا کسی امر میں مشورہ لینا ہوتا تھا تو حضرت اماں جان کے پاس دوڑی آتی تھیں۔ اس میں ذرہ بھر بھی شبہ نہیں کہ حضرت اماں جانؓ کا مُبارک وجود احمدی مستورات کے لئے ایک بھاری ستون تھا بلکہ حق یہ ہے کہ ان کا وجود محبت اور شفقت کا ایک بلند اور مضبوط مینار تھا جس کے سایہ میں احمدی خواتین بے انداز راحت اور برکت اور ہمت اور تسلی پاتی تھیں۔

میری خوشی اسی میں ہے کہ خدا کے مُنہ کی بات پوری ہو:

مگر غالباً حضرت اماں جانؓ کے تقویٰ اور توکّل اور دینداری اور اخلاق کی بلندی کا سب سے زیادہ شاندار اظہار ذیل کے دو واقعات میں نظر آتا ہے۔ جب حضرت مسیح موعودؑ نے اپنے بعض اقرباء پر اتمامِ حجت کی غرض سے خدا سے علم پا کر محمدی بیگم والی پیشگوئی فرمائی تو اس وقت حضرت مسیح موعودؑ نے ایک دن دیکھا کہ حضرت اماں جانؓ ایک دن علیحدگی میں پڑھ کر بڑی گریہ وزاری اور سوز و گداز سے یہ دعا فرما رہی ہیں کہ خدایا تو اس پیشگوئی کو اپنے فضل اور اپنی قدرت نمائی سے پورا فرما جب دعا سے فارغ ہوئیں تو حضرت مسیح موعودؑ نے دریافت فرمایا کہ تم یہ دعا کر رہیں تھیں اور تم جانتی ہو اس سے تم پر سوکن آتی ہے؟ حضرت اماں جانؓ نے بے ساختہ فرمایا: ''خواہ کچھ ہو مجھے اپنی تکلیف کی پرواہ نہیں میری خوشی اسی میں ہے کہ خدا کے منہ کی بات اور آپکی پیش گوئی پوری ہو۔''

دوست سوچیں اور غور کریں کہ یہ کس شان کا ایمان اور کس بلند اخلاق کا مظاہرہ اور کس تقویٰ کا مقام ہے کہ اپنی ذاتی راحت اور ذاتی خوشی کو کلیتہً قربان کر کے محض خدا کی رضا کو تلاش کیا جا رہا ہے! اور شاید منجملہ دوسری باتوں کے یہ ان کی اسی بے نظیر قربانی کا نتیجہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اس مشروط پیشگوئی کو اس کی ظاہری صورت سے بدل کر دوسرے رنگ میں پورا فرما دیا۔

پھر جب حضرت مسیح موود علیہ السلام کی وفات ہوئی (اور میری آنکھوں کے سامنے کا واقعہ ہے) اور آپ کے آخری سانس تھی تو حضرت اماں جان نور اللہ مرقدھا و رفعھا فی اعلی علییّن آپ کی چارپائی کے قریب فرش پر آ کر بیٹھ گئیں اور خدا سے مخاطب ہو کر عرض کیا کہ:

''خدایا! یہ تو اب ہمیں چھوڑ رہے ہیں مگر تو ہمیں نہ چھوڑیو۔''

یہ ایک خاص انداز کا کلام تھا جس سے مراد یہ تھی کہ تو ہمیں کبھی نہیں چھوڑے گا۔ اور دل اس یقین سے پر تھا کہ ایسا ہی ہوگا۔ اللہ! اللہ! خاوند کی وفات پر اور خاوند بھی وہ جو گویا ظاہری لحاظ سے ان کی ساری قسمت کا بانی اور ان کی تمام راحت کا مرکز تھا توکّل اور ایمان اور صبر کا یہ مقام دنیا کی بے مثال چیزوں میں سے ایک نہایت درخشاں نمونہ ہے۔

(سیرت حضرت اماں جان صفحہ ۸۵ تا ۸۷) (مرتبہ احمد طاہر مرزا)

پیاری بہنو! سیدہ موصوفہ کے اوصاف جمیلہ کو ایک مضمون کی صورت میں احاطہ تحریر میں لانا ممکن نہ تھا، چند اوصاف کی ایک جھلک پیش کی گئی ہے۔ اگر اللہ نے توفیق دی تو انشاء اللہ خاکسار اگلے شمارہ میں حضرت اماں جان کے بے نظیر اندازِ تربیت کو پیش کرنے کی کوشش کرے گی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں حقیقی معنوں میں ان شمائل سے مستفید ہونے اور ان کے مطابق اپنی روزمرّہ زندگی کو ڈھالنے کی توفیق عطا کرے آمین

اپنے اس مضمون کا اختتام محترم عبدالحکیم صاحب کے اس شعر پر کروں گی۔

اے خدیجہ تیری تربت پر ہزاروں برکتیں
مالکِ قدوس کی برسیں ہمیشہ رحمتیں

☆☆☆☆☆☆

اولاد کے لئے

دعائیہ اشعار

مرے مولا بنائیو تو انکو صرف اپنا ہی دلدار
رہیں ہر دم اور ہر پل تیری محبت کے پرستار

نہ خوف ہو کبھی آڑے نہ کبھی ہو ویں یہ شرمسار
شجاعت کے ہوں پیکر اور دین محمدؐ کے یہ سالار

رہے پاکیزگی و طہارت ہمیش انکا شعار
دل انکے ہوں ہر پل تیرے ذکر سے سرشار

میرے مولیٰ تو رکھیو نظر پیار کی ان پر
گر تیرا نہ ہو آسرا تو جائیں گے یہ کس پار

تقویٰ بھی رہے قائم اوران میں ایمان بھی
صداقت کے ہوں مجسّم اور اطاعت کے دلدار

خوشنودی حضور رہے مقصود ہمیشہ
بِنا اس کے یہ زندگی لاحاصل و بے کار

میری تو دعا ہے میرے مولیٰ میرے قادر
رہیں نعمتِ خداوندی کے ہر دم یہ طلبگار

(آمین یارب العالمین)

کلام ساجدہ علیمؔ صاحبہ۔ڈبلن

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

جو چیز ہمارے اوقات پر ڈاکہ ڈالتی ہے وہ تجسس کی عادت ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے فرمایا:

’’انسان کو اللہ تعالیٰ نے جو بڑی نعمتیں عطاء کی ہیں ان میں دو اہم نعمتیں زندگی اور وقت کی نعمتیں ہیں۔ دنیا میں ہزاروں ایسے کیڑے ہیں جو چند منٹ کے لئے زندہ ہوتے ہیں اور پھر مر جاتے ہیں اگر انسان کی زندگی بھی چند لمحات چند دقائق یا چند گھنٹوں پر مشتمل ہوتی تو اسے اعمال صالحہ بجالا کر خدا تعالیٰ کی نعمتوں کے حاصل کرنے کا وقت کہاں تھا۔

سورۃ عصر میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے وہ انسان گھاٹے میں نہیں پڑتا جو اپنے وقت کا صحیح استعمال کرتا ہے اور اپنی عمر کی ہر گھڑی میں اعمال صالحہ بجالاتا ہے۔ سوائے ان لوگوں کے ایمان لائے اور انہوں نے عمل صالحہ کیا۔ اور صداقت کے اصول پر قائم رہے۔ اور صبر سے کام لینے کی وہ ایک دوسرے کو تلقین کرتے رہے۔ صبر کے معنی استقامت اور ثابت قدمی کے ساتھ نیکی پر قائم ہوجانا یعنی وہ لوگ خود نیکیوں پر قائم رہے اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین کرتے رہے۔

ایسے بہت سے نواہی میں سے جن کے کرنے سے قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں روکا ہے اور جو ہمارے اوقاتِ عزیز پر ڈاکہ ڈالتے ہیں اور انہیں ضائع کر دیتے ہیں۔

عورتوں کا میدان عمل ان کا گھر ہے جہاں وہ اپنے بچوں کی تربیت کرتی ہیں۔ عبادات بجالاتی ہیں اور اپنے گھر کے ماحول کو خوشگوار بنانے کے لئے محنت کر رہی ہوتی ہیں خیال رکھتی ہیں یا کم سے کم انہیں اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ ان کے خاوند، باپ، بھائی، بیٹے اور دوسرے عزیز اور رشتہ دار جو اس گھر میں رہتے ہیں گھر سے نکل کر دین کی زیادہ سے زیادہ خدمت کرسکیں۔ غرض عورت کا میدان عمل اُس کا گھر ہے اور گھر میں بہت سے وقت ضائع کرنے والے بھی آجاتے ہیں اور شرم کے مارے انہیں کچھ نہیں کہہ سکتی۔

جو چیز ہمارے اوقات پر ڈاکہ ڈالتی ہے وہ تجسس کی عادت ہے

بعض مرد اور عورتیں اپنے بھائیوں اور بہنوں کی عیب گیری کے لئے مواد کی تلاش اور اس ٹوہ میں لگے رہتے ہیں کہ دوسرے کا کوئی نقص ان کے علم میں آجائے۔ ایک عورت دوسری عورت کے پاس جاتی ہے اور کہتی ہے کہ بہن، فلاں گل سُنی اے۔ تینوں پتہ اے کی ہویا اے۔ بھلا اس بات سے کیا غرض کہ کیا بات تھی یا کیا ہوا۔ اسے دوسروں کی بجائے اپنی فکر کرنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا ہے ﴿لَا تَجَسَّسُوْا﴾ کہ تجسس سے کام نہ لیا کرو۔ اور دوسروں کے عیب کی ٹوہ میں نہ رہا کرو۔ حدیث میں ہے کہ ایک دفعہ حضرت جبرائیل علیہ السلام آنحضرت ﷺ کے پاس تشریف لائے اور فرمایا اگر ہم فرشتوں کو جو آسمانی مخلوق ہیں زمین کی سطح پر عبادت بجالانے اور نیک عمل کرنے کا حکم ہوتا تو ہم تین نیکیاں ضرور کرتے جو اللہ کی نگاہ میں بہت پسندیدہ ہیں، ایک مسلمانوں کو پانی پلاتے۔ دوسرے ہم عیال دار لوگوں کی مدد کرتے۔ تیسری بات جو جبرائیلؑ نے کہی اور میرے مضمون کے ساتھ اسی کا تعلق ہے کہ اگر ہم فرشتوں کو زمین پر عبادت اور نیک اعمال بجالانے کی اجازت ہوتی تو ہم مسلمانوں کے گناہوں اور ان کی کمزوریوں کی پردہ پوشی کرتے۔ غرض ہمیں یہ حکم ہے کہ اگر ہمیں کسی کے گناہ کا علم بھی ہوجائے تو اُسے چھپائیں۔ ظاہر نہ کریں نہ یہ کہ دوسروں کے عیوب کی تلاش کرنے میں اپنے اوقات ضائع کریں۔

اس مسئلہ کے متعلق نبی کریم ﷺ کا بڑا سخت ارشاد ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔ کہ دیکھو میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ تم مسلمانوں کو تکلیف نہ دو ان پر عیب نہ لگاؤ اور نہ ان کی کمزوریاں کے پیچھے لگے رہو۔ کیونکہ جو شخص بھی تم میں سے مسلمانوں کی کمزوریوں کی تلاش میں لگے گا اور ان عیوب کی ٹوہ میں لگے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے عیب کے پیچھے پڑے گا اور اس کو شرمندہ اور بدنام کرے گا خواہ اس نے یہ عیب اپنے گھر میں چھپ کر کیا ہو۔

پس اگر ہم میں سے ہر ایک یہی چاہتا ہے کہ خدا تعالیٰ کی ستاری کا پردہ اس کے اوپر پڑا رہے اور اس کی غلطیوں اور کوتاہیوں کو خدا تعالیٰ ظاہر نہ ہونے دے اور مغفرت کی چادر کے نیچے اسے ڈھانپ لے تو ہم ایسا کرنے کی جرأت کیسے کرسکتے ہیں۔ کہ خدا تعالیٰ سے تو یہ کہیں کہ اے خدا! ہماری مغفرت فرما ہمارے عیوب کو چھپا اور انہیں ظاہر نہ کر اور خود سارے محلّہ اور شہر میں جا کر دوسروں کے عیوب کی تلاش میں لگے رہیں۔ خدا تعالیٰ تو اس صورت میں ہمیں یہ

(بقیہ حصہ صفحہ نمبر 67 پر)

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ

کیا غیبت سے آپ کو مزہ آتا ہے؟

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے ایمان والو! اندازے لگانے سے اجتناب کیا کرو۔ اور بہت زیادہ عادت جو ہے تخمینوں کی کہ یہ ہوا ہوگا اور یہ ہوا گا۔ یہ ایک ایسی مہلک عادت ہے کہ ان اندازوں میں سے یقیناً بعض گناہ ہوتے ہیں۔ پس تم ایک ایسے میدان میں پھرتے ہو جس میں خطرناک گڑھے ہیں یا جنگل کے درندے ہیں تم سمجھتے ہو کہ تم دیکھ بھال کر قدم اُٹھا رہے ہو جس میں خطرے مول لیتا ہے۔ یقیناً اس کا پاؤں کہیں نہ کہیں رپٹ جاتا ہے غلطی سے کسی گڑھے میں پڑ جاتا ہے یا کسی درندے کے چھپنے کی جگہ کے قریب سے گزرتا ہے اور اسے حملے کی دعوت دیتا ہے تو مراد یہی ہے کہ ہر ظن گناہ نہیں ہے۔ یہ درست ہے بعض ظن جو درست ہوں حقیقت پر مبنی ہوں وہ خدا کے نزدیک گناہ نہیں لیکن ظن کرنے کی عادت خطرناک ہے۔ اور اس کے نتیجہ میں ہرگز بعید نہیں کہ تم سے بڑے گناہ سرزد ہوں۔

دوسری بات یہ فرمائی کہ تجسس بھی نہ کیا کرو۔ ظن کا جو تعلق ہے۔ وہ تجسس سے بہت گہرا ہے۔ جب انسان کو یہ شوق ہو کہ کسی کی کوئی کمزوری معلوم کرے تو اس وقت جو ظن ہیں وہ زیادہ گناہ کے قریب ہوتے ہیں کیونکہ انسان اپنے بھائی یا بہن میں بدی ڈھونڈ رہا ہوتا ہے۔ اور تجسس کی عادت اگر ظن کی عادت کے ساتھ مل جائے تو بہت بڑا احتمال پیدا ہو جاتا ہے کہ شخص گنہگار ہوگا۔ پس اس مضمون کو آگے بڑھاتے ہوئے فرمایا اور کوئی تم میں سے کسی دوسرے شخص کی غیوبیت میں غیبت نہ کرے۔ یعنی اس کی غیوبیت میں، اس کی عدم موجودگی میں اس پر تبصرے نہ کیا کرے۔

غیبت کرنے والے میں تجسس کا مادہ ہوتا ہے۔

تجسس کا مطلب ہے کہ اسے شوق ہے کچھ معلوم کرنے کا۔ اسی لئے بلاوجہ ظن نہیں کر رہا یونہی اتفاقاً ظن نہیں کر رہا بلکہ اس کا ظن کسی خاص مقصد کی تلاش میں ہے اور ایسے موقع پر وہ نتیجہ نکالنا جو غلط ہے اور محض اپنے تجسس کے شوق میں اس نے نکالا ہے یہ ایک طبعی بات ہے ایسا احتمال بہت بڑھ جاتا ہے۔ تیسری صورت میں اگر تجسس کرتا ہے تو کیوں کرتا ہے۔ بنیادی طور پر اس کو اپنے بھائی یا بہن سے کوئی دبی ہوئی مخفی نفرت ہوتی ہے۔ وہ پسند نہیں ہوتا اور غیبت اسی کی کی جاتی ہے جو پسند نہ ہو۔ کبھی آپ یہ نہیں دیکھیں گے کہ ماں باپ بیٹھ کر بچوں کی غیبت کر رہے ہوں یا بچے بیٹھ کر ماں باپ کی غیبت کر رہے ہوں۔ اگر ایسا ہو تو بنیادی طور پر ان کے تعلقات کے نظام میں کوئی ایسا رخنہ ہے جسے پاگل پن کہا جا سکتا ہے۔ مگر غیبت اور کسی شخص سے پرخاش رکھنا، کوئی اس کے متعلق حسد کا پیدا ہونا، اس قسم کے محرکات ہیں جو تجسس کی عادت پہلے ڈالتے ہیں اور پھر تجسس، جب ان کے سامنے کوئی تصورات پیش کرتا ہے، حقائق نہیں، بلکہ، وہ ظن جو ان کی عادت میں داخل ہے۔ تجسس کے نتیجہ میں یہ اندازے لگاتا ہے کہ ہم یہاں تک تو پہنچ گئے ہیں اندر کمرے میں جا کر تو نہیں دیکھا مگر صاف پتہ لگتا ہے کہ یہ ہوا ہوگا اور چونکہ بدنیتی سے ہی اس سفر کا آغاز ہے اس لئے جو بھی ماحصل ہے وہ یقینی ہو یا غیر یقینی ہو وہ اسے آگے مجلس میں بیان کر کے اس کے چسکے لیتے ہیں۔ یہ پورا نفسیاتی سفر ہے جو غیبت کرنے والا اختیار کرتا ہے۔ جس کو قرآن کریم نے سلسلہ بہ سلسلہ اسی طرح بیان فرمایا ہے۔ جس طرح انسانی فطرت میں یہ بات پائی جاتی ہے لیکن غیبت کی صرف یہ وجہ نہیں ہے۔ یہ مراد نہیں کہ اس کے سوا اور کوئی غیبت نہیں ہے۔ غیبت بغیر تجسس کے بھی پیدا ہوتی ہے۔ غیبت ایک شخص کی بدی کو جو کھل کر سامنے آئی ہے اور تجسس کے نتیجہ میں نہیں اس کو نفرت سے دیکھتے ہوئے اس میں دُور کرنے کی بجائے ان لوگوں کو پہچان کر جو اس کو سن کر اس شخص سے اور دور ہٹ جائیں گے اور اس کی اس شخص سے دشمنی میں اس کے طرفدار ہو جائیں گے۔ یہ نیت بھی ہوتی ہے اور بعض دفعہ حقائق پر مبنی غیبتیں بھی کی جاتی ہیں اور ہر نیت کا ٹیڑھا ہونا لازم ہے ورنہ گناہ نہیں۔

برائی کی نیت غیبت کا لازمی حصہ ہے۔

اس نیت سے خواہ برائی کی تلاش کی جائے یا برائی اتفاقاً نظر آجائے اور پھر اس نیت سے ان باتوں کو دوسروں کے سامنے پیش کیا جائے کہ جس کے متعلق بیان کیا جا رہا ہے۔ اس پر بیان کرنے والے کو ایک قسم کی فوقیت مل جائے کہ دیکھو میں بلند ہوں اس بات سے اور نیت یہ ہو کہ دیکھو یہ آدمی کیسا ذلیل ہے اور گھٹیا ہے اور

اس کے ساتھ اس بات کا خوف بھی دامن گیر ہو کہ یہ بات اس شخص تک نہ پہنچ جائے یہ خوف دامنگیر ہونا ظاہر کرتا ہے کہ وہ چھپ کر حملہ کرنا چاہتا ہے۔وہ جب موجود نہیں پیچھے سے حملہ کرنا چاہتا ہے جس کا وہ جواب نہ دے سکے اگر یہ نیت ہو تو یہ بہت بڑا گناہ ہے اور اس کی مثال قرآن کریم میں خدا تعالیٰ نے بیان فرمائی ہے۔(سورۃ الحجرت ۱۳)

کیا ہم میں سے کوئی شخص یہ پسند کرتا ہے کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے تم تو کراہت کرنے لگے ہو۔دیکھو دیکھو تم یہ بات سنتے ہی سخت کراہت محسوس کرتے ہو۔اب کیسی کراہت جبکہ عملاً اپنی زندگی میں ہم نے یہی وطیرہ اختیار کر رکھا ہے جب اپنے بھائی اپنے بہن یعنی مومنوں کے تعلقات کی بات ہو رہی ہے(سگے بھائی یا بہن کی بات نہیں)،ان کے خلاف جب تم باتیں کرتے ہو تو مُردے کا گوشت کھانے والی بات ہے لیکن کراہت کے ساتھ نہیں چسکے لے لے کر۔مثال تو ایک ہی ہے۔ایک جگہ تم چسکے لیتے ایک جگہ تم کراہت محسوس کرتے ہو۔یہ تمہاری زندگی کا تضاد ہے جو درست نہیں۔حالانکہ دونوں کو ایک ہی پیمانے سے جانچنا چاہئے۔

اس نصیحت اور مثال کے بعد پھر بھی انسان غیبت کے مزے اُٹھاتا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ وہ روحانی لحاظ سے بعض باتوں کی کراہت کو جاننے کی صلاحیت نہیں رکھتا وہ مثال سنتا ہے ایمان لے آتا ہے۔اللہ نے فرمایا ٹھیک ہی ہوگا لیکن جہاں تک وہ سوچتا ہے میری ذات کا تعلق ہے مجھے تو مزہ آرہا ہے۔مجھے بھائی کے گوشت والی کراہت ذرا اس میں محسوس نہیں ہو رہی۔جس کا مطلب ہے اس کا تناظر بدل گیا ہے وہ جس پہلو اور جس زاویے سے چیزوں کو دیکھ رہا ہے وہ خدا کا پہلو نہیں خدا کا زاویہ نہیں ہے۔

غیبت جھوٹی بات کو نہیں کہتے

دو طرح سے غیبت کا احتمال ہے۔ایک بدنیتی کے ساتھ حملہ کرنے کی خاطر جھوٹی بات کرنا۔ایک سچی بات کو بدنیتی سے دشمنی کے نتیجہ میں پھیلانا۔جو جھوٹی بات ہے اس کے دو پہلو ہیں ایک ظن ہے۔ظن کے پردے میں شک کا فائدہ اپنے لئے اُٹھاتے ہوئے کہ شائد سچ ہو اس لئے جھوٹ نہیں بول رہا یہ حصہ ہے جو زیادہ غیبت سے تعلق رکھتا ہے جو واضح جھوٹ بولا جارہا ہے۔

بہتان تراشی ایک معصوم پر تو ایسا سخت گناہ ہے کہ قرآن کریم نے اس کی بہت سخت سزا بیان فرمائی ہے۔اللہ تعالیٰ کی شدید ناراضگی کا اظہار فرمایا ہے۔تو دونوں صورتوں میں جواز کوئی نہیں رہتا اور سچ ہے تو غیبت ہے،اگر جھوٹ ہے تو بہتان۔جو اس سے بھی زیادہ بڑا گند ہے۔اگر سچ ہے تو غیبت ہے ان معنوں میں کہ بھائی مر چکا ہے اور مرے ہوئے بھائی کو ڈیفنس کا موقعہ نہیں دیا گیا اس کی عدم موجودگی میں اس پر حملہ کیا گیا۔گویا اس کا گوشت کھایا گیا اور اس کے مزے اُڑائے گئے اور بہتان کا مطلب ہے کسی کو قتل کر دینا یعنی روحانی دنیا میں بہتان قتل کے مشابہ ہے تو یہ قتل کا گناہ ہے۔جو مرے ہوئے کا گوشت کھانے سے زیادہ مکروہ تو نہیں مگر زیادہ بڑا ظلم ضرور ہے اور زیادہ قابل مواخذہ ہے۔

کیا غیبت سے آپ کو مزہ آتا ہے؟

پس اپنے ذوق درست کریں تو پھر آپ کو خدا سے محبت ہوگی اپنے ذوق درست کریں پھر آپ کو رسولؐ اللہ سے محبت ہوگی اپنے ذوق درست کریں تب گناہوں سے دوری ہو سکتی ہے اور نیکیوں سے پیار ہو سکتا ہے۔ورنہ نہیں ہو سکتا۔پس غیبت کے حوالے سے میں اگلا تقاضا آپ سے یہ کر سکتا ہوں کہ اپنے دل کا یہ جائزہ لیں کہ آپ کو غیبت میں کتنا مزہ آرہا ہے۔اگر ایک دم یہ نہیں چھٹتی منہ سے رفتہ رفتہ جائزہ لیں تو آپ کے دل میں اس کا ذوق وشوق کم ہوتا چلا جارہا ہے کہ نہیں؟اگر کم ہو رہا ہے تو شکر ہے آپ بچ رہے ہیں۔گویا آپ روبہ صحت ہو رہے ہیں۔اگر زور لگا کر نصیحت سن کر آپ کہتے ہیں کہ میں نے غیبت نہیں کرنی اور پھر آپ کرتے ہیں اور مزہ اتنا ہی آتا ہے تو اس کا مطلب ہے آپ کی اصلاح کوئی نہیں ہوئی۔زبردستی تعلق کاٹنے کی کوشش کی گئی ہے اور جو طبعی رجحانات ہیں ان کے رستے زبردستی بند نہیں ہوا کرتے کچھ دیر تک ہوں گے پھر کھل جاتے ہیں۔اور پھر بڑھ کر بعض دفعہ بدیوں کا سیلاب پھوٹ پڑتا ہے۔اس لئے غیبت کے معاملے کو اہمیت دیں اور اس کو گہرائی سے دیکھیں۔جس طرح میں نے آپ کے سامنے اس کو کھول کر بیان کرنے کی کوشش کی ہے۔اور یقین کریں کہ اگر ہم غیبت سے مبرّا ہو جائیں بحیثیت جماعت تو ہمارا نظام بھی محفوظ ہو جائے گا، ہمارے معاشرتی تعلقات بھی محفوظ ہو جائیں گے۔ہمارے اندر جتنی رخنہ پیدا کرنے والی باتیں ہیں وہ اگر سب دور نہیں ہوتیں تو ان میں غیر معمولی کمی ضرور پیدا ہو جائے گی اور وہ بدنتائج جو روزانہ شادیوں کی ناکامی کی صورت میں ہمیں دکھائی دیتے ہیں ان پر بھی غیر معمولی مثبت اثر ظاہر ہوگا۔

(خطبہ جمعہ ۱۸ نومبر ۱۹۹۴ء الفضل ۱۳ دسمبر ۱۹۹۴ء ۱۵ مارچ ۲۰۰۱)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

نظامِ جماعت کی اطاعت،

غیبت و عیب جوئی،بد ظنی

(جماعت احمدیہ آئرلینڈ کے نویں جلسہ سالانہ کے موقع پر لجنہ اماءاللہ آئرلینڈ کی صدر محترمہ طیبہ مشہود صاحبہ نے 'نظام جماعت کی اطاعت، غیبت وعیب جوئی، بدظنی' کے موضوع پر 24 اکتوبر 2010ء کو بروز اتوار، لجنہ سیشن میں مستورات سے خطاب فرمایا۔ افادۂ عام کے لئے ہدیہ قارئین کیا جاتا ہے۔)

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدً عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّ جِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمدللہ کہ آج ہمیں خدا تعالیٰ نے نواں جلسہ سالانہ منعقد کرنے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔اللہ تعالیٰ اس جلسہ کو ہم سب کے لئے بے حد مبارک فرمائے اوراس جلسہ سے وابستہ روحانی فیوض اور برکات سے اللہ تعالیٰ ہمارے گھر بار کو بھر دے اور ہم سب محض اللہ کے فضل سے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی دعاؤں کے وارث بنیں آمین۔

آج کچھ نئے چہرے بھی نظر آ رہے ہیں جو حال ہی میں ہماری جماعت میں شامل ہوئے ہیں۔آپ سب کو میں خوش آمدید کہتی ہوں اللہ تعالیٰ آپ سب کا آئرلینڈ میں آنا ہر لحاظ سے مبارک اور بابرکت ثابت کرے آمین۔

میں آپ سب کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے کامیاب دورۂ آئرلینڈ کے لئے مبارکباد پیش کرتی ہوں۔بفضلِ تعالیٰ حضورِانور ہماری جماعت سے بہت خوش گئے ہیں۔حضورِانور نے ہماری جماعت کا اور ہماری لجنہ تنظیم کا بہت اچھے الفاظ میں ذکر فرمایا ہے۔شکر الحمدللہ کہ ہمیں خلیفۂ وقت کی خوشنودی حاصل ہوئی۔اللہ کرے کہ ہم ہمیشہ حضور انور کی خوشنودی حاصل کرنے والے بنیں اور ہم سے کبھی کوئی ایسی خطا سرزد نہ ہو کہ ہمیں خلیفۂ وقت کی ذرا سی بھی ناراضگی کا سامنا کرنا پڑے آمین۔

آئرلینڈ جماعت چھوٹی سی پیاری سی جماعت ہے۔یہاں پر لجنہ تنظیم کو قائم ہوئے نو سال کا عرصہ گزرا ہے۔اور ہم سب ایک فیملی کی طرح رہتے ہیں ۔سب لوگ ایک دوسرے کو جانتے ہیں مجھے اپنی جماعت پر بہت ناز ہے کہ ہمارا سب کا ایک دوسرے سے محبت و پیار کا تعلق ہے جو شاید دوسری جماعتوں میں بڑی تعداد ہونے کی وجہ سے اتنا نہیں ہوتا۔لیکن اب ہمارے پیار کو نظر لگتی ہوئی دکھائی دے رہی ہے کچھ ایسی خرابیاں جڑیں پکڑ رہی ہیں جن کو اگر ابھی نہ روکا گیا تو جماعت میں بڑی خرابیاں پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔

اس میں پہلی چیز، نظامِ جماعت کی اطاعت ہے کچھ جگہوں پر یا کچھ بہنوں میں مجھے شدّت سے اس کی کمی نظر آ رہی ہے۔یا تو ان کو اطاعتِ نظام کی سمجھ نہیں ہے یا پھر محض کسی جھوٹی انا کی خاطر وہ ایسا کر رہی ہیں۔

اطاعتِ نظام ایک ایسا امر ہے جس کے بغیر دنیا کا کوئی نظام کامیاب نہیں ہوسکتا۔لیکن جماعت احمدیہ کا نظام تو ہر لحاظ سے اعلیٰ اور ارفع ہے جس کے تحت چلنے اور اطاعت کرنے کی خاص طور پر اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کی طرف سے ہدایت دی گئی ہے۔جب تک ہم اس نظام کی اطاعت کرتے رہیں گے اللہ تعالیٰ اور حضرت خلیفۃ المسیح کے پیار کی نظریں ہم پر پڑتی رہیں گی۔اور جیسے ہی ہم نظام سے الگ ہوئے تو جس طرح کسی راستے سے بھٹکنے والے لوگ منزل پر نہیں پہنچ سکتے اس طرح ہم بھی کسی منزل تک نہیں پہنچ سکیں گے۔(الفضل 27 ستمبر 2010)

قرآن مجید کی سورہ البقرہ آیت 209 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

یٰۤاَ یُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُو ادْخُلُوْا فِی السِّلْمِ کَآفَّۃً ص

ترجمہ:۔اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو تم سب کے سب اطاعت (کے دائرہ) میں داخل ہو جاؤ۔

سورۃ النساء آیت نمبر ۶۰ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

یٰۤاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ ج

ترجمہ:۔اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے حکام کی بھی طاعت کرو۔سورۃ الفتح آیت نمبر ۱۷ میں بیان ہے۔

فَاِنْ تُطِیْعُوْا یُؤْتِکُمُ اللّٰہُ اَجْرًا حَسَنًا ج وَاِنْ تَتَوَلَّوْا کَمَا تَوَلَّیْتُمْ مِّنْ قَبْلُ یُعَذِّبْکُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا۔

ترجمہ:۔پس اگر تم اطاعت کرو گے تو اللہ تمہیں بہت اچھا اجر عطا کرے گا اور اگر تم پیٹھ پھیر جاؤ گے جیسا کہ پہلے پیٹھ پھیر گئے تو وہ تمہیں دردناک عذاب دے گا۔

جماعتِ احمدیہ کا نظام ایک ایسا نظام ہے جو بچپن سے لیکر بڑھاپے تک اور عمر کے ہر حصہ میں ہر احمدی کو پیار اور محبت کی لڑی میں پرو کر رکھتا ہے۔ایک ٹیم ورک کے تحت کام کرنے کی تربیت کی جاتی ہے۔

آنحضرت ﷺ نے حکام اور امراء کی اطاعت لازم قرار دے کر ہر قسم کے فرق کو ختم کر دیا اور بتایا کہ خدا اور رسول کے لئے جس قسم کی اطاعت کا تم سے تقاضا کیا جاتا ہے حکام اور امراء کے ہر معروف کام میں اسی قسم کی اطاعت تم پر واجب ہے جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

’’جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی جس نے میرے امیر کی اطاعت کی تو اس نے میری اطاعت کی۔اسی طرح جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی اور جس نے میرے امیر کی نافرمانی کی اس نے میری نافرمانی کی۔‘‘

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ امیر کی اطاعت ہر صورت میں لازم ہے۔جب آپ کے اوپر ایک امیر، نگران اور عہدیدار مقرر کر دیا جاتا ہے تو اس کی اطاعت آپ پر فرض ہے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

’’تو کون ہے ہم میں سے جو یہ پسند کرتا ہو کہ ہم آنحضرت ﷺ کے دائرہ اطاعت سے باہر نکلیں۔کوئی احمدی یہ تصور بھی نہیں کر سکتا۔

پس جب یہ سوچا بھی نہیں جا سکتا تو پھر عہدیداران کی اور امراء کی اطاعت خالصتاً اللہ کی خاطر اپنے اوپر واجب کر لیں۔یاد رکھیں آپ کو قطعاً یہ اجازت نہیں ہے کہ کسی بھی عہدیدار کی نافرمانی کریں۔اگر کوئی ایسی صورت ہے تو پھر حدیث کی روشنی میں آپ عہدیدار سے عدم تعاون کر کے ان کی نافرمانی کر کے خلیفہ وقت کی نافرمانی کر رہے ہیں۔پھر یہ سلسلہ اوپر تک بڑھتا چلا جائے گا۔پس ہر ایک کی بقا اسی میں ہے کہ وہ اس عہد پر قائم رہے کہ وہ ہر قربانی کے لئے تیار رہے گا۔‘‘ (خطبات مسرور جلد اول صفحہ 266)

اسی طرح یکم جولائی ۲۰۰۵ء کے خطبات میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

یاد رکھیں جہاں محبت کرنے والے دل ہوتے ہیں وہاں فتنہ پیدا کرنے والے شیطان بھی ہوتے ہیں، جو اس تعلق کو توڑنے یا اس تعلق میں رخنے ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں۔پس ایسے لوگوں سے بھی آپ کو ہوشیار رہنا چاہیے۔اپنے ماحول پر نظر رکھنی ہے۔کہیں سے بھی کوئی ایسی بات سنیں جو جماعتی وقار یا خلافت کے احترام کے خلاف ہو تو فوری طور پر عہدیداران کو بتائیں۔امیر صاحب کو بتائیں۔مجھے بتائیں کیونکہ بعض دفعہ بظاہر بہت چھوٹی چھوٹی باتیں ہوتی ہیں لیکن اندر ہی اندر پکتی رہتی ہیں اور کمزور طبائع کو خراب کرنے کا باعث بنتی ہیں۔

یہاں پر میں یہ بات واضح کر دینا چاہتی ہوں کہ تمام عہدیداران اور کارکنان احمدیت کسی نہ کسی طرح خلیفہء وقت کے نمائندے ہوتے ہیں۔

وہ جب آپ کو کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کے لئے کہتے ہیں تو برا نہیں منانا چاہیئے۔وہ وہی حکم آپ کو دے رہے ہوتے ہیں جس کے کرنے کا حکم اوپر سے یعنی خلیفہء وقت کی طرف سے آتا ہے۔

اگر آپ ان کی اطاعت کرینگی تو خلیفہء وقت کی اطاعت ہوگی اور نافرمانی کی صورت میں خلیفہء وقت کی نافرمانی ہوگی۔بعض اوقات ایسی باتیں سننے میں آتی ہیں کہ فلاں اپنے عہدے کا رعب جھاڑ رہی ہے فلاں اپنی صدارت کا رعب جھاڑ رہی ہے۔یہ نہایت کم عقلی کی باتیں ہیں صدران یا بقیہ عہدیداران آپ کو آپکی غلطیوں کا احساس نہیں دلائیں گی تو انہیں انکے عہدوں پر رہنے کا کوئی حق نہیں ہوگا۔ہر عہدیدار خلیفہء وقت کے سامنے اور خاص طور پر خدا کے سامنے جوابدہ ہوگا کہ کیا اس نے اپنے عہدہ کے ساتھ انصاف کیا اس کا صحیح حق ادا کیا۔

اگر ایک عہدیدار ٹھیک طرح سے اللہ تعالیٰ کا اور خلیفہء وقت کا حکم آپ تک پہنچا رہا ہے اور اس کی پابندی کروانے کی کوشش کرتا ہے تو وہی اپنے عہدے کے ساتھ انصاف کر رہا ہے۔اس پر اگر آپ یہ کہیں وہ عہدے کا رعب جھاڑ رہا ہے تو وہ بیچارہ کدھر جائے آپ کو خوش کرے یا اپنے خدا کو۔آپ لوگ خود انصاف کریں۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی جماعت کو متنبہ کرتے ہوئے

فرماتے ہیں: ’’جو شخص پورے طور پر اطاعت نہیں کرتا وہ اس سلسلہ کو بدنام کرتا ہے دوستو! نظام جماعت کی برکات حاصل کرنے کے لئے یہ بہت ضروری ہے کہ ہم سب امام وقت کے پیچھے یوں چلیں جیسے سایہ اپنی اصل کے پیچھے گردش کرتا ہے۔‘‘ (فتح اسلام روحانی خزائن جلد ۳ صفحہ ۳۴)

ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

’’کسی بھی قوم یا جماعت کی ترقی کا معیار اور ترقی کی رفتار اس قوم یا جماعت کے معیارِ اطاعت پر ہوتی ہے۔ جب بھی اطاعت میں کمی آئے گی، ترقی کی رفتار میں کمی آئے گی۔ اور الٰہی جماعتوں کی نہ صرف رفتار میں کمی آتی ہے بلکہ روحانیت کے معیار کے حصول میں بھی کمی آتی ہے۔ یاد رکھیں اطاعت کے معیاروں کو حاصل کرنے کے لئے قربانیاں بھی کرنی پڑتی ہیں اور صبر بھی دکھانا پڑتا ہے، ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ برکت ہمیشہ نظام جماعت کی اطاعت اور اس کے ساتھ وابستہ رہنے میں ہے۔‘‘ (خطبات مسرور جلد دوم ۶۰۴ تا ۶۱۴)

اطاعت ایک ایسا حکم یا عمل ہے جس کے بغیر کوئی نظام چل نہیں سکا اور نہ ہی کوئی پیغام پایہء تکمیل تک پہنچ سکتا ہے۔ جہاں اطاعت نہیں وہاں بگاڑ ہے جہاں فرمانبرداری نہیں وہاں فساد ہے دنیا میں وہی نظام کامیاب ہوتا ہے جہاں اطاعت کی روح کامل کارفرما ہو۔ (الفضل ۲۷ ستمبر ۲۰۱۰)

اسی طرح غیبت وعیب جوئی، بدظنی اور تجسس جیسی بری بیماریاں بھی ہماری جماعت میں جڑ پکڑنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ جن میں اطاعت کا مادہ نہیں وہ اس بیماری کا زیادہ شکار ہو رہے ہیں وہ نظام جماعت کی نافرمانی کرتے ہوئے اپنے کسی احمدی بہن بھائی یا عہدیدار پر بدظنی اور عیب جوئی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ جب کسی بہن کو روکا جائے کہ غیبت نہیں کرنی تو کہہ دیتی ہے کہ یہ غیبت نہیں سچی بات ہے۔ دراصل سچی بات کو ہی کسی کی غیر موجودگی میں اس طرح پیش کرنا غیبت کہلاتا ہے جس کے نتیجہ میں آپس میں فتنہ وفساد برپا ہوتا ہے۔ قرآن مجید میں آتا ہے۔

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ نِ (الھمزہ: ۲)

ترجمہ:۔ ہلاکت ہو ہر غیبت کرنے والے اور سخت عیب جو کے لئے۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول مقبول ﷺ نے فرمایا:

کہ معراج کی رات میں کچھ لوگوں کے پاس سے گزرا جن کے ناخن تانبے کے تھے اور وہ اپنے سینے اور چہرے کو نوچتے تھے۔ میں نے کہا اے جبرائیل یہ کون لوگ ہیں؟ جبرائیل نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو دنیا میں لوگوں کی بدگوئیاں کرتے تھے یعنی غیبت۔ (ابوداؤد)

پس لوگوں میں ان کی اچھائیاں تلاش کریں اور برائیوں سے درگزر کریں۔ پیٹھ پیچھے بھی ان کی کسی کمزوری کی تشہیر نہ کریں بلکہ اصلاح کی کوشش کریں اور صحیح طریقے سے غلطیوں کی نشاندہی کریں۔ ہر انسان معزز ہے پس ہمیں کسی کو حقارت سے نہیں دیکھنا چاہیے ورنہ باہمی محبت میں فرق آئے گا۔ کمزوریوں کی تشہیر کرنے سے نفرتیں جنم لیتی ہیں۔ حدیث ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص دنیا میں کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرتا ہے اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس پردہ پوشی فرمائے گا۔ (ترمذی)

جب ہم کسی کی کمزوری اچھالنے لگیں تو خود سوچ لیں اور پرکھ لیں اور اچھی طرح جائزہ لے لیں کہ آیا یہ کمزوری خود ہمارے اندر بھی تو نہیں اور اسی طرح اگر ہم اپنا محاسبہ کرنے لگیں تو ہمیں اپنے اندر اس قدر کمزوریاں نظر آئیں گی کہ ہم جرأت نہیں کرسکیں گے کہ دوسرے کی کمزوری سے پردہ اٹھاسکیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں کہ

’’ہماری جماعت کو چاہیے کہ کسی بھائی کا عیب دیکھ کر اس کے لئے دعا کریں۔ لیکن اگر وہ دعا نہیں کرتے اور اس کو بیان کر کے دور سلسلہ چلاتے ہیں تو گناہ کرتے ہیں کونسا عیب ہے جو دور نہیں ہوسکتا اس لئے ہمیشہ دعا کے ذریعے دوسرے بھائی کی مدد کرنی چاہیے۔‘‘ (ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۶۱)

قرآن مجید میں غیبت کرنے والے کو ایک بھائی کا گوشت کھانے سے تعبیر کیا گیا ہے۔ (الحجرات: ۱۳)

بدظنی سے تجسس اور تجسس سے غیبت کی عادت شروع ہوتی ہے یہ ایک بڑی بد اخلاقی ہے اور مردار کھانے کی مانند ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں کہ ایک صوفی نے کشفی طور پر دیکھا کہ ایک شخص نے کسی کی غیبت کی۔ تب اس سے قے کرائی گئی تو اندر سے بوٹیاں نکلیں جن سے بو آتی تھی۔ (حقائق الفرقان جلد ۴ صفحہ ۶۔۷)

کتنے خوف کا مقام ہے مگر ہمارے ہاں آجکل فری فون یا unlimited calls ہونے کی وجہ سے بعض بہنیں ایک دوسرے سے ایسے عیب چینی کر رہی ہوتی ہیں مگر ساتھ ساتھ یہ بھی کہہ رہی ہوتی ہیں کہ ہماری عادت نہیں کہ کسی کی عیب جوئی

کریں۔ حالانکہ سو میں سے پچاس باتیں ان کی عیب جوئی کی ہوتی ہیں مگر وہ عیب چینی کرتے وقت یہ نہیں سمجھتیں کہ ہم عیب چینی کر رہے ہیں۔ پھر انہی عیب جوئیوں اور بدظنیوں کا ذکر گھر میں چلتا رہتا ہے۔ بچوں کے کانوں میں بھی یہ باتیں پڑتی رہتی ہیں۔ وہ بھی ان باتوں کا اثر لیتے ہیں اور ان بچوں کی اٹھان بھی اس بدظنی یا غیبت کے ماحول میں ہوتی ہے اور یوں بڑے ہو کر وہ بھی اس وجہ سے اس برائی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ بلکہ ایسے گھروں کے بچے بھی بعض اوقات ٹوہ اور تجسس میں دوسرے گھروں کی ایسی باتیں معلوم کر کے اپنے والدین کو بتاتے ہیں کہ جن سے فساد کا خطرہ ہوتا ہے ان بچوں کو بھی پتہ ہوتا ہے کہ ہماری ماں کی دلچسپی اسی میں ہے۔

حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں کہ

'عورت ایک قیمتی ہیرا ہے لیکن اگر اس کی تربیت نہ ہو تو اس کی قیمت کچے شیشے کے برابر بھی نہیں ہے کیونکہ کچا شیشہ تو پھر بھی کام آتا ہے۔ لیکن ان عورتوں کی کوئی قیمت نہیں جس کی تعلیم و تربیت اچھی نہ ہو اور وہ دین کے کام نہ آسکیں۔'' (انوار العلوم جلد ۷ صفحہ ۴۲۲)

اسی طرح کسی مجلس یا میٹنگ میں جو باتیں ہوتی ہیں ان میں اگر پچاس باتیں positive ہوں گی اور ایک بات اگر negative ہو گئی ہے تو اس کا چرچا فوراً ہو جاتا ہے گھر گھر بات پہنچ جاتی بلکہ مرچ مصالحے کے ساتھ پہنچتی ہے۔ یہ نہایت غلط انداز ہے۔ کیا فائدہ جماعتی میٹنگز کرنے کا، اگر اثر ہی نہیں لینا سب دینی اخلاق اور کام کی باتیں وہیں چھوڑ کر چلی جاتی ہیں۔ ساتھ صرف گلے شکوے اور لگائی بجھائی لیکر چلی جاتی ہیں۔ خدارا اپنے آپ کو اور اپنی سوچوں کو positive بنائیں۔

اسی طرح کچھ لوگ آپ کے سامنے ایسے اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں کہ مجھ سے زیادہ آپ کا کوئی ہمدرد، پیار کرنے والا یا چاہنے والا نہیں لیکن پیٹھ پیچھے ایسی باتیں کرتے ہیں کہ سن کر حواس باختہ ہو جاتے ہیں۔ ایسے لوگ بہت خطرناک ہیں جو منافقت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ایسے لوگوں سے بچائے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

''عارضی مزے کے لئے اپنی جنت کو ضائع مت کرو۔''

حدیث ہے کہ غیبت کرنے والے لوگ جنت میں داخل نہیں ہوں گے، تو کون عقلمند لوگ ہیں جو ایک عارضی مزے کے لئے، دنیاوی چیزوں کے لئے اور ذرا سی باتوں کا مزا لینے کے لئے اپنی جنتوں کو ضائع کرتا پھرے۔

اسی طرح حدیث ہے۔ ''غیبت کرنے والے کی نیکیاں نامۂ اعمال سے نکال دی جائیں گی۔''

دیکھیں غیبت کی وجہ سے وہ تمام نیک کام نماز، روزے، صدقے، کسی غریب کی خدمت کرنا سب نیکیاں نامہ اعمال سے مٹا دی گئی ہیں صرف اس لئے کہ وہ لوگوں کی غیبت کرتا تھا۔ اسکا علاج استغفار اور دعا ہے۔ (خطبہ جمعہ فرمودہ ۲۶ دسمبر ۲۰۰۳ء)

اسی طرح یکطرفہ بات سن کر کسی کے خلاف نہیں ہو جانا چاہیے کسی سے بدظن نہیں ہونا چاہیے بلکہ تحقیق کرنی چاہیے۔

اکثر بہنیں بات سن کر یکطرفہ رائے قائم کر لیتی ہیں انہیں چاہیے کہ غیبت کرنے والے کی حوصلہ شکنی کریں۔ جب تک دوسری طرف سے بات پتہ نہ چلے یقین نہ کریں اگر یقین کرتی ہیں تو بدظنی کرتی ہیں۔ میں لجنہ کی تمام عاملہ ممبران کو خاص طور پر مخاطب ہوں کہ وہ غیبت اور بدظنی جیسی مرض سے حتی الوسع بچنے کی کوشش کریں۔

عاملہ ممبران چاہے وہ نیشنل ہوں یا لوکل انکا نمونہ مثالی ہونا چاہیے۔ اگر خود ہی ایکدوسرے پر عیب جوئی اور بہتان تراشی کر رہی ہیں تو مجھے نہایت افسوس سے یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ میں ان کے خلاف کاروائی کرنے کے لئے مجبور ہو جاؤں گی۔ تمام عاملہ ممبران ایکدوسرے کا احترام کریں چاہے عہدہ بڑا ہو یا چھوٹا احترام بہرحال لازم ہے۔

اگر کوئی ماتحت عہدیدار بڑے عہدیدار کو تمیز کے دائرہ میں رہتے ہوئے کوئی کام کہتی ہیں تو انہیں برا نہیں منانا چاہیے۔ کام کوئی بڑا یا چھوٹا نہیں ہوتا۔ ہم سب لوگ جماعت کی خدمت محض اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے کر رہے ہیں کیا پتہ جس کام کو کوئی چھوٹا سمجھ رہی ہو اس کے کرنے میں کتنا ثواب ہو جو آپ بڑے عہدے پر فائز ہوتے ہوئے بھی وہ ثواب حاصل نہ کر سکیں۔

جماعتی کاموں کو اپنے آپ کے لئے پیش کریں اور بچوں میں بھی یہ روح پیدا کریں کہ وہ جماعت کی خدمت اور بڑوں کی خدمت اور عزت کو عار نہ سمجھیں۔ میری دلی خواہش ہے کہ میں اپنی جماعت کو محبت اور پیار کی لڑی میں پرو دوں۔ مگر اس کے لئے اپنے دلوں سے نفرتیں اور کدورتیں نکالنی ہوں گی ایک دوسرے کے۔۔۔ (بقیہ حصّہ صفحہ نمبر 67 پر)

حضرت عثمان فارسیؓ کا قبول اسلام

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا اصل نام مابہ تھا اور آپؓ کے والد بوزخشان،آگ کے پجاری تھے اور اصفہان کے ایک گاؤں جی کے رہنے والے تھے۔آپؓ نے عیسائی مذہب قبول کر کے ایک عیسائی پادری کے پاس رہنا شروع کر دیا اور گزارہ کے لئے بکریاں اور گائیں پال لیں۔پادری نے مرنے سے پہلے انہیں آسمانی علامات کے حوالہ سے بتایا کہ عنقریب صحرائے عرب میں ایک نبی آئے گا جو دین ابراہیمی کو پھر سے زندہ کرے گا اور ایسے شہر کی طرف ہجرت کرے گا جو دو پتھریلے میدانوں کے درمیان ہے اور اس میں کھجوروں کے درخت بکثرت ہیں۔وہ ہدیہ قبول کرے گا لیکن صدقہ کو اپنے اوپر حرام سمجھے گا اور اس کے شانوں کے درمیان مہر نبوت ہوگی۔

پادری کے مرنے کے کچھ عرصہ بعد آپؓ اپنے ریوڑ کے عوض عرب قبیلہ بنو کلب کے ایک قافلہ کے ساتھ عرب کو روانہ ہوئے لیکن قافلہ والوں نے دھوکہ دیا اور ام القریٰ کے مقام پر آپؓ کو ایک یہودی کے ہاتھ فروخت کر دیا جس کا چچازاد بھائی مدینہ میں رہتا تھا جو آپؓ کو خرید کر اپنے ہمراہ لے گیا۔وہیں آپؓ کو ایک روز آنحضورﷺ کی بعثت کا علم ہوا۔چنانچہ آپؓ ایک شام سارے دن کی مشقت کے بدلے ملنے والی چند کھجوریں لے کر آنحضورﷺ کی خدمت حاضر ہوئے اور بطور صدقہ وہ کھجوریں خدمت رسالت میں پیش کیں لیکن حضورﷺ نے ساری کھجوریں ناداروں میں تقسیم کر دیں اور خود ایک بھی نہیں لی۔چندروز بعد آپؓ نے کچھ کھجوریں بطور ہدیہ آنحضورﷺ کی خدمت میں پیش کیں تو حضورﷺ نے ان سے خود بھی کھائیں چنانچہ آپؓ کے نزدیک آنے والے کے بارے میں یہ نشانی پوری ہوگی کہ وہ صدقہ اپنے اوپر حرام سمجھے گا لیکن ہدیہ قبول فرمائے گا۔

جب حضرت سلمان فارسیؓ کے مالک کو آپؓ کی آنحضورﷺ سے ملاقاتوں کا علم ہوا تو وہ بہت برہم ہوا اور آپؓ پر سختی کرنے لگا۔ایک روز آنحضورﷺ ایک جنازے کے ساتھ جا رہے تھے۔جب آنحضورﷺ واپس ہوئے تو آپؓ بھی حضورﷺ کے پیچھے پیچھے چلنے لگے۔اللہ تعالیٰ نے آنحضورﷺ کو بتا دیا کہ پیچھے آنے والا کیا چاہتا ہے چنانچہ آنحضورﷺ نے اپنی پیٹھ سے کپڑا اٹھا دیا اور آپؓ نے مہر نبوت کو بالکل اسی طرح پایا جس طرح کہ پادری نے بتایا تھا۔حضرت سلمانؓ نے نم آنکھوں کے ساتھ مہر نبوت کا بوسہ لیا اور ساری داستان آنحضورﷺ کے گوش گزار کر کے اسلام قبول کر لیا۔(حضرت سلمان فارسیؓ سے متعلق محترم مرزا خلیل احمد قمر صاحب کی کتاب کی تلخیص محترم ناصر احمد طاہر صاحب کے قلم سے ماہنامہ تشحیذ الاذہان دسمبر ۹۵ کی زینت ہے)

سمیرا ملک۔ڈبلن

جمعہ کے دن کی اہمیت

جمعہ کے دن کی اہمیت اور فضیلت اور نماز جمعہ کی فرضیت کا اندازہ اس سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے اس کے بارہ میں خاص طور پر ایک سورت قرآن شریف میں نازل ہوئی جس کا نام سورۃ الجمعہ ہے۔اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ نماز جمعہ کے وقت کاروبار زندگی بند کر کے اللہ تعالیٰ کے ذکر اور عبادت میں مصروف ہو جائیں۔حقیقت یہ ہے کہ جمعہ کا دن مومنوں کے لئے عید کے دن کی حیثیت رکھتا ہے اسلام میں اس دن کی بہت اہمیت ہے سات دنوں میں یہ مبارک دن ہوتا ہے۔احادیث پاک میں بھی جمعہ کی فضیلت واہمیت بیان کی گئی ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرتﷺ نے فرمایا: دنوں میں بہترین دن جس میں سورج چڑھتا ہے وہ جمعہ کا دن ہوتا ہے اسی دن آدم پیدا کئے گئے اسی دن جنت میں لے جائے گئے اور اسی دن جنت سے نکالے گئے (مسلم کتاب الصلوۃ باب فضل یوم الجمعہ)

ایک اور جگہ حضورﷺ نے فرمایا؛ دنوں میں بہترین دن جمعہ کا دن ہے اس دن مجھ پر بہت زیادہ دُرود بھیجا کرو اس دن تمہارا یہ درود میرے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔(ابوداود کتاب الصلوۃ باب تفریح ابواب الجمعہ)

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرتﷺ نے جمعہ کا ذکر کیا اور فرمایا اس میں ایک گھڑی ایسی آتی ہے کہ جب مومن کو ایسی گھڑی ملے اور وہ کھڑا نماز پڑھ رہا ہو تو جو دُعا مانگے وہ قبول کی جاتی ہے آپﷺ نے ہاتھ کے اشارے سے بتایا کہ یہ گھڑی بہت ہی مختصر ہوتی ہے۔(مسلم کتاب الجمعۃ باب فی الساعۃ التی یوم الجمعہ)

ایک دفعہ آنحضرتﷺ نے فرمایا کہ جس شخص کو اس دن نماز جنازہ خطبہ نکاح نماز جمعہ اور کسی بیمار کی عیادت کی توفیق نصیب ہو تو اُسے جنت کی خوشخبری ہو۔آنحضرتﷺ نے فرمایا کہ جمعہ ہر اُس گاؤں میں واجب ہے جہاں نماز پڑھانے والا امام ہو خواہ مقتدی چار ہوں یا تین۔

(طبرانی وابن بحوالہ نیل الاوطار جلد ۳ صفحہ ۲۳۱ باب انعقاد الجمعہ باربع واقامتھا فی القری)

ان احادیث سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ اس دن کی اہمیت اور برکات بہت افضل ہیں اللہ تعالیٰ ہمیں جمعہ کی پابندی اور اس کی برکات سے بہرہ مند ہونے کی توفیق بخشے (آمین)

خالدہ افتخار۔Athlone

تمام گناہوں کی جڑ تین امور

تکبّر، حرص اور حسد

(از کتاب اخلاقیات)

اللہ تعالیٰ نے جب آنحضرت ﷺ کے اخلاق عالیہ کی تعریف میں اِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیم فرمایا تو آنحضرت ﷺ نے اپنی بعثت کا مقصد ان الفاظ میں فرمایا: بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَکَارِمَ الاَخلَاق کہ میری بعثت کا مقصد یہ ہے کہ اخلاق عالیہ کی تکمیل کروں۔ چنانچہ اسی مقصد کی تکمیل کے لئے جہاں آپ نے اپنے اسوہ حسنہ اور نیک نمونہ سے اخلاق فاضلہ قوم میں پیدا کرنے کی ہر ممکن کوشش کی وہاں آپ نے ان بنیادی امور کی بھی نشان دہی کی جو انسان کو گناہوں کے اتھاہ سمندر میں دھکیل دیتے ہیں اور اخلاقِ فاسدہ سے بچاؤ کے لئے دعائیں بھی سکھائی ہیں تا ان دعاؤں کے ذریعہ لوگ اللہ کی رحمت کو جوش میں لا کر اپنی پیدائش کے مقصد کو پورا کر سکیں۔

عنوان مضمون کے مطابق اب آنحضرت ﷺ کی وہ حدیث درج کی جاتی ہے جس میں آپ نے تین امور کو تمام گناہوں کی جڑ قرار دیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تین امور یا تین چیزیں وہ ہیں جو تمام گناہوں کی جڑ ہیں۔ پس ان تینوں سے بچو اور ان تینوں سے ہوشیار رہو۔ دیکھو تکبر سے بچو کیونکہ ابلیس کو تکبر ہی نے اس بات پر انگیخت کیا کہ اس نے حضرت آدم علیہ السلام کی فرمانبرداری سے انکار کر دیا۔ اور حرص سے بچو کیونکہ یہ حرص اور لالچ ہی تھا جس نے آدم علیہ السلام کو درخت ممنوعہ کا پھل کھانے پر اکسایا۔ اور حسد سے بچو کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں میں سے ایک کو حسد نے ہی اس بات پر آمادہ کیا کہ اس نے اپنے ساتھی کو قتل کر دیا۔ (مسلم کتاب البر والصل)

اس حدیث نبویؐ میں مذکور تین امور جن کو تمام گناہوں کی جڑ قرار دیا گیا ہے ان کی وضاحت اور تشریح آیات قرانی، احادیث نبوی اور تحریرات وملفوظات حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے درج کی جاتی ہے۔

پہلا امر جس کو تمام گناہوں کی جڑ قرار دیا گیا ہے وہ تکبر ہے کیونکہ ابلیس نے تکبر کی وجہ ہی سے حضرت آدم علیہ السلام کی فرمانبرداری سے انکار کر دیا۔

چنانچہ قرآن کریم کی یہ آیت اس حقیقت کو یوں واضح کرتی ہے:

’’ہم نے تمہیں پہلے مبہم شکل میں پیدا کیا تھا جس کے بعد تم کو تمہارے مناسب حال صورتیں بخشی تھیں پھر ملائکہ سے کہا تھا کہ آدمؑ کی اطاعت کرو اس پر فرشتوں نے تو آدم کی اطاعت کی مگر ابلیس نے نہ کی۔ وہ اطاعت گزاروں میں سے نہیں تھا۔ اس پر خدا نے اس سے کہا کہ میرے حکم کے باوجود تجھے سجدہ کرنے سے کس نے روکا تھا۔ اس نے جواب دیا کہ میں تو اس آدم سے بہتر ہوں۔ تو نے میری فطرت میں آگ رکھی ہے اور اس کی فطرت میں گیلی مٹی کی صفت رکھی ہے‘‘۔ (سورۃ الاعراف)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے بڑی گہری نظر سے ان باتوں اور ان امور کو بھی تکبر میں شامل فرمایا ہے جن کے متعلق عام انسان کبھی وہم بھی نہیں کر سکتا کہ انہیں بھی تکبر میں شمار کیا جائے۔ آپ فرماتے ہیں:

’’۔۔۔ وہ شخص بھی جو اپنی طاقتوں پر بھروسہ کر کے دعا مانگنے میں سست ہے وہ بھی متکبر ہے کیونکہ قوتوں اور قدرتوں کے سرچشمہ کو اس نے شناخت نہیں کیا اور اپنے تئیں کچھ چیز سمجھا ہے۔

سو تم اے عزیزو! ان تمام باتوں کو یاد رکھو۔ ایسا نہ ہو کہ تم کسی پہلو سے خدا تعالیٰ کی نظر میں متکبر ٹھہر جاؤ اور تم کو خبر نہ ہو۔ ایک شخص جو اپنے ایک بھائی کے ایک غلط لفظ کی تکبر کے ساتھ تصحیح کرتا ہے اس نے بھی تکبر سے حصہ لیا ہے۔ ایک شخص جو اپنے بھائی کی بات کو تواضع سے نہیں سننا چاہتا اور منہ پھیر لیتا ہے اس نے بھی تکبر سے حصہ لیا ہے۔ ایک غریب بھائی جو اس کے پاس بیٹھا ہے اور وہ کراہت کرتا ہے اس نے بھی تکبر سے حصہ لیا ہے۔ ایک شخص جو دعا کرنے والے کو ٹھٹھے اور ہنسی سے دیکھتا ہے اس نے بھی تکبر سے ایک حصہ لیا ہے اور وہ جو خدا کے مامور اور مرسل کی پورے طور پر اطاعت کرنا نہیں چاہتا اس نے بھی تکبر سے ایک حصہ لیا ہے۔ اور وہ جو خدا کے مامور اور مرسل کی باتوں کو غور سے نہیں سنتا اور اس کی تحریروں کو غور سے نہیں پڑھتا اس نے بھی تکبر سے ایک حصہ لیا ہے سو کوشش کرو کہ کوئی حصہ تکبر کا تم میں نہ ہو تا کہ ہلاک نہ ہو جاؤ اور تا تم اپنے اہل و عیال سمیت نجات پاؤ۔۔۔‘‘۔ (نزول المسیح، روحانی خزائن جلد ۱۸ صفحہ ۴۰۲، ۴۰۳)

پھر آپؑ کس درد بھرے دل سے فرماتے ہیں:

"خدایا مجھے ایسے الفاظ عطا فرما اور ایسی تقریریں الہام کر جو ان دلوں پر اپنا نور ڈالیں اور اپنی تریاقی خاصیت سے ان کی زہر کو دور کر دیں۔ میری جان اس شوق سے تڑپ رہی ہے کہ کبھی وہ بھی دن ہو کہ اپنی جماعت میں بکثرت ایسے لوگ دیکھوں جنہوں نے درحقیقت جھوٹ چھوڑ دیا اور ایک سچا عہد اپنے خدا سے کر لیا کہ وہ ہر یک شر سے اپنے تئیں بچائیں گے اور تکبر سے جو تمام شرارتوں کی جڑ ہے بالکل دور جا پڑیں گے اور اپنے رب سے ڈرتے رہیں گے۔۔۔"

(مجموعہ اشتہارات جلد اول صفحہ ۴۴۵)

حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جو تکبر کو تمام شرارتوں کی جڑ قرار دیا اور تکبر کی باریکیوں سے بھی اجتناب کی نصیحت فرمائی ہے تو وہ بھی اپنے آقا اور مطاع حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی احادیث کی روشنی میں ہی فرمایا ہے کیونکہ حدیث نبویؐ ہے لا یدخل الجنۃ من کان فی قلبه مثقال ذرة من الکبر یعنی جس شخص کے دل میں ذرہ بھر بھی تکبر ہے وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ (مشکوٰۃ کتاب الادب)

دوسرا امر جس کو آنحضرت ﷺ نے تمام گناہوں کی جڑ قرار دیا ہے وہ حرص اور لالچ ہے۔ آنحضرت ﷺ ایک دوسری حدیث میں فرماتے ہیں: اگر ابن آدم (انسان) کو دو وادیاں مال کی بھری ہوئی بھی مل جائیں پھر بھی چاہے گا کہ تیسری وادی مال کی بھری ہوئی مل جائے۔ اور ابن آدم (انسان) کا پیٹ صرف (قبر کی) مٹی بھرے گی۔ اور اللہ تعالیٰ اس پر رجوع برحمت ہوتا ہے جو اس کے حضور توبہ کرتا ہے۔

حقیقتاً اللہ تعالیٰ کے راستے میں مالی قربانیوں سے دریغ اور دعوۃ الی اللہ کے لئے وقت کی قربانی دینے میں کوتاہی کی وجہ بھی مال کی حرص ہی ہوتی ہے کہ انسان کی ضروریات ختم ہونے میں نہیں آتیں اور دنیاوی عیش و آرام کے حصول کے لئے رات دن کوشاں رہتا ہے۔ اور پھر جب یہ حرص بڑھتی ہے تو پھر ایسا انسان اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ یہ مال حلال طریق سے آ رہا ہے یا حرام اور ناجائز طریق سے حاصل کیا جا رہا ہے۔ اور اس طرح یہ مال کی حرص انسان کو گناہوں پر مجبور کر دیتی ہے۔ تبھی تو آنحضرت ﷺ ایک اور حدیث میں فرماتے ہیں:

"دو بھوکے بھیڑیے جن کو بھیڑ بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑ دیا جائے اتنا خرابی اور فساد کا باعث نہیں بنتے جتنا ایک شخص کا مال کا حرص کرنا اور اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔ اس کے دین کی خرابی اور فساد کا موجب ہے۔ (مشکوٰۃ کتاب الرقاق)

تیسرا امر جس کو آنحضرت ﷺ نے تمام گناہوں کی جڑ قرار دیا وہ حسد ہے۔ حدیث کے الفاظ ہیں کہ حسد سے بچو کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں میں سے ایک کو حسد نے ہی اس بات پر آمادہ کیا کہ اس نے اپنے ساتھی کو قتل کر دیا۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں: حسد انسان میں ایک بہت برا خلق ہے جو چاہتا ہے کہ ایک شخص سے ایک نعمت زائل ہو کر اس کو مل جائے۔ لیکن اصل کیفیت حسد کی صرف اس قدر ہے کہ انسان اپنے کسی کمال کے حصول میں یہ روا نہیں رکھتا کہ اس کمال میں اس کا کوئی شریک بھی ہو۔ پس درحقیقت یہ صفت خدا تعالیٰ کی ہے جو اپنے تئیں ہمیشہ وحدہ لاشریک دیکھنا چاہتا ہے۔

(نسیم دعوت، روحانی خزائن جلد ۱۹ صفحہ ۳۹۰)

الغرض ہر احمدی مرد اور ہر احمدی عورت کو جہاں تمام گناہوں کی جڑ ان تین امور سے حتی الامکان بچنے کی کوشش کرنی چاہئے وہاں ساتھ ہی اللہ تعالیٰ سے دعا کرنی چاہئے کہ وہ ہمیں ان تینوں امور سے بچا کر رکھے اور مکارم اخلاق سے متصف کرے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

یہ عجب آنکھیں ہیں سورج بھی نظر آتا نہیں
کچھ نہیں چھوڑا حسد نے عقل اور سوچ اور بچار

(دُرِّثمین)

ماخوذ۔ امتہ الحفیظ شاہد۔ ڈبلن

نہ تھی حال کی جب ہمیں اپنے خبر رہے دیکھتے اوروں کے عیب و ہنر
پڑی اپنی برائیوں پر جو نظر تو نگاہ میں کوئی برا نہ رہا

بہادر شاہ ظفر

قبولیت دُعا کے طریق

سیدنا حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانیؓ کے الفاظ میں۔

میں خدا تعالیٰ کے فضل اور اس کی توفیق سے اس امر کے متعلق بیان چاہتا ہوں کہ انسان کو دُعا کس رنگ میں اور کس طریق سے کرنی چاہیے کہ جس کے نتیجے میں وہ قبولیت کا زیادہ امیدوار ہو اور وہ کیا شرائط ہونی چاہئیں کہ جن کے مطابق کی ہوئی دُعا خدا تعالیٰ کے حضور قبول ہو جائے۔ میں قطعاً کوئی ایسا گر نہیں بتانا چاہتا کہ جس سے آقا خادم اور خادم آقا بن جائے۔ خالق مخلوق اور مخلوق خالق ہو جائے۔ مالک غلام اور غلام مالک قرار پا جائے۔ ہاں ایسے رنگ اور طریقِ دُعا ضرور ہیں کہ جن سے انسان اللہ تعالیٰ کو خوش کر کے جہاں تک مخدوم اور خادم، خالق مخلوق، مالک اور مملوک کا تعلق ہے اپنی بات منوا سکتا ہے۔

خاص اور اعلیٰ طریق:۔

انسان پر ایک ایسا وقت آتا ہے جب کہ وہ خدا تعالیٰ کے ہاتھ میں بطور ہتھیار کے ہو جاتا ہے۔ اس کی ہر حرکت وسکون اللہ تعالیٰ کے لئے اور اسی کے اختیار میں ہوتی ہے ایسا انسان جو دُعا کرتا ہے وہ قبول ہو جاتی ہے۔ مگر یہ کوئی ایسا طریق نہیں ہے، جس کے متعلق ہر ایک انسان کو کہہ دیا جائے کہ اس طرح کیا کرو۔ کیونکہ یہ مرتبہ سے تعلق رکھتا ہے جس کا پانا انسان کے اپنے اختیار میں نہیں ہے۔ اسی لئے میں یہ طریق نہیں بتاؤں گا بلکہ وہ طریق بتاؤں گا جن میں بندہ کا اختیار اور تصرف ہے لیکن ان سے یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ ساری کی ساری دُعائیں قبول ہو جاتی ہیں بلکہ یہ کہ زیادہ قبول ہوتی ہیں۔

پہلا طریق:۔

خدا تعالیٰ نے ایسا گر بتایا ہے جو عام طور پر ہر فطرت انسانی میں کام کرتا نظر بھی آتا ہے اور یہ کہ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي ط۔ تم میری ہر ایک بات مان لیا کرو اور جو حکم ہم نے تمہارے لیے بھیجے ہیں ان پر عمل کرو اور اپنی تمام حرکات وسکنات کو شریعت کے ماتحت لے آؤ پھر تمہاری دُعائیں قبولیت میں بڑھ جائیں گی۔ کیوں؟ اس لئے کہ خادم کو انعام اسی وقت ملا کرتا ہے جب آقا خوش ہوتا ہے۔ اسی طرح خدا تعالیٰ بھی اسی کی دُعا قبول کرتا ہے جو اس کو راضی رکھتا ہے اسی لیے فرمایا فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي ط۔ میرے بندوں کو چاہئے کہ اگر وہ اپنی دُعائیں قبول کروانا چاہتے ہیں تو میری باتیں مان لیا کریں تو دُعا قبول ہونے کا پہلا گر خدا تعالیٰ نے اس آیت میں ہی بتا دیا ہے۔

دوسرا طریق:۔

فرمایا وَلْيُؤْمِنُوا بِي اگر میرے بندے دُعا قبول کروانا چاہتے ہیں تو اس کا دوسرا طریق یہ ہے کہ مجھ پر ایمان بھی لائیں۔ انسان شریعت کے تمام احکامات پر عمل کرے اور دُعائیں مانگے اور ساتھ ہی اس بات پر ایمان رکھے کہ خدا تعالیٰ دُعائیں قبول کرتا ہے اگر کوئی زبان سے دُعا کرتا ہے لیکن اِسے یقین ہی نہیں کہ خدا اس کی دُعا قبول کرے گا تو کبھی اس کی قبول نہیں ہو سکے گی کسی کو یقین ہی نہ ہو تو لاکھ ماتھا رگڑے، ناک گھساتے گھساتے دب جائے، حلق بیٹھ جائے، کبھی دُعا قبول نہ ہو گی۔ جس کو خدا پر امید نہیں ہوتی اس کی وہ نہیں سنتا۔

ایک بزرگ ہر روز دُعا مانگا کرتے تھے ایک دن جبکہ وہ دُعا مانگ رہے تھے ان کا ایک مرید آ کر ان کے پاس بیٹھ گیا اور اس وقت ان کو الہام ہوا جو اس مرید کو بھی سنائی دیا لیکن وہ ادب کی خاطر چُپ رہا اور اس کے متعلق کچھ نہ کہا، دوسرے دن جب انہوں نے دُعا مانگنی شروع کی تو وہی الہام ہوا جسے اس مرید نے بھی سُنا۔ اس دن بھی وہ چپ رہا۔ تیسرے دن وہی الہام ہوا اس دن اس سے نہ رہا گیا اس لیے بزرگ کو کہنے لگا آج تیسرا دن ہے کہ میں سُنتا ہوں ہر روز آپ کو خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں تمہاری دُعا قبول نہیں کرونگا۔ جب اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا تو پھر آپ کیوں دُعا کرتے ہیں۔ جانے دیجئے۔ انہوں نے کہا۔ نادان تُو تو صرف تین دن خدا کی طرف سے یہ الہام سن کر گھبرا گیا ہے اور کہتا ہے جانے دو۔ دُعا ہی نہ کرو۔ مگر مجھے تیس سال ہوئے یہی الہام سنتے لیکن میں نہیں گھبرایا اور نہ نا اُمید ہوا ہوں خدا تعالیٰ کا کام قبول کرنا ہے اور میرا کام دُعا مانگنا ہے تو خواہ مخواہ دخل دینے والا کون۔ وہ اپنا کام کر رہا اور میں اپنا کام کر رہا ہوں۔ لکھا ہے دوسرے ہی دن الہام ہوا کہ تم نے تیس سال کے عرصے میں جس قدر دُعائیں کیں تھیں وہ سب ہم نے قبول کر لی ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ سے نا اُمید نہیں ہونا چاہیے۔ خدا تعالیٰ کے فضل اور رحمت سے کبھی مایوس نہ ہو بلکہ دُعا کرتے وقت یہ پختہ یقین رکھو کہ خدا تعالیٰ تمہاری دُعا ضرور سُنے گا۔

تیسرا طریق:۔

اللہ تعالیٰ کے بندوں پر اگر کوئی احسان، مروّت اور رحم کرے تو اللہ

تعالیٰ بھی اس پر رحم کرتا ہے۔ تو دُعاؤں کی قبولیت کا ایک طریق یہ بھی ہے کہ جب کوئی اہم معاملہ درپیش ہو اور اس کے لیے دُعا کرنی ہو تو اس وقت کسی ایسے انسان کے جو کسی قسم کے دُکھ اور تکلیف میں ہو۔ آزار کو دور کیا جائے یا دُور کرنے کی کوشش کی جائے۔ جب کوئی شخص خدا تعالیٰ کے کسی بندے سے ایسا سلوک کرے گا تو اس کی وجہ سے خدا تعالیٰ اس کے دُکھ اور مشکل کو دُور کردے گا۔ یہ بہت اعلیٰ طریق ہے اس طریق سے دُعا بہت جلد قبول ہو جائے گی۔

چوتھا طریق:۔

یہ ہے کہ دُعا کرنے سے پہلے کثرت سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر دروُد بھیجیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم وہ انسان ہیں جو اللہ تعالیٰ کے حضور بنی نوع انسان میں سب سے زیادہ مقبول ہیں یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کلمہ توحید کے ساتھ آپ کا نام بھی رکھ دیا ہے۔ ایسے انسان کی نسبت جو درُود بھیج کر خدا تعالیٰ سے برکات چاہے خدا کی رحمت جوش میں آکر اس پر فضل کرنا شروع کردیتی ہے۔ وہ انسان جو آنحضرت ﷺ پر درُود بھیج کر دُعا کرتا ہے اس کی ہر ایک ایسے انسان سے بڑھ کر دُعا قبول ہوتی ہے جو بغیر درود شریف کے کرے۔ یہ کوئی نارِوا بات نہیں۔ یہ اسی طرح کی ہے کہ جو محبوب سے اچھا سلوک کرتا ہے وہ محبّ کا محبوب ہو جاتا ہے۔

پانچواں طریق:۔

پانچواں گر یہ ہے کہ انسان خدا تعالیٰ کی حمد کرے۔ جب کوئی انسان اللہ تعالیٰ کی صفات کو بیان کر کے کچھ مانگتا ہے تو خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ میرا محتاج بندہ جو کچھ مانگتا ہے اُسے دے دیا جائے۔ جس طرح آنحضرت ﷺ پر درُود بھیجنے سے خدا تعالیٰ کی محبت جوش میں آتی ہے۔ حمد کرنے کے وقت کہتا ہے کہ یہ میرا بندہ جو میری صفات بیان کر رہا ہے اس پر اپنی صفات ظاہر کر دیتا ہوں تا کہ اس کو عملی طور پر معلوم ہو جائے کہ جو کچھ وہ میرے متعلق کہتا ہے وہ سب درست ہے۔ تو حمد خدا تعالیٰ کی سب صفات کو جوش میں لے آتی ہے اور سب صفات جمع ہو کر ایک طرف جُھک جاتی ہیں تا کہ اُس کے بندے کا کام کریں۔

چھٹا طریق:۔

دُعا کرنے سے پہلے اپنے کپڑوں اور بدن کو صاف کرو اور اگر جسم پاک ہو تو روح پر بھی اس کا پاک ہی اثر پڑتا ہے۔ اسلام نے تمام عبادتوں کے لئے صفائی کی شرط ضروری قرار دی ہے۔ وہ دُعائیں جو ناپاکی کی حالت میں کی جائیں وہ قبول نہیں ہوتیں۔ صوفیاء نے دُعا کرنے کا لباس الگ بنا رکھا ہوتا ہے جسے خوب صاف ستھرا رکھتے اور خوشبوئیں لگاتے ہیں

ساتواں طریق:۔

دُعا کی قبولیت کا ایک طریق یہ بھی ہے کہ دُعا کے لیے ایسا وقت انتخاب کیا جائے جبکہ خاموشی ہو۔ حضرت مسیح موعودؑ کو دیکھا ہے آپ جنگل میں تنہا چلے جاتے۔ علیحدہ علیحدہ جگہ اور خاموش وقت میں خاص توجہ سے دُعا کی جاسکتی ہے۔ کیونکہ توجہ کے لیے کوئی بیرونی روک نہیں ہوتی اس لیے طبیعت کا زور ایک ہی طرف لگتا ہے جو اپنے سامنے کی ہر ایک روک کو بہا کرلے جاتا ہے۔

آٹھواں طریق:۔

جب کوئی انسان کسی معاملے کے متعلق دُعا کرے تو پہلے اپنے نفس کی کمزوریوں کا مطالعہ کرے۔ انسان کو چاہیے کہ اپنے نفس کو بالکل گرادے۔ یہ بندے اور خدا میں تعلق پیدا کرنے کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ اس سے دُعا بہت زیادہ قبول ہوتی ہے۔

نواں طریق:۔

جب انسان دُعا کرنے لگے تو اللہ تعالیٰ کے انعامات کو اپنی آنکھوں کے سامنے لے آئے۔ یہاں تک کہ خدا تعالیٰ کے انعام اور فضل کا ایسا نقشہ کھینچے کہ اس کا رُواں رُواں خدا کی محبت اور الفت سے پُر ہو جائے۔ اس وقت اس کے دل پر جوش اور شوق سے امید کی ایک ایسی لہر مارے گی کہ وہ جو دُعا کرے گا وہ قبول ہو جائے گی۔

دسواں طریق:۔

جس طرح خدا تعالیٰ کے انعامات کو نظر کے سامنے لانا چاہیے۔ اسی طرح اس کے غضب کو سامنے لائے۔ پھر دُعا کرے۔ یہ دُعا خوف اور طمع کی دُعا ہوگی۔ جس کو قرآن کریم نے بھی بیان کیا۔ ایک طرف اس کا خوف ہوگا اور دوسری طرف طمع۔ یہ دو دیواریں ہوں گی جو اسے دنیا سے کاٹ کر اللہ تعالیٰ کی طرف مائل کردیں گی۔ اور اس طرح اس کی دُعا قبول ہوگی۔

گیارھواں طریق:۔

پھر جب کوئی شخص دُعا کرنے لگے تو اپنی حالت کو چست بنائے اسکا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ زبان سے دُعا زیادہ عمدگی سے نکلتی ہے اور مختلف پیراؤں میں دُعا کرنے کی توفیق ملتی ہے۔

بارھواں طریق:۔

کسی خاص معاملہ کے قبول کرانے کے لیے پہلے ایسی دُعائیں کرنی چاہئیں جن کو خدا تعالیٰ نے قبول ہی کر لینا ہے۔ مثلاً الٰہی دین اسلام کی بڑے زور شور سے اشاعت ہو تیرا جلال اور قدرت ظاہر ہو۔ تیرے انبیاء کی عزت بڑھے، خدا کہے گا ایسا ہی ہو۔ اس طرح دُعائیں کرتے کرتے اپنا مقصد بھی پیش کر دیں کہ الٰہی یہ بات بھی ہو جائے تو دُعا قبول کرانے کا ایک یہ بھی طریق ہے۔

تیرھواں طریق:۔

خاص مقامات پر دُعا خاص طور پر قبول ہوتی ہے۔ پس انسان کو چاہیے کہ جب دُعا کرنے لگے تو ایسے ہی مقامات کو چن کر کرے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّلؓ کے پاس بھی ایک مصلّیٰ تھا آپؓ فرماتے تھے کہ میں جب بھی اس مصلّے پر بیٹھ کر دُعا کرتا ہوں تو خاص طور پر قبول ہو جاتی ہے۔ آنحضرت ﷺ نے اس بات کو پسند فرمایا ہے اور صحابہ کرامؓ نے اس پر عمل کیا ہے کہ گھر میں نماز پڑھنے کے لئے ایک خاص جگہ معین کر دیتے تھے جہاں سوائے عبادت کے اور کوئی کام نہیں کئے جاتے تھے۔ حضرت مسیح موعودؑ نے بھی ایک بیت الدُّعا بنایا ہوا تھا۔ تو یہ بھی دُعا قبول ہونے کا ایک طریق ہے۔

چودھواں طریق:۔

ہر ایک دُعا اللہ تعالیٰ کے اسماء کے ساتھ ایک خاص تعلق رکھتی ہے اس لئے جب کوئی انسان دُعا مانگنے لگے تو اسے چاہیے کہ اوّل اپنی حاجت اور ضرورت کو دیکھے اور پھر اس کے مطابق خدا تعالیٰ کے نام کو تلاش کرے اور اس نام کو لے کر خدا تعالیٰ کو پکارے تو بہت جلد دُعا قبول ہو جاتی ہے۔

پندرھواں طریق:۔

خدا تعالیٰ کا نام اللہ ایک ایسا نام ہے جس کو پکار کر ہر ایک مدّعا اور مقصد کے مطابق خدا تعالیٰ کی کوئی صفت اسے یاد نہ آتی ہو تو اسے چاہیے کہ اللہ کو پکار کر اپنی دُعا کرے کیونکہ یہ ایک نام ہے جو اسکی تمام صفات پر حاوی ہے دشمن سے بچنے، تنگی سے مخلصی پانے، گناہ بخشوانے، تکلیف دور کرنے غرضیکہ ہر قسم کی دُعا کرنے کے لیے یہ استعمال کیا جاتا ہے۔

اس زمانہ میں ہمارے لیے بہت مشکلات کا سامنا ہے قسم قسم کے مخالف پیدا ہو گئے ہیں اور قسم قسم کے اعتراضات اسلام پر کئے جاتے ہیں۔ ان کے دفیعہ کے لیے ہمیں بہت کوشش اور ہمت کرنے کی ضرورت ہے اور اس سے بڑھ کر ہمارے لئے اور کون سا طریق کامیابی کا ہو سکتا ہے کہ ہم خدا تعالیٰ کے حضور عرض کر دیں کہ آپ ہی ہماری مدد کیجیے۔

پس آپ لوگ اپنے اعتقاد اپنے اعمال میں خاص اصلاح کر لیں تا کہ ہمارا کھانا پینا، سونا جاگنا، غرضیکہ ہر سکون اور ہر حالت اسی کے لئے ہو جائے۔

(از دُعائیہ خزائین۔ مرتبہ محمد اعظم اکسیر مربی سلسلہ احمدیہ)

مُرسلہ طیبہ مقبول۔ ڈبلن

حج پر نہ جانے پر اعتراض

حج کے لئے نہ جانے کی وجہ ایک شخص نے عرض کی کہ مخالف مولوی اعتراض کرتے ہیں کہ مرزا صاحب حج کو کیوں نہیں جاتے؟

فرمایا:۔ یہ لوگ شرارت کے ساتھ ایسا اعتراض کرتے ہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دس سال مدینہ میں رہے۔ صرف دو دن کا راستہ مدینہ اور مکہ میں تھا مگر آپ نے دس سال میں کوئی حج نہ کیا۔ حالانکہ آپ سواری وغیرہ کا انتظام کر سکتے تھے۔ لیکن حج کے واسطے صرف یہی شرط نہیں کہ انسان کے پاس کافی مال ہو بلکہ یہ بھی ضروری ہے کہ کسی قسم کے فتنہ کا خوف نہ ہو۔

وہاں تک پہنچنے اور امن کے ساتھ حج ادا کرنے کے وسائل موجود ہوں۔ جب وحشی طبع علماء اس جگہ ہم پر قتل کا فتویٰ لگا رہے ہیں اور گورنمنٹ کا بھی خوف نہیں کرتے تو وہاں یہ لوگ کیا نہ کریں گے لیکن ان لوگوں کو اس امر سے کیا غرض ہے کہ ہم حج نہیں کرتے۔

کیا اگر ہم حج کریں گے تو وہ ہم کو مسلمان سمجھ لیں گے؟ اور ہماری جماعت میں داخل ہو جائیں گے؟ اچھا یہ تمام مسلمان علماء اوّل ایک اقرار نامہ لکھ دیں کہ اگر ہم حج کر آویں تو وہ سب کے سب ہمارے ہاتھ پر توبہ کر کے ہماری جماعت میں داخل ہو جائیں گے اور ہمارے مرید ہو جائیں گے۔ اگر وہ ایسا لکھ دیں اور اقرار حلفی کریں تو ہم حج کر آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے واسطے اسباب آسانی کے پیدا کر دے گا تا کہ آئندہ مولویوں کا فتنہ رفع ہو۔ ناحق شرارت کے ساتھ اعتراض کرنا اچھا نہیں ہے۔

یہ اعتراض ان کا ہم پر نہیں پڑتا بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی پڑتا ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی صرف آخری سال میں حج کیا تھا۔ (ملفوظات جلد پنجم صفحہ 248)

مرحبا مرحبا

(لجنہ اماءاللہ وناصرات الاحمدیہ آئرلینڈ کی فرمائش پر ایک نغمہء استقبال)

اے طرح دار، قدسی صفت، دل ربا — مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا
ایک مدّت سے پلکیں بچھائے ہوئے — ہم نے دیکھا فقط آپ کا راستہ

مرشدم آپ کے یہ مبارک قدم — کیا پڑے ،برکتوں سے فضا بھر گئی
جوش ایماں سے تازہ جنوں ہو گیا — اک جھلک آپ کی کام یہ کر گئی
سیّد المومنیں خادم مصطفےٰ ﷺ — مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

ہم بھی تجدید عہد وفا کے لئے — نذر کرنے زر دل اٹھا لائے ہیں
ہم ردائے اطاعت میں لپٹے ہوئے — اپنی بیعت کے رکھنے بھرم آئے ہیں
ہم غلام آپ کے آپ ظلّ خدا — مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

ملک تثلیث یوم حساب آ گیا — کھول آنکھیں وہ عالی جناب آ گیا
ظلمت کفر کے دن گئے جاچکے — نور حق سے بھرا ماہتاب آ گیا
ماہتاب آ گیا آفتاب آ گیا — مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

اے سفیر مسیحائے آخر زماں — امن عالم کے رہبر نگاہ اماں
شفقتیں ہیں تری سب پہ سایہ فگن — ہے محبت بھری صرف تیری اذاں
دلبرم تجھ کو رکھے سلامت خدا — مرحبا مرحبا مرحبا مرحبا

ازمکرم جمیل الرحمٰن صاحب ۔ اگست 2010ء

دجال کی حقیقت

آنحضرت ﷺ نے آخری زمانہ میں امت کی اصلاح کے لئے ایک مسیح اور مہدی کے ظہور کی پیش گوئی فرمائی اور اس کے ظہور کی علامات میں سے ایک ضروری علامت دجال کا ظہور بیان فرمائی۔ دجال کے متعلق عوام الناس میں عجیب و غریب قسم کی کہانیاں مشہور ہیں اور وہ اسے عجیب الخلقت غیر معمولی قوتوں کا حامل قرار دیتے ہیں۔لیکن حقیقت یہ ہے کہ دجال کے متعلق آنحضرت ﷺ نے جو پیشگوئیاں فرمائی ہیں وہ آپ کے رؤیا اور مکاشفات پر مشتمل ہیں۔

قرآن کریم احادیث نبویہ اور دجال کے لغوی معنوں سے پتہ چلتا ہے کہ دجال سے مراد کوئی عجیب الخلقت فرد نہیں بلکہ آج کی ترقی یافتہ مغربی عیسائی اقوام کے مذہبی راہنما ہیں۔ چند دلائل پیش ہیں:۔

دجال کے لغوی معنی:۔

۱۔کذاب یعنی سخت جھوٹا۔

۲۔مالدار اور خزانوں والا

۳۔بڑا گروہ جو اپنی کثرت سے زمین کو ڈھانپ لے۔

۴۔ایسا گروہ جو اموال تجارت اٹھائے پھرے۔(لسان العرب)

نبی کریم ﷺ نے دجال کے فتنہ سے بچنے کے لیے سورۃ کہف کی ابتدائی آیات پڑھنے کا ارشاد فرمایا اور سورۃ کہف کہ ابتدائی دس آیات میں مسیحیت کا رد فرمایا گیا ہے۔چنانچہ فرمایا۔

وَيُنْذِرَ الَّذِينَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا (الکھف:۵)

یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ کتاب اس لئے نازل کی ہے کہ اس کے ذریعہ ان کو ڈرایا جائے جو کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ایک بیٹا بنالیا ہے۔

پس مسیح کا فتنہ اور دجال کا فتنہ ایک ہی شے ہے کیونکہ علاج بیماری کے مطابق ہوتا ہے اگر دجالی فتنہ مسیحی فتنہ سے علیحدہ ہوتا تو ممکن نہ تھا کہ رسول کریم ﷺ جیسا حکیم انسان دجال سے بچنے کے لئے ایسی آیات پڑھنے کا حکم دیتا جن میں اس کا ذکر تک نہیں۔

حدیث میں دجال کے فتنہ کو سب سے بڑا فتنہ قرار دیا گیا ہے۔

(مسلم کتاب الفتن باب فی بقیہ احادیث الدجال)

سورہ فاتحہ میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو دو فتنوں سے بچنے کی دعا سکھلائی ہے۔

۱۔مغضوب علیھم کا فتنہ جس سے مراد یہود ہیں۔

۲۔الضالین کا فتنہ جس سے مراد عیسائی ہیں۔

یہود کو دجال قرار نہیں دیا جا سکتا کیونکہ ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْا(آل عمران:۱۱۳)

یعنی جہاں کہیں بھی وہ پائے جائیں ان پر ذلت نازل کی گئی ہے۔گویا یہود ہمیشہ مغلوب رہیں گے لیکن قرآن کریم اور احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ مسیح اور مہدی کے زمانہ میں عیسائیت کا غلبہ ہوگا۔

پس معلوم ہوا دجال سے مراد عیسائی پادری ہی ہیں اور اگر اس سے مراد کوئی اور فرد یا قوم ہوتی تو سورۃ فاتحہ میں ضرور اس سے بچنے کی دعا سکھلائی جاتی۔

علامات دجال:۔

۱۔بخاری کتاب الانبیاء باب وذکر فی الکتاب مریم میں ہے کہ ''دجال دائیں آنکھ سے کانا ہوگا''

اس سے مراد یہ ہے کہ اس کی بائیں آنکھ یعنی دنیا کی آنکھ بہت تیز ہوگی اور دنیوی معاملات میں بہت گہری نظر رکھے گا لیکن دائیں آنکھ سے اندھا یعنی دین سے بے بہرہ ہوگا۔

۲۔''اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان ک۔ف۔ر لکھا ہوگا جسے پڑھا ہوا اور ان پڑھ دونوں پڑھ سکیں گے'' (صحیح بخاری۔کتاب الفتن باب ذکر الدجال)۔

یعنی اس کا کفر ظاہر و باہر ہوگا۔

۳۔پھر نبی اکرم ﷺ نے دجال کو ظاہری حلیہ کے لحاظ سے ایک تنومند جوان ،چوڑے سینے والا ،سفید رنگ روشن پیشانی والا دیکھا (مصنف ابن ابی شیبہ جلد ۱۵ کتاب الفتن ماذکر فی فتنۃ الدجال)

مغربی اقوام کے یہی خدوخال ہیں جن کے نمائندہ کے طور پر آپ کو ایک شخص دکھایا گیا۔

۴۔مسلم کتاب الفتن باب فی بقیۃ قصۃ الدجال میں ہے کہ ''اصفہان کے ۷۰ ہزار یہودی دجال کے ساتھ ہوں گے''

آج یہودی مسیحی اقوام کی بھرپور مدد کر رہے ہیں۔

۵۔فرمایا دجال روٹیوں کا پہاڑ اور پانی کی نہر ساتھ لے کر چلے گا۔اور بڑی تیزی

سے دنیا میں پھیلائے گا اور ہر طرف فتنہ وفساد اور تباہی پھیلائے گا اور جسے چاہے گا قتل کرے گا اور جسے چاہے گا زندہ کرے گا اس کے حکم پر بارش بھی برسے گی اور زمین کھیتی اگائے گی اور اپنے خزانے نکال باہر کرے گی۔

(مسلم کتاب الفتن باب ذکر الدجال)

اس حدیث کے ظاہری معنوں کی رو سے دجال کو خدا یا خدائی طاقتیں رکھنے والی ہستی ماننا پڑتا ہے جو اسلام کے بنیادی عقیدہ توحید کے خلاف ہے پس اس حدیث کا یہ مطلب لئے بغیر چارہ نہیں کہ دجال اپنی خصوصیات اور کار گزاریوں سے خدا کے کاموں پر ہاتھ ڈالے گا اور کوشش کرے گا کہ بارش برسنا اور بارش بند کرنا، پانی بکثرت پیدا کرنا اور خشک کرنا، تمام نظام طبعی پر اسے تصرف حاصل ہو جائے۔ روٹیوں کے پہاڑ اور پانی کی نہر ساتھ ہونے میں ایک توان طاقتور مغربی قوموں کے کل دنیا پر اقتصادی اور معاشی اقتدار اور غلبہ کا ذکر ہے۔ دوسری طرف اس کی ایجاد کردہ سواریوں ریل گاڑی، ہوائی جہاز، بحری جہاز کی طرف اشارہ ہے جن میں دوران سفر خوراک وغیرہ کے جملہ سامان مہیا ہوتے ہیں۔

۶۔ اس کے ساتھ جنت بھی ہوگی اور آگ بھی ہوگی اور جسے وہ جنت کہے گا وہ حقیقتاً آگ ہوگی۔ (بخاری کتاب الانبیاء قول اللہ ولقد ارسلنا نوحا)

اس کے بھی ظاہری معنی قبول کرنے محال اور خلاف توحید ہیں یہی وجہ ہے کہ شارح بخاری علامہ ابن حجر نے اس کی یہ تشریح کی ہے کہ:۔

دجال انعام واکرام اور سزا پر قادر ہوگا جو اس کی اطاعت کرے گا اس پر انعام و اکرام کرے گا گویا وہ اسے اپنی جنت میں داخل کرے گا لیکن حقیقتاً اخروی لحاظ سے یہ جہنم ہوگی اور جو اس کی نافرمانی کرے گا وہ اس کی دنیا جہنم بنا دے گا مگر ایسے لوگ اخروی جنت کے وارث ہوں گے۔

(فتح الباری شرح بخاری کتاب الفتن باب ذکر الدجال)

یہ صفات بھی آج عیسائی اقوام میں بدرجہ اتم موجود ہیں۔

۷۔ دجال کے دونوں کانوں میں سے ہر ایک کی لمبائی تیس (30) ہاتھ ہوگی۔ (کنزالعمال۔ کتاب القیامہ من قسم الافعال باب الدجال حدیث ۳۹۷۰۹)

یعنی دجال ایسی ایجادات کرے گا جس سے پیغام رسانی کا کام آسان ہو جائے گا۔ جیسے ٹیلیفون، فیکس، ای میل وغیرہ۔ اور یہ ایجادات مغربی اقوام کی ہی ہیں۔

۸۔ مسیح موعود دجال کو باب لد کے پاس قتل کرے گا۔

(مسلم کتاب الفتن باب ذکر الدجال)

لد کے معنے ہیں بحث کرنے والے جھگڑنے والے افراد۔

فرمایا وَتُنْذِرَ بِهِ قَوْمًا لُّدًّا (مریم: ۹۸)

یعنی قرآن اس لئے آیا ہے کہ تو اس کے ذریعہ بحث کرنے والی قوم کو انذار کرے۔ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ مسیح موعود دجالی عقائدِ باطلہ کو علمی و عقلی دلائل سے توڑے گا اور اس پر فتح حاصل کرے گا چنانچہ حضرت بانی جماعت احمدیہ نے عیسائیت کے خلاف ایسے روشن دلائل پیش فرمائے کہ اس کی بنیادیں ہل گئیں۔

۹۔ دجال مسیح موعود کو دیکھ کر نمک کی طرح گھلتا جائے گا اور اللہ تعالیٰ مسیح کے ذریعہ دجال کو ہلاک کرے گا۔ (مسلم کتاب الفتن باب فی فتح قسطنطنیہ وخروج الدجال ونزول عیسی ابن مریم)

دجال مشرق سے نکلے گا اور وہ زمانہ اختلاف اور فرقہ بندی کا ہوگا اور دجال کا غلبہ چالیس دن رہے گا (یعنی اسے کامل غلبہ حاصل ہوگا) مومن سخت تنگی محسوس کریں گے تب حضرت عیسیٰ تشریف لا کر لوگوں کی امامت کریں گے اور جونہی وہ رکوع سے سر اٹھائیں گے اللہ تعالیٰ دجال کو قتل کر دے گا اور مسلمان غالب آجائیں گے۔ (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد جلد ۷ صفحہ ۳۴۹ مکتبۃ القدسی القاہرہ ۱۳۵۳ھ)

ان احادیث سے پتہ چلتا ہے کہ مسیح موعود اور اس کی جماعت کو دجال کے مقابل پر غلبہ عبادات اور دعاؤں کے نتیجہ میں حاصل ہوگا۔

۱۰۔ دجال خانہ کعبہ کا طواف کرے گا۔ (بخاری کتاب الانبیاء باب واذکر فی الکتٰب مریم)

اس حدیث کی تشریح میں علامہ تورپشتی لکھتے ہیں کہ یہ حدیث حضرت نبی اکرم ﷺ کی رؤیا اور مکاشفات میں سے ہے اور حضرت عیسیٰؑ کے خانہ کعبہ کے گرد طواف کا مطلب یہ ہے کہ آپ دین کی اصلاح اور اسے قائم کرنے کے لئے دین کے گرد طواف کریں گے اور دجال دین میں فساد اور کجی پیدا کرنے کے لئے دین کے گرد چکر لگائے گا۔

(مرقاۃ شرح مشکوۃ جلد ۴ کتاب الفتن باب علامات بین یدیالسا عۃ وذکر الدجال)

یہ علامت بھی مغربی عیسائی اقوام اور ان کے پادریوں میں بدرجہ اتم موجود ہے کیونکہ وہ اسلام پر اعتراض کرنے اور امت مسلمہ کو نقصان پہنچانے کا

کوئی موقعہ ہاتھ سے جانے نہ دیتے۔

خر دجال کی علامات:۔

دجال ایک ایسے گدھے پر سوار ہوگا جو روشن ہوگا اور اس کے دونوں کانوں کے درمیان ستر گز کا فاصلہ ہوگا۔(مشکوۃ المصابیح کتاب الادب باب العلامات وذکر الدجال)

دجال کے گدھے کے ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں کا فاصلہ ایک دن اور ایک رات کے برابر ہوگا اور وہ ساری زمین کا سفر کرے گا۔وہ بادلوں کو پکڑنے پر قادر ہوگا اور سورج کے غروب ہونے کی جانب سفر کرتے ہوئے سورج سے بھی آگے نکل جائے گا۔وہ سمندر میں چلے گا اور سمندر کا پانی اس کے ٹخنوں تک ہوگا۔جب وہ سفر کرے گا تو بلند آواز سے یہ اعلان کرے گا اے میرے دوستو میری طرف آجاؤ۔(کنزالعمال کتاب القیامۃ من قسم الافعال باب الدجال۔حدیث ۳۹۷۰۹)

ان سواریوں میں سوراخ یعنی دروازے بھی ہوں گے اور زینیں یعنی نشستیں بھی ہوں گی۔(بحارالانوار جلد ۵۲ صفحہ ۱۹۲ از امام محمد باقر مجلسی دار احیاء التراث العربی لبنان)

ان احادیث میں دجالی قوموں کی حیرت انگیز ایجادات کا ذکر کیا گیا ہے کہ وہ ایسی تیز رفتار سواریاں ایجاد کریں گی جن میں لائٹس لگی ہوں گی جن پر بیٹھنے کے لئے نشستیں ہوگی وہ سواریاں زمین میں بھی چلیں گی یعنی ریل گاڑیاں اور موٹریں وغیرہ اور فضا میں بھی اڑیں گی یعنی ہوائی جہاز اور سمندر میں بھی چلیں گی یعنی بحری جہاز اور گدھے کے دو کانوں کے درمیان فاصلے سے یہ مراد ہے کہ وہ قومیں ایسی ایجادات کریں گی جس سے پیغام رسانی کا کام بہت ہی کم وقت میں سرانجام دیا جا سکے گا جیسے ٹیلیفون،انٹرکام اور فیکس وغیرہ اور پیغام رسانی کی یہ سہولتیں دجال کی ایجاد کردہ سواریوں میں بھی موجود ہوں گی اور عملاً ایسا ہی ہو رہا ہے۔

چنانچہ بعض علماء نے دجال کے گدھے سے مراد ریل گاڑی لی ہے۔(ھدیہ مھدویہ صفحہ ۸۹،۹۰ مطبع کانپور ۱۳۹۳)

پس آنحضرت ﷺ نے دجال کی جو علامات بیان فرمائیں تھیں وہ آج لفظ بہ لفظ پوری ہو چکی ہیں اور اگر دجال ظاہر ہو چکا ہے تو مسیح موعود کا ظہور بھی ضروری ہے۔حقیقت یہ ہے کہ مسیح موعود کا بھی ظہور ہو چکا ہے اور آنحضرت ﷺ کے فرمان کے مطابق دجال کی تباہ کاریوں سے بچنے کا ایک ہی راستہ ہے کہ اس مسیح موعود کو پہچانا جائے۔

مُرسلہ شمیفہ ظہیر۔ڈبلن

جھوٹی تعریف کی تمنا بالآخر شرک بن جاتی ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے روزمرہ کی زندگی میں پیش آنے والے واقعات جن کو ہم معمولی خیال کرتے ہیں اور احتیاط سے کام نہیں لیتے اُن کے بارے میں جماعت کو تنبیہ فرمائی اور فرمایا کہ:۔قرآن کریم فرماتا ہے کہ انسان اسی بات پر راضی نہیں ہوتا،یہیں ٹھہر نہیں جاتا۔فرمایا: ترجمہ: تو اُن لوگوں کے متعلق جو اپنی کارستانیوں پر خوش ہو رہے ہیں اور پسند کرتے ہیں کہ اُن کے کاموں میں بھی تعریف کی جائے جو انہوں نے نہیں کیا۔(ہاں) ہرگز اُن کے متعلق گمان نہ کرے کہ وہ عذاب سے بچ سکیں گے جبکہ اُن کے لئے دردناک عذاب (مقدر) ہے۔(سورۃ العمران آیت 189)

اس مضمون کا تعلق یقیناً آخرت سے ہے لیکن یہ غلط ہے کہ اس دنیا سے نہیں کیونکہ تعریف کی پیاس جب اس حد تک بڑھ جاتی ہے کہ انسان ان چیزوں پر بھی تعریف کی تمنا رکھنے لگ جاتا ہے،تعریف کروانے کے لئے اس کے دل میں پیاس لگ جاتی ہے۔جن چیزوں میں اس کا کوئی بھی حصہ نہیں ہوتا یعنی کام کسی اور نے کیا اور تعریف اس نے اپنی کرنی شروع کروادی۔یہ بات بھی آپ روزمرہ کی زندگی میں ہر گھر میں مشاہدہ کر سکتے ہیں۔ہر انتظام میں مشاہدہ کر سکتے ہیں اور انسانی تعلقات میں اور قوموں کے تعلقات میں بھی یہ بات اگر آپ باریک نظر سے دیکھیں تو آپ کو دکھائی دے گی۔

اگر کسی نے کوئی اچھا کام کیا ہو اور بتایا نہ جائے مثلاً گھر میں بچوں کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کہ ہمیں علم ہے کہ کس نے اچھا کام کیا ہے اور آپ اچانک پوچھیں کہ کس نے کیا ہے تو بے اختیار کئی بچے ہاتھ اونچا کریں گے کہ ہاں! ہم نے کیا ہے۔اگر ان کو یہ یقین ہو جائے کہ پتہ نہیں لگے گا کہ کس نے کیا تھا تو پھر اکثر بچوں کے اندر یہ رجحان پایا جاتا ہے کہ وہ اس بات میں اپنی تعریف کروائیں جو بات انہوں نے نہیں کی۔ان کے بھائی یا بہن نے کی تھی لیکن چونکہ تعریف ہو رہی ہے اس لئے وہ کہتے ہیں ہم نے کیا ہے۔اور اگر کوئی یہ نہ ....

(بقیہ حصہ صفحہ نمبر 67 پر)

تبلیغ کے میدان میں قبولیتِ دُعا کے چند واقعات

بشریٰ شکور خان۔ آئس لینڈ

میرے شوہر (ڈاکٹر عبدالشکور اسلم خان صاحب) کی وقفِ عارضی کی منظوری البانیہ کے لئے آئی۔ اور میں بھی اس میدانِ جہاد میں انکے ساتھ روانہ ہوگئی۔ جب ہم وہاں پہنچے تو ہمیں رہائش کے لئے ایسی جگہ دی گئی جس کے قریب گزرگاہ تھی۔ کھڑکیوں پر پردے ہر وقت آویزاں رکھنے پڑتے تھے جس کی وجہ سے طبیعت میں گھٹن اور اکیلے ہونے کے احساس نے پریشان کردیا۔

میرے شوہر سارا دن مشن ہاؤس میں گزارتے تھے صرف کھانے کے وقت تھوڑی دیر کے لئے آتے تھے۔ تنہائی کا شدت سے احساس ہونے لگا۔ نئی جگہ نیا ملک زبان کا مسئلہ بھی درپیش تھا چنانچہ میں دعاؤں میں لگ گئی اور قادر خدا کو مدد کے لئے پکارا کہ اے خدا تیری راہ میں نکلے ہیں تو ہی غیب سے مدد کے سامان کردے۔

چنانچہ ایک دن میں سیر کے لئے باہر نکلی ایک مقام پر ایک عورت اپنے گھر کے باہر کھڑی تھی۔ اس سے سلام دعا ہوئی پھر اُس نے مجھے اندر بلا لیا۔ وہ باتیں کرنے لگ گئی میں نے کچھ الفاظ البانین زبان کے سیکھے تھے جو اس وقت کام آئے اور کچھ اشاروں سے باتیں ہوئیں۔ کچھ دیر گزارنے کے بعد اسکی بیٹی باہر سے آئی جو سولہ سترہ سال کی تھی اس سے بھی ٹوٹے پھوٹے الفاظ میں بات چیت ہوئی، میں نے اس سے پوچھا تم قرآن مجید پڑھنا (سیکھنا) پسند کرو گی پھر میں تمہیں انگریزی بھی سکھاؤں گی۔

ان لوگوں کو بھی گاؤں سے 'ترانہ' آئے ہوئے کچھ عرصہ ہی ہوا تھا۔ (ترانہ، البانیہ کا دارالحکومت ہے)۔ وہ خوشی سے اس بات کے لئے آمادہ ہوگئی کیونکہ اس وقت تک اسکی بھی کسی سے شناسائی نہیں ہوئی تھی۔

وہ روزانہ میرے پاس آنے لگ گئی، بچی ذہین تھی اسلئے جلد ہی قاعدہ ختم کرلیا پھر قرآن مجید پڑھنا شروع کردیا اور پھر کچھ انگریزی کے لفظ بھی سمجھنے لگ گئی اور آہستہ آہستہ میرے کاموں میں ہاتھ بٹانے لگ گئی اس طرح مجھے کمپنی مل گئی اور اُسکی مدد سے خواتین میں تبلیغ بھی ہوتی رہی۔ الحمدُ للہ۔

ہمیں ترانہ (البانیہ) میں رہتے ہوئے سال ہوگیا تھا وقت دعاؤں میں گزر رہا تھا اور تبلیغ کے مواقع بھی ملتے رہے۔

البانیہ کیونکہ ایک غریب ملک ہے۔ عوام کی اکثریت پسماندگی کی زندگی گزار رہی تھی۔ چناچہ ہمارے مشن ہاوس میں غریب لوگ اُکثر امداد کے لئے آیا کرتے تھے۔ اس عرصہ میں وہاں ایک ایسی عورت بھی آئی جو حلیہ سے شریف نہ لگتی تھی پھر بھی ہم اسے امداد دیتے رہے۔ وہ دو دفعہ آئی، جب وہ تیسری دفعہ آئی تو ہمیں وہاں کے لوگوں نے بتایا کہ یہ عورت امداد کے مستحق نہیں ہے کیوں کہ اسکا پیشہ کچھ اور ہے۔ چنانچہ میں نے ترجمان لڑکی کے ذریعہ اسے پیغام دیا کہ ہم اسکو امداد نہیں دے سکتے۔ اور وہ یہاں سے چلی جائے۔

اس پیغام کو سُننے کے بعد وہ عورت بہت چیخ چیخ کر بولنا شروع ہوگئی اور بہت دیر تک بولنے کے بعد وہ چلی گئی۔ میں نے ترجمان لڑکی سے پوچھا کہ وہ کیا کہہ رہی تھی۔ وہ کہنے لگی وہ آپ کے لئے بہت بُرے الفاظ استعمال کررہی تھی اور کہہ رہی تھی کہ آپ ہمارے ملک میں نہیں رہ سکتے ہیں، میں یہاں اپنے بندوں کو بھیجوں گی وغیرہ وغیرہ۔ ترجمان لڑکی نے ہمیں ہوشیار رہنے کے لئے کہا اور کہا کہ یہ لوگ بہت خراب ہوتے ہیں لوگوں کو نقصان پہنچاتے ہیں اور چوریاں بھی کرواسکتے ہیں۔ میں نے کہا ہم ان باتوں سے نہیں ڈرتے ہم اللہ کی راہ میں نکلے ہوئے ہیں۔ ہم دعا کریں گے وہ ہمیں ان کے شر سے بچائے گا۔

اس دن کے بعد ہم وہاں تین سال رہے مگر وہ ہمیں کبھی نظر نہیں آئی۔ یہ سب دعاؤں کی برکت سے ہوا جس کا ذکر حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اس طرح فرمایا کہ مجھے قبولیت دعا کا ہتھیار دیا گیا ہے۔

ہر نماز کے بعد آیت الکرسی۔ سورت الناس۔ سورت الفلق۔ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم، کثرت سے پڑھنے کا موقع ملا۔ اسی طرح مشن ہاوس کے چاروں طرف بھی روزانہ یہ دعائیں پڑھ کر پھونکتی رہی۔

اللہ تعالٰی نے نہ صرف ہمیں اس عورت کے شر سے بچایا بلکہ جماعت کی جائیداد مال کی بھی حفاظت کی ۔ اس واقعہ کے قریباً سال بعد ہمارے قریب عیسائیوں کے مشن ہاؤس میں چوری ہوئی اور کچھ وقفہ کے بعد قریب ہی ایک شیعہ سینٹر تھا اس میں بھی چوری ہوئی۔

اس واقعہ سے احمدیت کیلئے اعجازی نشان ظاہر ہوتا ہے۔ اَلحمدُ للہ

ترانہ (البانیہ) میں شروع شروع میں مشکلات درپیش رہیں، زبان کا مسئلہ سب سے زیادہ تھا جو بہرحال آہستہ آہستہ حل ہو گیا۔ میرے شوہر کو ایک سیکریڑی کی مدد مل گئی جو آفس کا کام اور ترجمانی کا کام بھی بخوبی کر لیتا تھا اور مجھے بھی ایک لڑکی مل گئی جو ترجمانی کے ساتھ ساتھ کچن کے کام میں بھی مدد دیتی تھی۔

جمعہ پڑھنے جو لوگ آتے تھے ہم انکے لئے مشن ہاؤس میں چائے پانی کا انتظام کرتے اور اسکے بعد انہیں دینی تعلیم دیتے۔ البانیہ کے لوگ بظاہر اپنے آپ کو مسلمان کہتے ہیں مگر اسلام کی ابتدائی تعلیم سے بھی ناواقف ہیں۔ میرے میاں مردوں کو تعلیم دیتے اور خاکسارہ عورتوں کو۔ اسکے علاوہ ہر ماہ خواتین کی میٹنگ بھی بلاتی رہی جس کی اوسط حاضری 30 ہوتی تھی۔ اسی طرح کچھ بچیوں کو قائدہ پڑھایا اور نماز بھی سکھائی۔ جمعہ کے علاوہ اتوار کو دینی کلاس لگائی جاتی جس میں خواتین بھی شامل ہوتیں۔ جس میں دینی مسائل وغیرہ بتائے جاتے۔ چنانچہ وقت گزرتا گیا احمدیت کا پیغام بھی پہنچاتے رہے۔ قریباً دو سال گزر گئے اللہ تعالیٰ سے دعائیں کرتے رہے۔ ایک دن دوپہر کا وقت تھا اور شاید رمضان کا مہینہ تھا میں نماز سے فارغ ہو کر لیٹ گئی اور دعائیں کرتے کرتے نیند آ گئی اور جب آنکھ کھلی تو زبان پر یہ شعر تھا: اب گیا وقتِ خزاں آئے ہیں پھل لانے کے دن

اسی طرح ایک دن طبیعت بہت بے قرار تھی یہ سوچ کر کہ احمدیت یہاں کیسے پھیلے گی جو اسلام کی ابتدائی تعلیم سے بھی ناواقف ہیں، دعائیں کرتی کرتی سو گئی اور اس عرصہ میں خواب میں دیکھتی ہوں کہ فضا میں ایک بیضوی فریم میں ایک لڑکی 'سفید ترکی طرز کا نقاب' پہنے ہوئے ہے۔ پھر زمین پر نظر ڈالتی ہوں تو زمین بہت روشن نظر آتی ہے۔ میں خواب میں ہی سوچتی ہوں یہ روشنی شاید عید کے چاند کی ہے۔ پھر میری نظر ایک طرف پڑتی ہے تو وہاں پانی ہوتا ہے اور پانی میں چاند کا عکس نظر آتا ہے اور پھر آنکھ کھل جاتی ہے۔

چنانچہ اس خواب کے کچھ دن بعد مشن ہاؤس میں ایک لڑکی آئی جس نے اُسی طرح کا سفید نقاب پہنا ہوا تھا۔ اس سے بات چیت ہوئی اور اس نے بتایا کہ میں نے ترکی میں اسلامی تعلیم حاصل کی ہے اور میں ملازمت کی تلاش میں ہوں اگر آپ مجھے یہاں ٹیچر کے طور پر رکھ لیں تو میں عورتوں اور بچوں کو دینی تعلیم سکھا دوں گی۔ چنانچہ ہم نے اُسے جماعت کا تعارف کرایا اور کچھ لٹریچر دیا اور کہا کہ فی الحال تو ممکن نہیں لیکن آپ آتی رہیں تو پھر سوچیں گے۔

وہ لڑکی ہر جمعہ کو آتی رہی اور عورتوں اور بچیوں کو جماعت احمدیہ کی البانین زبان میں نماز ترجمہ سے اُنہیں سکھاتی رہی وہ ہمارے ماحول سے بہت متاثر ہوئی اور کہنے لگی کہ میں اور بھی مساجد میں گئی ہوں مگر مجھے یہاں آ کر بہت اچھا لگا اور سکون ملا ہے۔

ہم نے اُسے اسلامی اصول کی فلاسفی دی اور قرآن کریم بھی دیا۔ قرآن کریم اور اسلامی اصول کی فلاسفی پڑھنے کے بعد وہ کہنے لگی کہ سورۃ الفاتحہ کی اس طرح کی تفسیر اِس سے پہلے میں نے کبھی نہیں پڑھی اور اس کتاب سے بھی مجھے بہت کچھ مل گیا ہے۔ مجھے اس کی ہی تلاش تھی۔ چنانچہ اُس نے جلد ہی بیعت کر لی اور کچھ عرصہ بعد والدہ نے بھی بیعت کر لی اور پھر آہستہ آہستہ سارا خاندان احمدیت میں داخل ہو گیا ہے جو 5 افراد پر مشتمل ہے۔

اسی سال ایک اور صاحب نے احمدیت قبول کی جو ریٹائرڈ فوجی جرنیل ہیں۔ یہ بہت مخلص احمدی ہیں۔ اگلے سال ہی ان ہی صاحب کی بہن نے بھی جماعت میں شمولیت اختیار کی۔ چنانچہ البانیہ اب ترقی کی راہوں پر گامزن ہے۔ قادیان سے دو مربیان وہاں آ چکے ہیں اور ان کی کوششوں سے اب تک اندازاً 30 افراد احمدیت میں داخل ہو گئے ہیں۔ سال 2009ء سے میرے شوہر کی نئی تقرری آئس لینڈ ہو گئی ہے۔ آئس لینڈ میں تبلیغی مہم کے بارہ میں انشاء اللہ آئندہ۔

دیں کی نصرت کے لیے اِک آسماں پر شور ہے
اب گیا وقتِ خزاں آئے ہیں پھل لانے کے دن

انمول موتی

1) انسان کی سب سے قیمتی چیز اس کی عقل ہے
اور سب سے پیاری چیز اس کی عزت ہے

2) ماں اور پھول میں کوئی فرق نہیں ہوتا
پھول خوشبو بانٹتا ہے اور ماں اپنی ممتا

3) وہ دل جس میں خلوص کا جذبہ نہ ہو، اس صدف
کی مانند ہے جس میں موتی نہ ہو

4) زندگی کے سفر میں اگر اُمید کے پھول نہ ہوں تو زندگی بے معنی ہو جائے۔
اُمید ہی تو زندگی کے دکھوں کی تاریکی میں چاندکی مانند روشن ہے۔

5) انسان الفاظ سے نہیں اپنی خوش اخلاقی سے دوسروں کا دل موہ لیتا ہے۔

6) انسان پہاڑ سے گر کر تو سنبھل سکتا ہے لیکن نظروں سے گر کر کبھی نہیں سنبھلتا

خلاصہ خطبہ جمعہ

”مجھے اُمید ہے کہ مسجد کی تعمیر کے ساتھ آپ بھی مجبور کئے جائیں گے کہ تبلیغ میں وسعت پیدا کریں لیکن اس کے ساتھ ہی ہر احمدی کو جو یہاں رہتا ہے اپنے نمونے بھی قائم کرنے ہوں گے“۔

حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

فرمودہ 17 ستمبر 2010ء بمطابق 17 تبوک 1389 ہجری شمسی بمقام گالوے آئرلینڈ

(۔۔۔)”یہ آئرلینڈ کا میرا پہلا سفر ہے اور اس سفر کا مقصد اس ملک میں جماعت احمدیہ کی پہلی مسجد کا سنگِ بنیاد رکھنا ہے۔ بڑے عرصہ سے آپ لوگ جو یہاں کی جماعت کے رہنے والے ہیں، اس مخمصہ میں پڑے ہوئے تھے کہ مسجد ڈبلن میں بنائیں یا گالوے میں بنائیں؟ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ میرے کہنے پر جس کی بعض وجوہات بھی تھیں تقریباً تمام احباب نے اس بات کو خوشی سے مان لیا کہ ٹھیک ہے پہلی مسجد Galway میں تعمیر کی جائے۔

اگر دیکھا جائے تو Galway بھی ایک لحاظ سے دنیا کا کنارہ بنتا ہے۔سمندر کے کنارے واقع ہے۔Atlantic Ocean(یا بحیرہ اوقیانوس) یہاں سے شروع ہو جاتا ہے۔اس کے بعد سیدھی لائن میں تو یورپ کے اور کوئی جزیرے نہیں ہیں۔ یہاں سلسلہ ختم ہو جاتا ہے۔اور اگر لائن کھینچیں تو سمندر کے بعد کینیڈا، امریکہ وغیرہ کے علاقے پھر شروع ہو جاتے ہیں۔اس لحاظ سے یہ بھی ایک کنارہ ہے جہاں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے ماننے والوں کو ایک مسجد بنانے کی انشاء اللہ تعالیٰ توفیق مل رہی ہے تا کہ وحدانیت کا اعلان اس علاقہ سے بھی دنیا کو پہنچے۔اور مساجد بنانے کا ہمارا یہی مقصد ہے کہ جہاں ہم اپنے دلوں کو صاف کرتے ہوئے، اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کا عبادت گزار بندہ بناتے ہوئے مساجد میں پانچ وقت جمع ہو کر اس کے آگے جھکیں اور اس کی عبادت کریں وہاں توحید کا پیغام بھی اس ذریعہ سے دنیا کو پہنچائیں۔

لَاۤاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی صدا بلند کرتے ہوئے یہ پیغام دنیا کو پہنچائیں۔اور دنیا کے ہر کونے سے جب یہ صدا بلند ہو کر عرش پر پہنچے تو اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے والوں میں ہمارا بھی شمار ہو۔اللہ تعالیٰ نے مسیح محمدی کو اسی لئے دنیا میں بھیجا ہے۔ پہلے انبیاء نے اور آنحضرت ﷺ نے اپنے بعد ایک عاشقِ صادق کے آنے کی جو خبر دی تھی اس کا یہی کام اور مقصد تھا کہ وہ اَللّٰہُ اَکْبَر کا نعرہ دنیا میں لگائے اور لَاۤاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا پیغام دنیا کو دے کر انہیں ایک ہاتھ پر جمع کر کے اللہ تعالیٰ کے حضور جھکنے والا بنا دے اور اللہ تعالیٰ کے پیارے رسول حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی غلامی میں لا ڈالے۔اس کے علاوہ تو اور کوئی پیغام نہیں ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام لے کر آئے تھے۔اللہ تعالیٰ نے جب آپ کو الہاماً یہ خوشخبری دے کر وعدہ فرمایا تھا کہ مَیں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا تو اس سے مراد اسی پیغام کی تبلیغ تھی جو اللہ تعالیٰ کے پیارے اور آخری رسول خاتم الانبیاء فخر الرسل حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ لے کر آئے تھے۔جس نے شریعت کو کامل کیا تھا اور جس نے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی انتہا سے اس دنیا کو جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی تلاش میں تھی فیضیاب کیا تھا۔پس جب اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ’مَیں تیری تبلیغ کو دنیا کے کناروں تک پہنچاؤں گا‘ تو اس سے مراد یہ پیغام ہے جس کے دنیا میں پھیلانے کے لئے آپ کو اس قدر فکر اور تردد تھا کہ آپ علیہ السلام نے اپنے آقا کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے اپنی جان ہلکان کی ہوئی تھی۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جس دین نے دنیا میں غالب آنا ہے وہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا لایا ہوا دین ہے۔ اور اے مسیح محمدی! تجھے مَیں نے اس دین کے غلبہ کے لئے ایک ذریعہ بنا کر کھڑا کیا ہے۔

پس اب یہ میرا وعدہ ہے اور یہی تقدیر ہے کہ اسلام نے ہی دنیا میں آخری فتح دیکھنی ہے تو پھر تُو اپنی کمزوری، اپنے وسائل کی کمی اور راستے کی بے شمار روکوں کی وجہ سے پریشان نہ ہو۔‘اے مسیح محمدی! مَیں نے جو کام تیرے سپرد کیا ہے یہ صرف تیرا کام ہی نہیں ہے بلکہ یہ تقدیرِ الٰہی ہے اور جب یہ تقدیرِ الٰہی ہے تو پھر میری تائید و نصرت بھی تیرے ساتھ ہے۔پس ان تمام وسائل کی کمیوں، بشری کمزوریوں اور راستے کی بے شمار روکوں کے باوجود میں تیرے مشن کو جو دراصل دنیا کو میرے رسول ﷺ کے جھنڈے تلے لانے کا مشن ہے، مَیں

اپنی تمام تر قدرتوں کے ساتھ پورا کروں گا۔ اور جماعت احمدیہ کی تاریخ گواہ ہے کہ ہر قدم پر اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت کے نظارے ہم دیکھتے ہیں اور دیکھ رہے ہیں اور دیکھتے رہیں گے۔ ایم ٹی اے کا ہی ذریعہ لے لیں کس طرح اس ذریعہ سے دنیا میں احمدیت یعنی حقیقی اسلام کا پیغام پہنچ رہا ہے۔ اور خلیفہ وقت جہاں دورہ پر جائے پھر وہاں سے ہی دنیا میں حضرت مسیح موعودؑ کے خلیفہ کی آواز اس ذریعہ سے پہنچ رہی ہے۔ اور پھر جیسا کہ میں نے کہا، پہلے بھی میں فجی میں اور بعض اور جگہوں پر اس کا ذکر کر چکا ہوں کہ ان کناروں سے مسیح محمدی کا پیغام آپ کے خلیفہ کے ذریعے دنیا کے کناروں تک پہنچ رہا ہے۔ گویا دنیا کے کناروں سے دنیا کے مرکز اور خشکی اور تری اور پھر تمام کناروں تک یہ پیغام پہنچ رہا ہے۔ پس حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کی سچائی کی کتنی بڑی دلیل ہے۔ اور آپ کے ساتھ خدا تعالیٰ کی تائید و نصرت کے وعدے پورے ہونے کی دلیل ہے۔ اگر کوئی دیکھنے والی نظر ہو تو دیکھے۔ آج یہاں سے نشر ہونے والا خطبہ بھی اسی کی ایک کڑی ہے کیونکہ میرے نزدیک جیسا کہ مَیں نے کہا یہ بھی دنیا کا ایک کنارہ ہے۔ (۔۔۔)

ابوالانبیاء حضرت ابراہیمؑ اور آپ کے بیٹے حضرت اسماعیلؑ کی مثال دے کر، ان کا واقعہ بیان کر کے خدا تعالیٰ نے ہمیں اسی طرف توجہ دلائی ہے۔ ان پر غور کریں تو یہی سبق ملتا ہے۔ جب یہ دونوں باپ بیٹا خدا تعالیٰ کے سب سے پہلے گھر کی دیواریں اور بنیادیں نئے سرے سے کھڑی کر رہے تھے تو کمال عاجزی اور انکسار سے یہی دعا کر رہے تھے کہ ایک کام جس کے بارہ میں تو نہیں پتہ تھا۔ خانہ کعبہ کی بنیادوں کا علم تو اللہ تعالیٰ کی نشاندہی پر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ہوا تھا۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ نے ہی حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بتایا تھا کہ یہ سب سے قدیم گھر ہے۔ اور یہ وہ گھر ہے جس نے اب رہتی دنیا تک وحدانیت کا نشان اور symbol بن کر قائم رہنا ہے اللہ تعالیٰ نے اس عمارت کو اپنی توحید کا نشان بنانا ہے۔ لیکن پھر بھی یہ دعا ہے کہ اے اللہ! ہم جو تیرے حکم سے اس کی تعمیر کر رہے ہیں تو اس تعمیر کے ساتھ ہماری قربانیوں کو وابستہ کر دے۔

ہمیں یہ خوف نہیں ہے کہ اس تعمیر کے بعد اگر ہم اپنی قربانیوں کو اس سے وابستہ کر کے قبولیت کی دعا کریں گے تو ہمیں اور ہماری نسلوں کو اس ویران جگہ کی آبادی بھی کرنی پڑے گی۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ اے اللہ! ہماری دعاؤں کو قبول کر کے جن فضلوں کا تو وارث بنائے گا ان کے مقابلے پر یہ قربانی بالکل حقیر قربانی ہے۔ اور پھر یہ بھی کہ قربانی کا قبول کرنا بھی تیرے فضل پر منحصر ہے۔ ہم اگر سمجھ بھی رہے ہیں کہ ہم قربانی کر رہے ہیں تو ہمیں کیا پتہ کہ حقیقت کیا ہے؟ یہ قربانی ہے بھی کہ نہیں۔ پس تُو جو دعاؤں کا سننے والا ہے، تیرے سے ہم عاجزانہ طور پر یہ دعا کرتے ہیں کہ تیرا گھر جو تیرے حکم سے تعمیر ہو رہا ہے اس کی تعمیر میں جو کچھ بھی ہم نے پیش کیا تُو محض اور محض اپنے فضل سے قبول فرمالے اور قبول فرمانے کا نتیجہ اس طرح ظاہر ہو کہ ہمارا نام بھی اس سے وابستہ ہو جائے جہاں اللہ تعالیٰ کی صفتِ سمیع کا حوالہ دے کر دعا کی قبولیت کی بھیک مانگ رہے تھے وہاں اللہ تعالیٰ کی صفتِ علیم کا حوالہ دے کر یہ بھی دعا کر رہے تھے کہ اے اللہ! تو علیم ہے۔ جانتا ہے کہ ہمارے دل میں کیا ہے ہمارے دل کی حالت تیرے سے تو مخفی نہیں ہے۔ تُو یقیناً جانتا ہے کہ ہم خالص ہو کر تیرے سامنے جھکے ہیں اور جھکنا چاہتے ہیں۔ پس ہمیں قبول فرما اور اس عمارت سے وابستہ انعامات کا ہمیشہ ہمیں وارث بنا دے، اور جب تک یہ دنیا قائم ہے اور جب تک تیری توحید کا نام یہاں سے بلند ہونا ہے، ہمارا نام بھی اس سے منسلک رکھ۔ ہم یہ دعا کرتے ہیں کہ اس گھر میں آ کر دعائیں کرنے والے بھی ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں، اور جو جو بھی ان سے وابستہ ہیں وہ بھی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

ان باپ بیٹے نے وہ قربانیاں دی تھیں کہ آج ہم یاد رکھتے ہیں۔ مسلمان جب ہر نماز میں درود پڑھتے ہیں اور ہر نفل کی آخری رکعت میں جب ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں تو ساتھ ہی حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر بھی اور آپؑ کی آل پر بھی اس حوالہ سے درود بھیجتے ہیں۔ یہ اعزاز حضرت ابراہیم علیہ الصلوۃ والسلام کو آپ کی وفا اور کامل طور پر خدا تعالیٰ کی راہ میں قربانی کے لئے تیار ہونے کی وجہ سے ملا۔ اس بات کو اللہ تعالیٰ نے قرآنِ کریم میں اس طرح بھی بیان فرمایا ہے کہ وَاِبْرَاهِيْمَ الَّذِیْ وَفّٰی (النجم: 38) اور ابراہیم جس نے وفا کی اور عہد پورا کیا۔ (۔۔۔)

پس ہم عموماً اپنی مساجد کی بنیادوں اور افتتاحوں کی تقریبوں میں جو ان آیات کی تلاوت کرتے ہیں تو یہ روح ہے جو ہمیں اپنے سامنے رکھنی چاہئے۔ ہم یہ تعمیر اور اس کے لئے کسی بھی قسم کی قربانی اگر کر بھی رہے ہیں تو ہمیں نہیں پتہ کہ وہ دکھاوا ہے یا حقیقی قربانی ہے، یہ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے اس لئے ہمیں ہمیشہ ان قربانی کرنے والوں میں شامل کر جو حقیقی قربانی کرنے والے ہیں۔

آپ یہ مسجد بنائیں گے اور ظاہر ہے ہماری مساجد افرادِ جماعت کی مالی

قربانیوں کے ذریعہ ہی تعمیر ہوتی ہیں تو ہمیں اپنے دلوں کو ٹٹولتے ہوئے خدا تعالیٰ کے حضور اس دعا کے ساتھ یہ قربانیاں دینی ہوں گی کہ اے خدا! ہماری اس قربانی کو اپنی رضا کے حصول کا ذریعہ بنا دے۔ کبھی ہمارے دل میں یہ خیال نہ آئے کہ یہ کوئی بہت بڑی قربانی ہے جو ہم نے دی ہے یا ہم دے رہے ہیں۔

یہاں آپ میں سے بہت سے ایسے بھی ہیں جو اچھا کمانے والے ہیں۔ پاکستان میں اور افریقہ وغیرہ کے ممالک میں اور دوسرے غریب ممالک میں تو احمدی اللہ تعالیٰ کے گھروں کی تعمیر کے لئے اپنے پیٹ کاٹ کر قربانیاں کر کے دے رہے ہیں اور دیتے ہیں۔ لیکن بہت سے ایسے ہیں جن کی پھر بھی یہ خواہش ہوتی ہے کہ خدا تعالیٰ اور توفیق دے تو اور دیں۔ افریقہ میں ایسے بہت سے افریقن احمدیوں کو میں جانتا ہوں جن کے حالات پہلے تو اچھے نہیں تھے لیکن اس کے باوجود قربانیاں دیتے رہے۔ تو پھر خدا تعالیٰ نے ان میں سے بعض کے دن پھیرے۔ آمدنیوں کے ذریعے بڑھ گئے کاروبار میں وسعت پیدا ہوئی تو انہوں نے اپنی قربانیوں کے معیار اور بڑھا دیئے۔

زائد آمد سے اپنے آرام وسکون کا خیال نہیں رکھا بلکہ مساجد کی تعمیر کے لئے بے انتہا دیا۔ ایسے بھی ہیں جنہوں نے اکیلے ہی ایک ایک مسجد خود تعمیر کی اور بڑی بڑی اچھی خوبصورت مساجد تعمیر کی ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ نے عجیب عجیب قربانیاں کرنے والے دل حضرت مسیح موعودؑ کی جماعت کو عطا فرمائے ہیں۔ اور انہیں پھر کبھی یہ احساس بھی نہیں ہوتا کہ ہم نے کوئی قربانی کی ہے۔

میں نے شروع میں ذکر کیا تھا کہ اکثریت نے خوشدلی سے اس فیصلہ کو قبول کر لیا لیکن شاید چند ایک ایسے بھی ہوں جو Dublin میں مسجد کی تعمیر پہلے چاہتے ہوں۔ ایک دو نے مجھے خط بھی لکھے تھے۔ جماعت کی تعداد وہاں زیادہ ہے ان کی خواہش بھی جائز ہے۔ لیکن بعض اور وجوہات ایسی ہیں جن کی وجہ سے یہاں تعمیر کا پہلے فیصلہ کیا گیا۔ اس لئے اب وہ لوگ بھی جن کی مرضی کے خلاف یہ تعمیر ہو رہی ہے ان کو اس کی تعمیر میں کھلے دل سے حصہ لینا چاہئے اور یہ احساس نہیں ہونا چاہئے کہ ہم Dublin میں رہتے ہیں اس لئے وہاں کی مسجد کی پہلے تعمیر ہو یا جب بھی وہاں مسجد تعمیر ہو گی تو ہم اس میں حصہ لیں گے۔ یہ ایک مرکزی پراجیکٹ ہے، منصوبہ ہے، اس لئے یہاں بھی سب کو حصہ لینا چاہئے۔ اور جب Dublin میں انشاء اللہ تعالیٰ مسجد بنے گی تو وہاں بھی سب حصہ لیں گے۔ یہ تو ایک راستہ ہے جو کھولا جا رہا ہے۔ یہ مسجد بننے کے بعد مساجد کی تعمیر بند تو نہیں ہو جائے گی۔ یہی چیز ہے جو حقیقی وفا کی نشاندہی کرتی ہے۔ وفا دکھانے کا یہ مطلب بھی ہے کہ عہد کو پورا کرنا۔ پس ہر احمدی نے یہ عہد کیا ہوا ہے کہ مَیں اپنی جان، مال، وقت اور عزت کو قربان کرنے کے لئے ہر دم تیار رہوں گا۔ تو وفا اور عہد کو پورا کرنے کا معیار تبھی قائم ہوگا جب بے نفس ہو کر حتی الوسع اس مسجد کی تعمیر کے لئے ہر احمدی حصہ لے گا۔ آج جو مطالبہ آپ سے ہو رہا ہے۔ مختلف وقتوں میں مختلف مطالبے ہوتے ہیں۔

پس اس بات کو ہمیشہ اپنے سامنے رکھیں کہ اللہ تعالیٰ کا قرب وفاؤں کے معیار قائم کرنے اور عہدوں کو پورا کرنے سے ملتا ہے۔ اور جو عمارت بن ہی خدا کے گھر کے طور پر خدا والوں کی عبادت کے لئے رہی ہو اس سے زیادہ اور کون سی چیز اس بات کی حق دار ہے کہ اس کی خاطر اپنے مال میں سے کچھ قربان کیا جائے۔ اللہ تعالیٰ کے گھر کی تعمیر کے لئے تو اللہ تعالیٰ کے ان برگزیدوں کے پاس جو کچھ تھا انہوں نے پیش کر دیا۔ اور خدا تعالیٰ نے ان کی اس قربانی کو قبول فرما کر ان کی نسل میں جہاں اللہ تعالیٰ نے اپنا سب سے پیارا نبی پیدا فرمایا وہاں ان دونوں کے نام بھی تا قیامت اپنے اس پیارے کے ساتھ جوڑ دیئے۔

پس یہ ایسی قربانی ہے جو اللہ تعالیٰ کے ہاں انتہائی مقبول ہوئی۔ اور آج ہمیں بھی حکم ہے کہ تم اس قربانی کی مثال کو سامنے رکھتے ہوئے خدا تعالیٰ کے گھر کی تعمیر کرو۔ اور ان کا رخ بھی اللہ تعالیٰ کے اس قدیم گھر کی طرف رکھو تا کہ جہاں تمہاری توجہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف رہے وہاں ان فرستادوں کی قربانیاں بھی یاد رہیں۔ ان کی وفاؤں کے نمونے سامنے رکھ کر ہمیں بھی اپنی وفاؤں کے پرکھنے کی طرف توجہ رہے۔ ہمیشہ ہماری دعائیں اللہ تعالیٰ کے حضور سنی جاتی رہیں۔

پس یہ روح ہے جو مسجدیں تعمیر کرنے والوں کو ہر وقت قائم رکھنی چاہئے۔ اور اس روح کو قائم رکھنے کے لئے اگلی آیت میں مزید کھول کر بتایا ہے۔ (یہ دو آیات تھیں) کہ اس وفا کو قائم رکھنے اور قربانیوں کی روح کو دوام بخشنے کے لئے بعض اعمال بھی ہیں جو ہمیشہ ہمیں پیشِ نظر رکھنے چاہئیں۔ بعض دعائیں بھی ہیں جو ہمیں کرتے رہنا چاہئیں۔ (۔۔۔)

آج اس مسجد کی بنیاد رکھنے کی تقریب کے ساتھ پریس اور میڈیا کے لوگوں کو بھی توجہ پیدا ہوگی۔ بہت سے احمدی جن کو پہلے کوئی نہیں جانتا تھا یا جماعت کا تعارف اس طرح نہیں تھا، شاید اس تقریب کے بعد لوگوں کی توجہ پیدا

ہو۔ بلکہ مختلف ممالک کے تجربے سے یہی پتہ چلتا ہے کہ لوگوں کی توجہ پیدا ہوتی ہے۔ جوں جوں عمارت بلند ہوتی جائے گی یہ عمارت مزید توجہ کھینچے گی اور جب توجہ کھینچے گی تو ہر وہ احمدی جو یہاں رہتا ہے اس کی اہمیت بھی بڑھے گی تو اس کو یہ احساس بھی ہونا چاہئے کہ میری اہمیت بڑھ رہی ہے۔ آپ لوگ یہاں مقامی لوگوں کی نظر میں آئیں گے تو اس سے مجھے اُمید ہے کہ جہاں تبلیغ کے راستے کھلیں گے اور تبلیغ میں وسعت پیدا کرنے کی ضرورت ہوگی وہاں آپ کو مختلف طریقوں سے لوگوں تک پیغامِ حق پہنچانے کی بھی پہلے سے بڑھ کر کوشش کرنی ہوگی۔ جیسا کہ میں اکثر بیان کرتا ہوں کہ حضرت مسیح موعودؑ نے فرمایا کہ اگر اسلام کا تعارف کروانا ہے اور پیغامِ حق پہنچانا ہے تو جس علاقے میں یہ مقصد حاصل کرنا ہے وہاں مسجد بنا دو۔ تو مجھے اُمید ہے کہ مسجد کی تعمیر کے ساتھ ساتھ آپ بھی مجبور کئے جائیں گے کہ تبلیغ میں وسعت پیدا کریں۔ اگر اپنے عہدوں کو پورا کرنا ہے، اگر اپنی وفاؤں کا ثبوت دینا ہے تو نہ چاہتے ہوئے بھی آپ کو وسعت پیدا کرنی پڑے گی۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ہر احمدی کو جو یہاں رہتا ہے، مرد ہو یا عورت، جوان ہو یا بوڑھا، اپنے نمونے بھی قائم کرنے ہوں گے۔ اور اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ اور استغفار بھی کرتے رہنے کی ضرورت ہوگی تا کہ اللہ تعالیٰ طاقت بخشے کہ نیک اعمال بجالانے کی توفیق ملتی رہے۔

دیکھیں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام تو خانہ کعبہ کی بنیادیں کھڑی کرتے اس وقت صرف دو افراد تھے، لیکن جب تعمیر شروع ہوگی تو اس یقین پر قائم تھے کہ اللہ تعالیٰ جو اتنا اہم کام کروا رہا ہے تو آئندہ ہماری نسل میں بھی وسعت پیدا کرے گا۔ اس لئے ان کے لئے بھی ساتھ ہی دعا کی کہ جو بھی ذریت آنے والی ہے وہ بھی اس اہم مقصد کو پیش نظر رکھے۔ لیکن ہم آنحضرت ﷺ کی اُمت ہیں۔ اور پھر آپ ﷺ کے عاشق صادق کے ساتھ وابستہ ہیں ہم تو اس بڑھتی ہوئی ذریت اور اُمت کو دیکھ رہے ہیں۔ اس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بھی ابراہیم کے الہامی نام سے پکارا ہے۔ پس ابراہیمؑ کی دعائیں بھی قبول ہوئیں اور ہو رہی ہیں۔ ہم نے مشاہدہ کی ہیں اور کرتے رہے ہیں۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے ایک عربی الہام میں اس طرح فرمایا تھا کہ اُرِیْحُكَ وَلَا اُجِیْحُكَ وَاُخْرِجُ مِنْكَ قَوْمًا کہ ''میں تجھے آرام دوں گا اور تیرا نام نہیں مٹاؤں گا اور تجھ سے ایک بڑی قوم پیدا کروں گا''۔ آپ فرماتے ہیں کہ ''اس کے ساتھ ہی دل میں یہ تفہیم ہوئی جس کا مطلب یہ تھا جیسا کہ مَیں نے ابراہیم کو قوم بنایا۔'' (الہام 27 مئی 1906ء تذکرہ ایڈیشن چہارم 2004ء صفحہ 530)

پس آنحضرت ﷺ کہ غلامِ صادق کے ذریعے جو قوم بن رہی ہے وہ تو خدا تعالیٰ کی خاص تائید اور نصرت کے ذریعہ بن رہی ہے۔ اور اس قوم کی عبادت کے سامان کے لئے اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے مساجد بھی بنانے کی توفیق عطا فرماتا چلا جا رہا ہے۔ لیکن اس تعمیر کی برکات سے صحیح رنگ میں فائدہ اُٹھانے کی لئے ہمیں توبہ واستغفار کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ساتھ مضبوط تعلق میں ہر دم بڑھتے چلے جانے کی بھی ضرورت ہے تا کہ ہم بھی اور ہماری نسلیں بھی اس کے پھل ہمیشہ کھاتی چلی جائیں۔ ہماری قربانیاں اللہ تعالیٰ کے حضور قبول ہو جائیں۔ ہماری عبادتوں کے معیار بلند ہوتے رہیں اور ہم اپنی نسلوں میں بھی احمدیت یعنی حقیقی اسلام کے ساتھ مضبوط تعلق کی روح قائم کرتے چلے جانے والے ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

(ازالفضل انٹرنیشنل ۱۴۔۸ اکتوبر ۲۰۱۰ء ص:۵)

کچھ خوبصورت باتیں

☆ دوسروں سے توقع رکھنا چھوڑ دو، زندگی سہل ہو جائے گی۔

☆ یاد رکھو فتح طاقت کی نہیں، صداقت کی ہوتی ہے۔

☆ آدمی مطالعے سے بیدار ہوتا ہے، مکالمے سے اس میں تمیز آتی ہے اور لکھنے سے اس کی شخصیت نکھرتی ہے۔

☆ ایسے علم کا کوئی فائدہ نہیں جس پر عمل نہ کیا جائے۔

☆ انسان کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ وہ اپنی زبان اور دل کو قابو میں رکھے۔

☆ اگر تم نیک اور مخلص بننا چاہتے ہو تو شبنم کے قطرے کی طرح شفاف بن جاؤ۔

☆ اچھے ثمرات محنت سے حاصل ہوتے ہیں قسمت سے نہیں۔

☆ ماں باپ کا اپنی اولاد کے لئے اس سے بہتر کوئی عطیہ نہیں کہ وہ اپنی اولاد کی اچھی تربیت کریں۔

☆ خوبصورتی ختم ہو جاتی ہے مگر سیرت قبر تک جاتی ہے۔

☆ جو شخص اپنے آپ کو پسند کرتا ہے وہ دوسروں کو ناپسند ہو جاتا ہے۔

رپورٹ

جماعتِ احمدیہ آئرلینڈ

کے تاریخی ، بابرکت اور مبارک دِن

سیدنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا دورۂ آئرلینڈ کی مختصر رپورٹ!

14 ستمبر 2010ء بروز منگل:

آج کا دن جماعتِ احمدیہ کی تاریخ میں اور خصوصاً جماعتِ احمدیہ آئرلینڈ (Ireland) کی تاریخ میں ایک انتہائی اہمیت کا حامل اور مبارک دن تھا۔آج حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے عیسائیت کے گڑھ ملک آئرلینڈ میں خدائے واحد و یگانہ کی عبادت کے لئے تعمیر کیے جانے والی جماعتِ احمدیہ کی پہلی مسجد 'مسجد مریم' کا سنگِ بنیاد رکھنے اور اس ملک کے باشندوں کو خدائے واحد کی طرف بلانے اور اسلام کی حقیقی اور پُر امن تعلیم کا پیغام دینے کے لئے آئرلینڈ کا پہلا سفر اختیار فرمایا۔

آئرلینڈ کے مقامی وقت پانچ بجے حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک قدم پہلی بار آئرلینڈ کی سرزمین پر پڑے اور آئرلینڈ کی یہ زمین بھی ان خوش نصیب زمینوں میں شامل ہوگئی جو حضور انور کے مبارک وجود سے فیضیاب ہوئیں اور ان زمینوں پر فتوحات کے نئے دروازے کھولے گئے۔

ائرپورٹ سے روانہ ہوکر شام چھ بجے حضور انور ہوٹل Clarion پہنچے۔ہوٹل کے بیرونی احاطہ میں ڈبلن اور گالوے کی جماعتوں سے آئے ہوئے احباب جن کی میں مرد وخواتین اور بچے بوڑھے شامل تھے اپنے پیارے آقا کے استقبال کے لئے موجود تھے۔ بچے اور بچیاں علیحدہ علیحدہ گروپس کی صورت میں خیر مقدمی گیت پیش کر رہیں تھیں۔ ہر چھوٹا بڑا اپنا ہاتھ ہلاتے ہوئے حضور انور کو خوش آمدید کہہ رہا تھا۔حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کرکے سب کو السلام علیکم کہا اور ہوٹل میں اپنے رہائشی اپارٹمنٹ میں تشریف لے گئے۔

پروگرام کے مطابق شام سات بج کر ۴۵ منٹ پر حضور انور مشن ہاؤس کے لئے روانہ ہوئے اور پندرہ منٹ کی مسافت کے بعد آٹھ بجے مشن ہاؤس تشریف آوری ہوئی۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور نے مشن ہاؤس کے بارہ میں دریافت فرمایا اور نچلے حصہ کا معائنہ فرمایا۔اس موقعہ پر موجود سبھی احباب کو حضور انور نے شرف مصافحہ سے نوازا۔اور باری باری ہر ایک سے اس کا تعارف حاصل کیا اور کام وغیرہ کے بارہ میں پوچھا۔

بعدازاں حضور انور لجنہ کے حصہ میں تشریف لے گئے جہاں خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا اور اپنے پیارے آقا کو انتہائی قریب سے دیکھنے کی سعادت پائی۔ ہر ایک چھوٹا بڑا خوشی و مسرت سے معمور تھا۔

15 ستمبر 2010ء بروز بدھ:

نماز فجر کی ادائیگی کے لئے انتظام ہوٹل کے ایک ہال میں کیا گیا۔حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہاں ڈبلن کے وقت کے مطابق صبح چھ بجے اس ہال میں تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ ڈبلن شہر کے مختلف حصوں میں آباد خاندان صبح مختلف مقامات سے سفر کرکے نماز فجر کی ادائیگی کے لئے ہوٹل پہنچے اور اس جماعت کے مرد وخواتین نے اپنے پیارے آقا کی اقتدا میں نماز فجر ادا کرنے کی توفیق پائی۔

یہاں کی مقامی جماعت نے Chester Beaty Library کے وزٹ کا پروگرام ترتیب دیا ہوا تھا۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی پروگرام کے مطابق اس لائبریری کے وزٹ کیلئے روانگی ہوئی۔

یہ لائبریری ایک عجائب گھر (Museum) کی شکل میں ہے اور اس کا شمار یورپ کے بہترین عجائب گھروں میں ہوتا ہے۔اس موجودہ لائبریری کا قیام 2000ء میں عمل میں آیا۔اس لائبریری میں ہاتھ کی لکھی ہوئی قدیم کتب موجود ہیں۔ نویں، دسویں صدی میں کوفی رسم الخط میں لکھے ہوئے قرآن کریم موجود ہیں۔ آنحضرت ﷺ کی سیرت اور اسلام کی تاریخ پر لکھی ہوئی قدیم، ابتدائی کتب کے نسخے یہاں رکھے ہوئے ہیں۔اسی طرح بعد کے مختلف ادوار کے قرآن کریم اور دیگر مختلف کتب جن میں چہل احادیث اور دعاؤں کی کتب شامل ہیں اس لائبریری کی زینت ہیں۔

اس لائبریری کے وزٹ کے دوران گائیڈ کے ایک سوال پر جماعت احمدیہ کا تعارف کرواتے ہوئے حضور انور نے فرمایا: ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ آنحضرت ﷺ

کی پیشگوئی کے مطابق ایک شخص مبعوث ہوگا اور وہ مسیح بھی ہوگا اور مہدی بھی ہوگا۔ ہمارے عقیدہ کے مطابق یہ شخص حضرت مرزا غلام احمدؑ کی صورت میں آچکا ہے اور آپؑ غیر شرعی نبی ہیں۔ جب کہ دوسرے غیر از جماعت لوگ کہتے ہیں کہ آنحضرتﷺ خاتم النبیین ہیں اس لئے آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا۔ ہم کہتے ہیں کہ آنحضرتﷺ کے بعد کوئی شرعی نبی، نئی شریعت لانے والا نبی نہیں آسکتا لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ آنحضرتﷺ کی مہر کے ساتھ غیر شرعی نبی آسکتا ہے جو قرآن کریم کی تعلیم دے گا اور اسلام کی حقیقی تعلیم دے گا۔ پس ہم میں اور دوسروں میں یہ ایک فرق ہے۔

حضور انور نے فرمایا: حضرت مسیح موعودؑ نے 1889ء میں قادیان میں جماعت کا قیام فرمایا۔ اب اللہ کے فضل سے جماعت دنیا کے 198 ممالک میں پھیل چکی ہے۔ جماعت احمدیہ کا پہلا مرکز قادیان میں تھا۔ 1947ء میں وہاں سے پاکستان ربوہ منتقل ہوا اور پھر 1984ء میں حکومت کے بعض ظالمانہ قوانین کی وجہ سے جماعت کے چوتھے خلیفہ نے پاکستان سے لندن ہجرت کی اور اس وقت سے ہیڈکوارٹر لندن میں ہے۔ 2003ء میں چوتھے خلیفہ کی وفات ہوئی اس کے بعد اب میں پانچواں خلیفہ ہوں۔

حضور انور نے قرآن کریم کے تراجم کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ جماعت کو دنیا کی مختلف 69 زبانوں میں قرآن کریم کا ترجمہ شائع کرنے کی توفیق مل چکی ہے۔ منتخب آیات کا ترجمہ سو زبانوں میں شائع کیا ہے۔ اسی طرح اسلام کے بارہ میں، آنحضرتﷺ کے بارہ میں دنیا کی مختلف زبانوں میں ایک بہت بڑی تعداد میں لٹریچر شائع ہوا ہے۔

حضور نے MTA کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ ہمارے اس ٹی وی چینل کی نشریت 24 گھنٹے جاری ہیں اور دنیا کے ہر خطہ میں دیکھی جاسکتی ہیں۔

حضور نے فرمایا ہم سو ملینز تک پہنچ چکے ہیں۔ افریقہ میں ہماری جماعت کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ہر جگہ ہم مساجد اور مشن ہاؤسز تعمیر کر رہے ہیں اور یہ ہزاروں کی تعداد میں ہیں۔ اور اب آئرلینڈ میں بھی پہلی مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا جارہا ہے۔

یہاں ڈبلن اور گالوے میں ہماری جماعت کی تعداد دو صد سے زائد ہے۔

مکرم ابراہیم نونن صاحب پاس کھڑے تھے، حضور انور نے فرمایا یہ ہمارے آئرش مبلغ ہیں۔ ہمارے مبلغین افریقن بھی ہیں، انگلش، کینیڈین، امریکنز اور جرمن بھی ہیں۔

اس وزٹ کے آخر پر لائبریری کے سٹاف نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

بعد ازاں یہاں سے ڈبلن شہر میں واقع "Phoenix Park" سے گزرتے ہوئے ہوٹل کی طرف واپسی ہوئی۔

پروگرام کے مطابق ایک بجے فیملی ملاقاتیں شروع ہوئیں۔ ڈبلن جماعت کی پندرہ فیملیز کے 61 افراد نے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔

ڈبلن سے گالوے کو روانگی

یہاں سے گالوے روانگی سے قبل حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی اور پروگرام کے مطابق بجے قافلہ بطرف Galway روانہ ہوا۔

گالوے، ڈبلن شہر سے 120 میل مغرب کی طرف ساحل سمندر پر واقع آئرلینڈ کا چوتھا بڑا شہر ہے۔ اس شہر کی دریافت تیرھویں صدی عیسوی میں ہوئی۔ اس شہر میں آباد لوگوں کی تعداد 68 ہزار ہے۔ اس شہر کو آئرلینڈ کے مغربی ساحل پر آباد ہونے کی وجہ سے یورپ کا آخری شہر بھی کہا جاسکتا ہے۔

ڈیڑھ گھنٹہ کے سفر کے بعد حضور انور کی گالوے میں تشریف آوری ہوئی۔ گالوے میں حضور انور اور ممبران قافلہ کے قیام کا انتظام ہوٹل Clayton میں کیا گیا تھا۔ جونہی حضور انور کی گاڑی ہوٹل کے بیرونی احاطہ میں پہنچی احباب جماعت مرد و خواتین نے اپنے ہاتھ ہلاتے ہوئے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔ اس موقعہ پر بچوں اور بچیوں نے استقبالیہ ترانے پڑھے۔ گالوے جماعت کے ممبران کے علاوہ Athlone,Limerick,Cork کی جماعتوں سے بھی احباب اور مختلف فیملیز اپنے پیارے آقا کے استقبال کے لئے یہاں پہنچی ہوئی تھیں۔ بعض لوگوں کی آنکھوں سے آنسوں رواں تھے۔ انہوں نے پہلی بار حضور انور کو اپنے اتنا قریب دیکھا تھا۔ یہ دن ان کے لئے بہت ساری سعادتیں اور برکتیں لے کر آیا تھا۔ ہر چھوٹا بڑا ایک ایک لمحہ سے فیضیاب ہو رہا تھا۔ ہر ایک کی نظر حضور انور کے چہرہ مبارک پر مرکوز تھی۔ ہر ایک کا دل چاہ رہا تھا کہ عشق و محبت اور فدائیت کی یہ گھڑیاں لمبی ہوجائیں۔

حضور انور نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور ہوٹل میں اپنے رہائشی اپارٹمنٹ میں تشریف لے گئے۔

نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور از راہ شفقت احباب میں رونق افراز ہوئے فرداً فرداً ہر ایک سے گفتگو فرمائی۔ بعض سے تعارف حاصل کیا اور ان

کے کام وغیرہ کے بارہ میں دریافت فرمایا۔

حضور نے فرمایا بعض دفعہ ایسے مواقع ہوتے ہیں اور ایسی سکیمیں نکلتی ہیں کہ ان ممالک میں آنے اور امیگریشن ملنے کے چانسز ہوتے ہیں تو ان سے بھر پور فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ (الفضل انٹرنیشنل ۸تا۱۴۔اکتوبر ۲۰۱۰ء)

16 ستمبر 2010ء بروز جمعرات:

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہوٹل Clayton کے ایک ہال میں (جو نمازوں کے لئے مخصوص کیا گیا ہے) تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی بڑی تعداد میں احباب جماعت مرد اور خواتین نماز فجر میں شامل ہوئے اور اپنے پیارے امام کی اقتدار میں نماز کی ادائیگی کی توفیق پائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔ حضور انور کے یہاں گالوے کے قیام کے دوران ڈبلن Dublin، Cork اور Athlone کی جماعتوں سے فیملیز یہاں پہنچی ہوئی تھیں۔ بہت سی فیملیز تو اسی ہوٹل میں مقیم تھیں اور بعض قریب کی جگہوں پر ٹھہرے ہوئے ہے تھے۔ اور حضور انور کے مبارک وجود سے برکتیں سمیٹ رہے تھے۔ برکتوں اور اللہ کے فضلوں کے حصول کا کوئی لمحہ بھی ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے۔ اپنے چھوٹے بچوں سمیت نمازوں میں شامل ہو رہے تھے۔

حضور انور ایدہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی آئر لینڈ آمد جہاں احباب جماعت خوشی و مسرت سے معمور ہیں وہاں یہاں کے مقامی باشندوں کی طرف سے بھی خوشی کا اظہار ہو رہا تھا گالوے شہر میں ہمارے مشن ہاوس کے اردگرد آباد فیملیز نے مل کر اپنے علاقہ کی طرف سے حضور انور ایدہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا استقبال کرتے ہوئے اور حضور انور کو پھول بھجوائے اور اپنی محبت کا اظہار کیا۔

پروگرام کے مطابق شام فیملیز ملاقاتیں تھیں۔ ہوٹل کے ایک حصہ میں بعض کانفرنس روم حاصل کر کے فیملی ملاقاتوں کا انتظام کیا گیا تھا۔

جماعت گالوے کے علاوہ Limerick, Athlone, Cork کی جماعتوں سے آنے والی 38 فیملیز کے 137 افراد نے اپنے پیارے آقا سے ملاقات کی سعادت پائی۔

گالوے کے اخبار میں حضور کی آمد کی خبر

اخبار Galway Advertiser نے اپنی ویب سائٹ پر اپنی اشاعت 16 ستمبر 2010ء میں لکھا:۔

''اسلامک لیڈر نئی مسجد کا سنگِ بنیاد رکھیں گے''

''ورلڈ وائیڈ احمدیہ مسلم کمیونٹی کے سپریم لیڈر حضرت مرزا مسرور احمد صاحب اس ویک اینڈ پر گالوے کی بڑی مسجد کا سنگِ بنیاد رکھیں گے، قابل صد احترام جو پاکستانی ہیں پہلی دفعہ آئر لینڈ کا سفر اختیار کر رہے ہیں۔ وہ کل احمدیہ جماعت کی پہلی مسجد کا سنگِ بنیاد رکھیں گے جو علاقہ Ballybrit میں تعمیر ہو رہی ہے۔ مسجد جس کا نام Virgin Mary کے نام پر 'مسجد مریم' رکھا گیا ہے تکمیل پر سب کے لئے کھلی ہوگی۔ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب Clayton ہوٹل میں ساڑھے سات بجے ایک Civic Reception سے خطاب کریں گے جس میں وہ مختلف امور پر روشنی ڈالیں گے۔ جیسے سٹیٹ اور چرچ کو علیحدہ رکھنا۔ بین المذاہب گفتگو اور ایک دوسرے کو سمجھنا اور خیال رکھنا اور آپ کا پیغام بجائے تلوار کے جہاد کے قلم کا جہاد ہے۔

اس Reception میں منسٹر فار سوشل Protection گالوے شہر کے بشپ Mr Martin Drennan، اسسٹنٹ Garda کمشنر Mr Jon OMahony، نیز سٹی اور کاؤنٹی کے کونسلر شامل ہوں گے۔

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب انٹرنیشنل طور پر مذہبی اور روحانی پیشوا کے طور پر احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں آپ کو کینیڈا کے وزیر اعظم نے 'چیمپئین آف پیس' *(Champion of Peace)* کا ٹائٹل دیا ہے۔

17 ستمبر 2010ء بروز جمعۃ المبارک:

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہوٹل Clayton کے ہال میں تشریف لا کر نمازِ فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔ صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مختلف دفتری امور کی انجام دہی میں مصروف رہے۔

آج جمعۃ المبارک اور آئر لینڈ کی سرزمین میں جماعت احمدیہ کی پہلی مسجد کے سنگِ بنیاد کا دن تھا۔ نمازِ جمعہ کی ادائیگی کا انتظام ہوٹل میں دو ہال لے کر کیا گیا تھا۔ ایک ہال میں مرد حضرات اور دوسرے ہال میں خواتین تھیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نمازِ جمعہ کی ادائیگی کے لیے ایک بجے تشریف لائے اور آئر لینڈ کی سرزمین سے اپنا پہلا خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جس میں گالوے (آئر لینڈ) میں (جو ایک پہلو سے زمین کا کنارہ ہے) جماعت احمدیہ کو ان ذمہ داریوں کی طرف خصوصیت سے توجہ دلائی۔

مسجد مریم گالوے کے سنگِ بنیاد کی تقریب

آئرلینڈ کی سرزمین پر پہلی احمدیہ مسجد کے سنگِ بنیاد کی تقریب کا وقت نزدیک آرہا تھا۔ آئرلینڈ کے مختلف حصوں میں آباد احبابِ جماعت مرد خواتین بچے بوڑھے سبھی اپنے آقا کی آمد کے منتظر تھے اور بڑے منظّم طریق سے سبھی اپنی مخصوص جگہوں پر کھڑے تھے۔ پروگرام کے مطابق ساڑھے چار بجے حضور انور گاڑی سے باہر تشریف لائے بچیاں گروپس کی صورت میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی دعائیہ نظم "یہ روز کر مبارک سبحان من یرنی" پڑھ رہی تھیں۔ آج کا دن واقعی بڑا مبارک اور برکتوں والا دن تھا جب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز قادیان کی مسجد 'مسجد مبارک' کی اینٹ کے ساتھ اس پہلی مسجد کا سنگِ بنیاد رکھ رہے تھے۔ آئرلینڈ کے نیشنل اخبار *The Irish Time* اور ان کے نیشنل ٹی وی *RTE* کے نمائندے حضور انور کی آمد سے قبل ہی یہاں پہنچے ہوئے تھے۔ MTA کی ٹیم بھی ان تاریخی لمحات کی کوریج کے لئے موجود تھی۔

سنگِ بنیاد کی تقریب کے پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ بعد ازاں حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 'مسجد مبارک' قادیان کی اینٹ سنگِ بنیاد کے طور پر رکھی۔ اینٹ رکھنے کے بعد حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنی وہ اُنگلیاں جن میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی انگوٹھیاں 'اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ' اور 'مولا بس' پہنی ہوئی تھیں اس اینٹ کے اُوپر رکھیں اور دعا کی۔ حضور انور کے بعد حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا نے مسجد مبارک قادیان کی ایک اینٹ رکھی۔

بعد ازاں جماعتی عہدیداران اور احباب کو اینٹیں رکھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔

اینٹیں رکھے جانے کی کاروائی مکمل ہونے کے بعد حضورِ انور نے دعا کروائی۔ دعا کے بعد تین خدام نے کورس کی صورت میں ایک دعائیہ ترانہ پیش کیا۔ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خدام کا ترانہ سننے کے بعد بچیوں کے پاس تشریف لے آئے اور ان کا ترانہ سنا۔ یہاں سے روانگی سے قبل حضورِ انور نے بعض احباب سے ازراہِ شفقت گفتگو فرمائی اور شرف مصافحہ بخشا۔

"مسجد مریم" گالوے شہر کے علاقہ BallyBrit میں تعمیر ہو رہی ہے۔ اس قطعہ زمین کا رقبہ قریباً پونے ایک ایکڑ ہے۔ یہ جگہ 2009 میں پانچ لاکھ پندرہ ہزار یورو کی لاگت سے خریدی گئی۔ اور اس کی تعمیر پر پانچ لاکھ یورو اخراجات کا اندازہ ہے اس مسجد میں مردوں اور خواتین کے علیحدہ علیحدہ ہال ہوں گے تعمیری حصہ کا رقبہ 2355 مربع فٹ ہے مسجد میں 120 نمازیوں کی گنجائش ہوگی۔ مسجد کے ساتھ دو کمرے بطور دفاتر تعمیر کئے جائیں گے۔ اس قطعہ زمین پر جہاں مسجد تعمیر ہو رہی ہے جو کہ مزید توسیع کے بعد بطور مشن ہاؤس استعمال ہوگا۔

پریس اور میڈیا کوریج

اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس مسجد کی تعمیر کا ذکر آئرش پریس اور میڈیا میں غیر معمولی طور پر ہوا۔

☆ ریڈیو "Galway Bay FM" نے جمعہ کے روز چار بجے اور چھ بجے اور پھر آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی آئرلینڈ میں آمد اور مسجد کے سنگِ بنیاد سے متعلق بڑی تفصیل سے خبر دی۔ اس ریڈیو سٹیشن نے خبر نشر کرتے ہوئے کہا؛ اسلام کی ایک برانچ کے عالمی لیڈر گالوے شہر کی پہلی مسجد کا آج شام سنگِ بنیاد رکھیں گے حضرت مرزا مسرور احمد صاحب احمدیہ مسلم جماعت کے سربراہ ہیں۔ دنیا بھر میں احمدیوں کی تعداد قریباً ایک سو پچاس ملین سے زیادہ ہے شہر میں ہونے والے استقبالیہ میں احمدیہ کمیونٹی کے نمائندگان کے علاوہ حکومتی افسران، سیاست دان اور دیگر حکام شرکت کریں گے۔

مسجد جو کہ Old Monivea Road پر واقع ہوگی کا کام دو یا تین مہینوں میں شروع ہونا متوقع ہے۔ احمدیہ مسلم کمیونٹی کے ممبران حضرت مرزا مسرور احمد صاحب کی آمد کو ایک سنگِ میل قرار دیتے ہیں اور آئرلینڈ کے اس مغربی حصہ میں دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں۔

آپ کی تشریف آوری کا مقصد جہاں احمدیہ مسلم کمیونٹی کے ممبران سے ملنا ہے وہاں مغربی آئرلینڈ کو محبت اور امن کا پیغام پہنچانا بھی ہے۔ آپ کی آئرش سوسائٹی کے اعلیٰ نمایندگان سے ملاقات متوقع ہے اگرچہ آپ احمدیہ مسلم کمیونٹی ایک مسجد کا سنگِ بنیاد رکھنے کے لئے آرہے ہیں لیکن دراصل آپ کی آمد کا مقصد ایک پیغام کی ترویج ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ محبت کا امن کو سلامتی کا پیغام عام کیا جائے اور نفرت کو ختم کیا جائے۔

☆ آئرلینڈ کے ایک ٹی وی چینل نے RTE-TV نے سنگِ بنیاد کی تقریب کے بعد رات نو بجے کی خبروں میں یہ خبر نشر کی۔ آج شام کاؤنٹی گالوے کی پہلی مسلم مسجد کا سنگِ بنیاد احمدیہ مسلم کمیونٹی کے سربراہ نے رکھا۔

حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس نے یہ تقریب BallyBrit میں منعقد کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ امید رکھتے ہیں کہ مسجد کے بننے سے بین المذاہب گفتگو

میں اور ایک دوسرے کو سمجھنے میں مدد ملے گی اور اس مسجد کی تعمیر سے معاشرے میں امن اور بھائی چارے کی راہ ہموار ہوگی۔

☆ آئرلینڈ کی سب سے زیادہ کثیر الاشاعت اور نیشنل اخبار The Irish Times نے اپنی 18 ستمبر 2010 کی اشاعت میں سنگِ بنیاد کی تقریب کی خبر شائع کرتے ہوئے درج ذیل عنوان کے تحت لکھا:

"گالوے مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا گیا"

اخبار نے لکھا کہ 'مسجد مریم' کے دروازے تمام مذاہب کے عام عبادت گزاروں کے لئے کھلے رہیں گے۔ اس بات کا اظہار کل رات آئرش احمدیہ مسلم جماعت نے کیا۔ اس تقریب سے کچھ گھنٹے قبل خلیفۃ المسیح نے خطبہ جمعہ میں ارشاد فرمایا جو کہ گالوے سے تمام دنیا کے بسنے والے احمدیوں کے لئے براہ راست نشر کیا گیا۔ احمدیہ مسلم جنہیں پاکستان میں ظلم و ستم کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ تین دہائیوں سے گالوے میں آباد ہیں اور کمیونٹی کے چوتھے سربراہ نے جماعت احمدیہ کی صد سالہ تقریبات کے دوران مغربی دارالحکومت گالوے 1989ء میں دورہ کیا تھا یہی وجہ ہے کہ جماعت احمدیہ اپنی پہلی مسجد گالوے شہر میں بنا رہی ہے۔ کیونکہ گالوے احمدیہ کمیونٹی کے لئے ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔

احمدیہ کمیونٹی کے سینکڑوں احباب نے سنگِ بنیاد کی تقریب میں شرکت کی جس کے بعد دعا کی گئی اور ایک Civic Reception کا اہتمام کیا گیا۔

17 ستمبر 2010 بروز جمعہ

'مسجد مریم کے سنگِ بنیاد کی تقریب کے موقعہ پر ہوٹل Clayton میں ایک تقریب کا انعقاد'

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ہوٹل Clayton میں تقریب میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی آمد سے قبل قریباً سبھی مہمان آچکے تھے۔ اس تقریب میں شرکت کرنے والے مہمانوں میں:

☆ Mr, Eamon O Cuiv (ممبر پارلیمنٹ) Minister for social Protection.

☆ میئر گالوے سٹی Michael J.Crowe

☆ Mr.Michael D.Higgins (ممبر پارلیمنٹ) موصوف لیبر پارٹی کے President بھی ہیں۔

☆ Mr. Frank Feighan (ممبر پارلیمنٹ)

☆ Dr. Martin Drennan (بشپ گالوے)

☆ Mr. Padraic McCormack (ممبر پارلیمنٹ)

☆ Mr, Jon O Mahony (اسسٹنٹ کمشنر Garda Siochana)

☆ Jimmy McClearn (میئر گالوے کاؤنٹی)

☆ Naill Brolchan (Senator)۔

اس کے علاوہ چھ کونسلرز، نیشنل یونیورسٹی آئرلینڈ کے وائس پریذیڈنٹ، پروفیسرز، اساتذہ، ڈاکٹرز، رائٹرز، انجینئرز، اکاؤنٹنٹس اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے 130 کے قریب مہمانوں نے شرکت کی۔

صدر مملکت آئرلینڈ Marry Mc Aleese کا پیغام

"مجھے جماعت احمدیہ کے سپریم روحانی پیشوا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس مرزا مسرور احمد صاحب کو آئرلینڈ کے visit پر دلی جذبات کا اظہار کرتے ہوئے خوشی محسوس ہورہی ہے۔ احمدیہ کمیونٹی آئرلینڈ کے لئے خلیفۃ المسیح کا یہ بہت اہم وزٹ ہے۔ سب سے اہم بات گالوے میں مسجد مریم کی سنگِ بنیاد کی تقریب ہے اور مَیں اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس پروجیکٹ میں شامل سب افراد نے اپنی نیک تمنائیں بھجوا رہی ہوں کہ گالوے میں پہلی مسجد کی تعمیر ہو۔ جماعت احمدیہ کا MOTTO "محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں"۔ بہت طاقتور پیغام ہے مجھے امید ہے کہ نئی مسجد اور سنٹر کی تعمیر آئرلینڈ میں جو ملٹی کلچرل ہے مذہبی رواداری اور تعلیم کے فروغ کے لئے مدد و معاون ہوگی۔ مَیں اس وزٹ کے کامیاب ہونے کے لئے نیک تمنائیں رکھتی ہوں۔"

سنگِ بنیاد کی تقریب کے سلسلہ میں ہوٹل میں منعقد ہونے والی Civic Reception کو آئرلینڈ کے نیشنل اور مقامی اخبارات نے کوریج دی۔ ☆ ملک کے نیشنل اخبار The Irish Times نے اپنی 18 ستمبر ۲۰۱۰ء کی اشاعت میں لکھا:

"احمدیہ مسلم جماعت کے عالمی سربراہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے گالوے کی پہلی مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا۔ Bally Brit میں بننے والی 'مسجد مریم' کے دروازے تمام مذاہب کے عبادت گزاروں کے لئے کھلے رہیں گے۔ اس بات کا اظہار کل رات آئرش احمدیہ مسلم جماعت نے کیا۔ احمدیہ کمیونٹی کے

سینکڑوں احباب نے سنگِ بنیاد کی تقریب میں شرکت کی جس کے بعد دعا کی گئی۔اور ایک Civic Reception کا اہتمام کیا گیا۔

کل رات Clayton ہوٹل میں ہونے والی تقریب میں اعلیٰ حکام، افسران اور سیاستدانوں کے علاوہ بشپ آف گالوے ڈاکٹر مارٹن Drennan نے شرکت کی۔

آئرلینڈ میں مسلمان تیسرے بڑے مذہب کی صورت میں موجود ہے۔اور گالوے میں تقریباً تین ہزار مسلمان ہیں۔احمدی اگرچہ اقلیت میں ہیں لیکن باقی مسلمانوں کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں۔

اخبار نے لکھا کہ احمدیہ مسلم جماعت کی بنیاد 1889ء میں حضرت مرزا غلام احمدؑ نے رکھی اور یہ اندازہ کیا جاتا ہے کہ پوری دنیا میں احمدیوں کی تعداد دسو ملین ہوسکتی ہے۔جن میں اکثریت افریقہ کے ممالک میں، پاکستان اور انڈونیشیا میں ہے۔برطانیہ میں ان کی تعداد تیس ہزار ہے جب کہ شمالی امریکہ میں پندرہ ہزار ہے۔

یہ کمیونٹی مذہب اور ریاست کی علیحدگی پر یقین رکھتی ہے اور یہ اعلان کرتی ہے کہ یہ زمانہ جہاد بالسیف کا نہیں بلکہ جہاد بالقلم کا ہے۔

1974ء میں پاکستان کی پارلیمنٹ نے احمدیوں کو تنہا کرنے کے لئے قانون میں تبدیلی کی اور دس سال بعد پاکستان کے سربراہ جنرل ضیاء الحق نے احمدیوں کو خود کو مسلمان کہلانے پر پابندی لگا دی۔جس کے نتیجہ میں کمیونٹی کو اپنا مرکز لندن میں منتقل کرنا پڑا۔پاکستان میں اس وقت سے مسلسل احمدیوں پر حملے کئے جاتے ہیں۔اور 93 لوگوں کو اس سال مئی میں دو مساجد پر حملہ کے دوران ہلاک کیا گیا۔

اس مہینہ کے شروع میں ایک احمدی مسجد پر گرنیڈ سے حملہ کیا گیا۔جس کے نتیجہ میں ایک احمدی ہلاک ہوا۔گزشتہ ماہ ایک پاکستانی احمدی جو امریکن شہریت کے حامل تھے اور اپنی کمیونٹی کے عہدیدار تھے پاکستان کے شہر سانگھڑ میں گولی مار کر شہید کیا گیا''۔

اخبار Galway Advertiser نے اپنی 23 ستمبر 2010ء کی اشاعت میں اس تقریب کو کوریج دیتے ہوئے لکھا:

''اہالیان گالوے کے لئے خلیفۃ المسیح کا پیغام کہ نئی احمدیہ مسجد امن وسلامتی کی علامت بن جانی چاہیئے''احمدیہ مسلم جماعت کی نئی مسجد جو کہ Bally brit میں تعمیر ہورہی ہے۔شہر والوں کے لئے امن وسلامتی کی علامت اور گالوے کے رہنے والوں کے درمیان بھائی چارے کی فضا قائم کرنے والی جگہ ہونی چاہیئے۔ان خیالات کا اظہار جماعت احمدیہ عالمگیر کے خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے کیا جو یہاں گالوے میں تشریف لائے ہوئے ہیں۔اسی شام آپ نے clayton ہوٹل میں ایک استقبالیہ میں جو شہریوں کے اعزاز میں منعقد کیا گیا تھا خطاب فرمایا۔اس استقبالیہ میں سیاستدانوں، مذہبی رہنماؤں، جماعت احمدیہ کے اراکین اور ان کے بعض جاننے والوں نے جو گزشتہ چند سالوں کے دوران ان کے دوست بن چکے ہیں شمولیت کی۔اپنے خطاب میں حضرت خلیفۃ المسیح نے مذہب کی آڑ میں کئے جانیوالے تشدد کی پرزور مذمت کی اور اس پرزور دیا کہ مختلف مذاہب کے لوگوں کو آپس میں بیٹھ کر افہام وتفہیم کی راہ ہموار کرنی چاہیئے آپ نے فرمایا کہ کوئی بھی بدی خواہ بظاہر کتنی ہی حقیر کیوں نہ نظر آرہی ہو جب دوسرے کے جذبات کو مجروح کرتی ہے تو پھر وہ انتہائی اہمیت اختیار کر جاتی ہے۔

Bally brit میں تعمیر ہونے والی یہ مسجد 'مسجد مریم' کہلائے گی مقدس مریم کی یادگار ہوگی۔اور خلیفۃ المسیح نے فرمایا کہ انہیں بہت امید ہے کہ انشاء اللہ یہ مسجد امن اور محبت کی علامت بن جائے گی۔اور گالوے کے مختلف طبقات کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کا ذریعہ ثابت ہوگی۔گالوے کے رہنے والے اسلام کے اصل پیغام کو پائیں گے وہ یہ دیکھیں گے کہ یہی وہ مذہب ہے جو صحیح معنوں میں انسانی اقدار کو قائم کرتا ہے اور جماعت احمدیہ کے افراد ان انسانی اقدار کے صحیح نمونے ہیں''۔

اخبار نے مزید بھی لکھا کہ خلیفۃ المسیح نے حال ہی میں نیویارک میں گراؤنڈ زیرو کے مقام پر ایک مسجد کی مجوزہ تعمیر پر بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا جہاں پہلے کسی دو عظیم الشان فلک بوس عمارتیں کھڑی تھیں۔

آپ نے فرمایا کہ معصوم لوگوں کی جانیں لینا اسلام کی تعلیمات کے کلیتہً برخلاف ہے۔اور ستمبر گیارہ کا واقعہ ایک بھیانک ظلم تھا۔اگر گراؤنڈ زیرو پر مسجد تعمیر کرنی ہے تو پھر صرف ایک مسجد ہی کیوں؟ اس کے ہمراہ وہاں پھر ایک چرچ اور ایک یہودی معبد اور دوسری مذہبی عبادت گاہیں تعمیر ہونی چاہئیں۔تمام مذاہب کے درمیان ایک اعتماد اور رواداری کی فضا قائم ہو۔آپ نے فرمایا کہ احمدیہ تعلیمات کا خلاصہ ان الفاظ میں بیان فرمایا:'محبت سب کے لئے نفرت کسی

سے نہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ریاست اور مذہب کے ارادے اپنی اپنی جگہ الگ الگ اور آزادانہ ہونے چاہئیں اور فرمایا کہ آپس کے تنازعات اور اختلافات کو دور کرنے کے لئے تشدد کا راستہ نہیں اپنانا چاہئے۔ آپ نے فرمایا کہ موجودہ زمانہ کے حالات ایک قتال پر مبنی جہاد کے متقاضی نہیں ہیں لہٰذا آپ نے مسلمانوں کو قلم کے جہاد کی طرف دعوت دی جس میں عقل اور دلائل کے استعمال پر زور دیا۔

آپ نے Richard Dawkin وغیرہ جیسے بعض نکتہ چینیوں کے اعتراضات کا بھی جواب دیا جس میں مذہب کو فساد کی جڑ قرار دیا گیا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ مذہب کے مخالفین کہتے ہیں کہ مذہب دنیا میں اختلافات اور جنگوں کو جنم دیتا ہے لیکن اگر آپ ان وجوہات پر غور کریں کہ جنگیں کیوں شروع ہوتی ہیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ جنگوں کی ابتدا سیاسی مقاصد کی بنا پر اور سرحدوں کی توسیع کی حرص کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ اور یہ دراصل نتیجہ ہوتے ہیں ہمسایہ ممالک کے تمام وسائل پر قبضہ کرنے کی خواہش کا یا پھر قومی یا قبائلی تنازعات کی وجہ سے ہوتی ہیں۔

علاوہ اس کے آپ نے مسلمانوں کو اسلام کے متعلق منفی اثرات دور کرنے کے لئے غیر معمولی کوششوں کی طرف توجہ دلائی۔ آپ نے مغربی ممالک کے لوگوں کو بھی توجہ دلائی کہ وہ تمام مسلمانوں کو ایک پلڑے میں تولنے کی کوشش نہ کریں۔ خلیفۃ المسیح نے فرمایا کہ میری درخواست یہ ہے کہ آپ کسی بھی مسئلہ پر اپنی کوئی رائے قائم کرنے سے پہلے اس کو تمام زاویوں سے ضرور جانچ لیا کریں آپ نے فرمایا کہ وہ لوگ جو حقیقت کے متلاشی ہیں وہ بہرحال سچائی کو اور اصل حقیقت کو تحقیق کے بعد ہی حاصل کر سکیں گے اور اس پر بہرحال وقت اور کوشش ضرور خرچ ہوگی۔ اس اخبار نے اپنی اشاعت میں دو تصاویر بھی شائع کیں۔

18 ستمبر 2010 بروز ہفتہ:

کائل مور (Kylemore) کے محل اور Victorian Walled Gardens کا وزٹ، یہ علاقہ سرسبز وشاداب پہاڑوں اور خوبصورت جھیلوں پر مشتمل ہے اور گالوے شہر سے مغرب کی جانب 92 میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔

انہی پہاڑوں کے دامن میں واقع ایک خوبصورت محل ہے کائل مور کا یہ محل 1867 میں مچل ہنری اور اس کی بیوی مارگریٹ ہنری نے تیار کروایا تھا۔ ان دونوں میاں بیوی نے 18 ہزار پونڈ کی معمولی رقم خرچ کر کے تقریباً 13 ہزار ایکڑ کا وسیع عریض رقبہ خریدا اور ایک پہاڑ کے دامن میں یہ محل تعمیر کروایا۔ محل کے پیچھے پہاڑ اور سامنے کی طرف ایک بہت خوبصورت جھیل ہے۔

قریباً سوا گھنٹے کے سفر کے بعد ساڑھے بارہ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی کائل مور تشریف آوری ہوئی۔ تمام گاڑیاں محل سے کچھ فاصلہ پر پارکنگ ایریا میں پارک ہوتی ہیں جب کہ انتہائی خصوصی اہمیت کے حامل شخص کو محل کے صدر دروازے کے سامنے تک گاڑی لے جانے کی اجازت دی جاتی ہے۔

حضور انور کو یہاں ایک خاص اعزاز دیا گیا اور حضور انور کی گاڑی محل کے عین دروازے کے سامنے جا کر رکی جہاں محل کی انتظامیہ نے حضور انور کو خوش آمدید کہا۔ اس علاقہ میں روزانہ ہزاروں کی تعداد میں ٹورسٹ آتے ہیں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مبارک وجود ان سبھی کے لئے کشش کا موجب بنا ہوا تھا۔ ہر کوئی حضور انور کی تصاویر کھینچ رہا تھا۔ محل کی تعمیر کے ساتھ ہی اسی زمانہ میں ایک بہت خوبصورت باغ کی بھی ایک طرف بلند وبالا پہاڑ اور دوسری طرف کچھ فاصلے پر خوبصورت جھیل ہے۔

اس باغ کو Victorian Walled Gardens کا نام دیا گیا۔ اس باغ کے ایک حصہ میں زراعت اور باغبانی کے لئے استعمال ہونے والے پرانے آلات بھی رکھے گئے ہیں۔ حضور انور نے یہ آلات دیکھنے پر گائیڈ کو بتایا کہ اس جیسے آلات تو پاکستان میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔ اس باغ میں ایک ایسا پرانا گھر بھی محفوظ کیا گیا ہے جہاں باغ کے مالی رہائش رکھتے تھے۔

اس زمانہ کے لحاظ سے کافی خستہ حال گھر تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس گھر کا وزٹ کیا اور فرمایا کہ ایسے گھر تو پاکستان میں بھی اور افریقہ میں تو بہت ہیں۔ افریقہ میں تو مَیں خود بھی اس طرح کے گھر میں رہا ہوں۔ اس باغ کے وزٹ کے دوران حضور انور نے مختلف خوبصورت مناظر کی تصاویر بھی بنائیں۔

اس وزٹ کے آخر پر ٹورسٹ گائیڈ نے حضور انور کو یہاں کی انتظامیہ کی طرف سے سوینئر پیش کیا۔ بعد ازاں چار بجے یہاں سے گالوے کے لئے روانگی ہوئی اور سوا گھنٹے کے سفر کے بعد سوا پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

آج پروگرام کے مطابق انفرادی احباب کی ملاقاتیں اور اس کے بعد نیشنل عاملہ لجنہ اماء اللہ آئر لینڈ اور نیشنل مجلس عاملہ آئر لینڈ کی حضور انور ایدہ اللہ

تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگز تھیں۔

19 ستمبر 2010 بروز اتوار:

The Cliffs of Moher کی سیر آئرلینڈ کی مقامی جماعت نے آج آئرلینڈ کے ایک خوبصورت علاقہ اور سیاحت کے لئے مقبول ترین جگہ The Cliffs of Moher کی سیر کا پروگرام ترتیب دیا ہوا تھا۔

یہ سارا علاقہ سرسبز ہے اور ایک پہاڑی سلسلہ پر مشتمل ہے اور اپنے اندر بہت سے حسین مناظر لئے ہوئے۔ The Cliffs of Moher آئرلینڈ کے سب سے زیادہ خوبصورت مقامات میں شامل ہوتا ہے

یہ جگہ سیاحوں کی توجہ کا مرکز ہے۔ یہاں بحراوقیانوس کی لہریں کھڑی چٹانوں سے ٹکراتی ہیں اور ان عمودی چٹانوں میں سے بعض کی اونچائی تقریباً 214 میٹر ہے اور قریباً آٹھ کلومیٹر تک مغرب کی طرف یہ نظارے دیکھے جاسکتے ہیں۔ اس علاقہ سے گزرنے والے دریا کی شاخیں 300 ملین سال پرانی بتائی جاتی ہیں جس کے نشانات اب بھی پائے جاتے ہیں ہر سال ان پہاڑوں اور نظاروں کو دیکھنے کیلئے دنیا سے ایک لاکھ سیاح آتے ہیں۔

جولائی 2009 میں The Cliffs of Moher کا نام New Seven Wonders of Nature کی فائنل لسٹ میں 28 نمبر پر آیا۔ اور اس طرح اس مقبولیت اور بھی بڑھ گئی۔ سمندر کے پرندوں کی سب سے بڑی کالونی اسی جگہ پائی جاتی ہے۔ اور یہاں اس علاقہ میں 20 مختلف اقسام کے 30 ہزار پرندوں کا بسیرا ہے اس پورے علاقہ میں ایک خاص حفاظتی انتظام بھی کیا گیا ہے اور اس انتظام کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔ یہ سارا علاقہ ہی بہت خوبصورت اور مختلف وادیوں کی شکل میں ہے۔

بعض جگہ خوبصورت جھیلوں نے یہاں کے قدرتی حسن کو دوبالا کر دیا ہے۔ سفر کے دوران سمندر میں Aran Island کے تین جزائر Inis Mor,Inis Meain اور Inis Oirr سرسبز وشاداب پہاڑوں کو اٹھائے ہوئے ہیں۔ اوران جزائر میں جگہ جگہ آبادیاں نظر آتی ہیں۔

یہ سارا سفر ہی بہت خوبصورت اور دل لبھانے والے مناظر پر مشتمل ہے۔ یہاں سیاحوں کے لئے خاص نمائش کا اہتمام کیا گیا ہے۔ حضور انور کو ایک خصوصی انتظام کے تحت یہ تصویری نمائش دکھائی گئی جہاں اس علاقہ سے متعلق تاریخ کے حوالے سے بہت ہی دلچسپ معلومات دی گئی ہیں۔ تصویری نمائش کے علاوہ 3D سکرین پر بھی ان پہاڑی چٹانوں سے سمندر کی ٹکرانے والی لہروں کے حوالہ سے اور سمندری مخلوق کے تعلق میں معلومات پر مشتمل مختلف مناظر دکھائے جاتے ہیں۔

حضور انور نے یہ مناظر دیکھے اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس علاقہ کا وزٹ کیا اور مختلف مقامات سے سمندری لہروں کی ان عمودی چٹانوں کے ساتھ ٹکرانے کے مناظر کی تصاویر بھی بنائیں۔ یہاں پر ایک ٹاور بنایا گیا ہے جس کا نام O' Briens Tower ہے۔ اس پر چڑھ کر زیادہ وسیع علاقہ کا نظارہ کیا جاسکتا ہے۔

تقریب آمین

نمازوں کی ادائیگی کے بعد تقریب آمین ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے درج ذیل چھ بچوں اور ایک بچی سے قرآن کریم کا کچھ حصہ اور آخر پر دعا کروائی عزیزم دانیال علی قیم، خاقان ابراہیم، مرتضیٰ احمد، صباح الدین، ارسلان احمد، اور عزیزہ نبیحہ ملک کو اس تقریب میں شمولیت کی سعادت عطا ہوئی۔

بعد ازاں پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ مشن ہاؤس گالوے کے وزٹ کے لئے تشریف لے گئے۔

احمدیہ مشن ہاؤس گالوے

یہ مشن ہاؤس جنوری 1989 میں خریدا گیا تھا۔ 31 مارچ جنوری 1989 بروز جمعۃ المبارک حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے جمعہ کے موقع پر اس مشن ہاؤس کا باقاعدہ افتتاح فرمایا اور حضور انور نے اسی مشن ہاؤس میں قیام فرمایا۔

شام چھ بجے حضور انور کی مشن ہاؤس میں آمد ہوئی۔ مشن ہاؤس کے ارگرد کے علاقہ میں آباد ہمسائے حضور انور کی آمد سے قبل ہی حضور انور کے انتظار میں مشن ہاؤس میں موجود تھے اور ان میں اکثر وہ تھے جو 1989 میں یعنی آج سے 21 سال قبل حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ساتھ مل چکے تھے اور حضور کے ساتھ ایک جماعتی پروگرام میں شریک ہو چکے تھے ان سبھی نے حضور انور کا مشن ہاؤس آمد پر خوش آمدید کہا ان لوگوں نے بتایا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع یہاں آئے تھے تو ہم ان سے ملے تھے۔ ایک فیملی نے حضور انور کے ساتھ اپنی تصویر بھی دکھائی۔ ان لوگوں نے حضور کو 'مسجد مریم' کی سنگِ بنیاد پر مبارکباد دی اور حضور انور کے خطاب کے بارہ میں بتایا کہ ہم اس سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ جہاں تک میں نے

گالوے شہر دیکھا ہے بڑا صاف ستھرا شہر ہے۔ایک سوال کے جواب میں حضور نے فرمایا کہ میں پاکستان سے ہوں 2003 سے لندن میں ہوں۔ یہاں کے مبلغ سلسلہ مکرم ابراہیم نونن صاحب نے بتایا کہ ہمارے ہمسائے بہت اچھے مہربان ہیں اس پر حضور نے فرمایا کہ یہی اسلامی تعلیم ہے۔

اسلام میں ہمسایوں کے بہت حقوق دیئے گئے ہیں آنحضرت ﷺ نے فرمایا خدا تعالیٰ نے ہمسایوں کے اتنے حقوق دیئے ہیں کہ مجھے خیال آیا کہ اب شاید حکم آجائے کہ ہمسائے وراثت میں بھی حقدار ہیں تو یہ حقوق ہیں جو اسلام نے ہمسایوں کو دیئے ہیں۔ بعد میں ایک سائیکاٹرسٹ Patric نے حضور انور کو کہا کہ ہمسایوں کے بارہ میں یہ تعلیم بڑی عجیب ہے۔ایک سوال کے جواب میں حضور نے فرمایا کہ میں گالوے میں اپنے قیام کو Enjoy کیا ہے اور اب آپ کے ساتھ یہاں بیٹھ کر Enjoy کر رہا ہوں۔

20 ستمبر 2010 بروز سوموار:

لندن واپسی

صبح چھ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنے رہائشی حصہ تشریف لے گئے۔

آج آئرلینڈ سے لندن کے لئے روانگی کا دن تھا۔صبح سے ہی احباب جماعت مرد و خواتین، بچے بوڑھے ہوٹل کے بیرونی احاطہ میں جمع ہونے شروع ہو گئے تھے۔سوا دس بجے حضور انور ہوٹل سے باہر تشریف لائے اور اس موقع پر تمام احباب کو شرف مصافحہ سے نوازا۔خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا۔

چھوٹے بچے حضور انور کے قریب آتے، حضور انور انہیں پیار کرتے۔

روانگی سے قبل دس منٹ تک حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز احباب جماعت کے درمیان رونق افروز رہے۔ ہر ایک ان مبارک لحات سے فیض پا رہا تھا۔اور ہر چھوٹا بڑا برکتوں سے اپنے دامن بھر رہا تھا۔اس جدائی کی گھڑی میں مرد و خواتین اور بچوں، بچیوں کا اپنے پیارے آقا سے عشق و محبت کا اظہار آنسوؤں سے ہو رہا تھا۔جوان کی آنکھوں سے جاری تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی اور سب کو السلام علیکم کہا اور دس بج کر ۲۵ منٹ پر قافلہ ہوٹل سے انٹرنیشنل ائرپورٹ ڈبلن کے لئے روانہ ہوا۔ گالوے شہر سے ڈبلن ائرپورٹ تک ۱۲۰ میل کی مسافت طے کرنے کے بعد بارہ بج کر ۲۰ منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ائرپورٹ پر تشریف آوری ہوئی۔ائرپورٹ انتظامیہ کی طرف سے ایک خصوصی پروٹوکول کے انتظام کے تحت حضور انور کی گاڑی VIP لاؤنج کے سامنے عین مین گیٹ تک لائی گئی۔

ائرپورٹ انتظامیہ نے مقامی جماعت کو VIP لاؤنج میں ہی دوپہر کے کھانے کا انتظام کرنے اور نمازیں ادا کرنے کی سہولت بھی مہیا کی تھی۔ چنانچہ دوپہر کے کھانے کا انتظام بھی یہیں کیا گیا۔

آئرلینڈ کی پرواز Air Lingus تین بجے دوپہر ڈبلن سے لندن (برطانیہ) کے لئے روانہ ہوئی۔ اور ایک گھنٹہ کے سفر کے بعد چار بجے ہیتھرو ائرپورٹ لندن پہنچی۔ جہاز کے دروازے پر ائرپورٹ سٹاف کے ایک ممبر نے حضور انور کو receive کیا اور ائرپورٹ سے باہر تک چھوڑنے ساتھ آیا۔

ائرپورٹ پر مکرم منصور احمد شاہ صاحب نائب امیر جماعت احمدیہ یو کے اور دیگر مرکزی اور جماعتی عہدیداران نے حضور انور کا استقبال کیا۔

ائرپورٹ سے روانہ ہوئے اور حضور انور کی مسجد لندن میں تشریف آوری ہوئی۔ جہاں احباب جماعت کی ایک بڑی تعداد نے اپنے پیارے آقا کو خوش آمدید کہا۔ (الفضل انٹرنیشنل ۱۱-۵ نومبر ۲۰۱۰ء)

نماز میں سجدہ کرنے کے طبّی فوائد

دوران نماز سجدہ کرنے سے جہاں کئی ایک روحانی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ جو درج ذیل ہیں:

ریڑھ کی ہڈی میں حرام مغز ایسی تار ہے جس کے ذریعے پورے جسم کو زندگی ملتی ہے۔سجدہ کرنے سے خون کا بہاؤ جسم کے اوپر والے حصہ کی طرف ہوتا ہے جس سے آنکھیں، دانت، اور پورا چہرہ سیراب ہوتا رہتا ہے۔اور چہرے کی جھریاں دور ہوتی ہیں۔ یاداشت صحیح کام کرتی ہے۔فہم و فراست میں اضافہ ہوتا ہے۔

انسان کے اندر تدبر کی عادت پیدا ہوجاتی ہے۔ بڑھاپا دیر تک نہیں آتا۔صحیح طریقہ سے سجدہ کرنے سے بندنزلہ،ثقل سماعت اور سر درد جیسی تکلیفوں سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔

کچھ آئرلینڈ کے بارہ میں

ملک آئرلینڈ براعظم یورپ کے شمال مغرب میں بحیرہ اوقیانوس کے پانیوں میں واقع ایک جزیرہ ہے۔ 70,273 مربع کلومیٹر کے رقبہ پر پھیلا ہوا یہ ملک چار صوبوں اور "20" Counties پر مشتمل ہے اور 45 لاکھ نفوس کو اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔ یہاں کی اکثریت تقریباً 95 فیصد لوگ رومن کیتھولک مذہب سے تعلق رکھتے ہیں اور باقی پانچ فیصد کا تعلق دوسرے مختلف مذاہب اور قوموں سے ہے۔ انگریزوں نے بارہویں صدی عیسوی میں آئرلینڈ پر قبضہ جمایا ایک طویل جدوجہد کے بعد 1921 میں آئرلینڈ انگریزوں سے آزاد ہوا مگر جزیرے کا 1 / 6 حصہ پھر بھی برطانیہ کے زیرِ اثر رہا جسے شمالی آئرلینڈ کہا جاتا ہے۔ اور اس حصہ کا دارالحکومت بلفاسٹ ہے۔ ملک آئرلینڈ بلند بالا سرسبز پہاڑوں دل موہ لینے والی آبشاروں، جھیلوں، اور دنیا کے خوبصورت ترین ساحلوں کی وجہ سے سیاحت کے لئے مشہور ہے۔

یہاں بسنے والے دریاؤں میں سے دریائے Shannon سب سے لمبا دریا ہے جس کی لمبائی 370 کلومیٹر ہے جو شمال مغرب سے نکلتا ہے اور جنوب مغرب کی طرف بہتا ہوا بحیرہ اوقیانوس میں مل جاتا ہے جبکہ دوسرا دریا دریائے Wiffey Wicklow کے پہاڑوں سے راستہ بناتا ہوا شمال مغرب سے 121 کلومیٹر فاصلہ طے کرتے ہوئے ڈبلن شہر کے وسط سے گزرتا ہوا بحیرہ آئرش میں جا گرتا ہے۔

آئرلینڈ میں احمدیت کی مختصر تاریخ

آئرلینڈ میں باقاعدہ مشن کا قیام سے پہلے بعض پاکستانی احمدی وہاں جا کر آباد ہوئے۔ مشن ہاؤس کے قیام کا جائزہ لینے کے لئے پہلا وفد اگست 1983ء کو آئرلینڈ بھجوایا گیا۔ اِس وفد نے ڈبلن اور گالوے دوشہروں کا دورہ کیا اور مشن کے قیام کا جائزہ لیا۔ یہاں مشن کے قیام کے لئے ابتدائی کوشش جاری رہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کی ہدایت پر مُبلغ سلسلہ مکرم رشید احمد ارشد صاحب پہلے باقاعدہ مبلغ کے طور پر 5 اگست 1988ء کو لندن سے آئرلینڈ پہنچے اور ابتدا میں مکرم محمد حنیف صاحب صدر جماعت آئرلینڈ کے ہاں قیام کر کے نمازِ جمعہ اور دیگر نمازوں کا اہتمام کیا۔

منتخب احادیث نبوی ﷺ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے اقتباسات کا آئرش زبان میں ترجمہ کروایا اور مرکزی ہدایت کے تحت مشن ہاؤس کے لئے مکان کی تلاش شروع کی چنانچہ گالوے میں ایک عمارت 32 ہزار پونڈ میں خریدی گئی اور 26 جنوری 1989 کو مبلغ سلسلہ نئے مشن ہاؤس میں منتقل ہو گئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ نے 29 تا 31 مارچ 1989 کو آئرلینڈ کا دورہ فرمایا۔ 31 مارچ 1989 کو حضور انور نے نمازِ جمعہ مشن ہاؤس میں پڑھائی اور مشن کے باقاعدہ افتتاح کا اعلان فرمایا اس جمعہ کے موقع پر کل 29 افرادِ جماعت نے شرکت کی۔ جس میں آئرلینڈ کی جماعت کے افراد کی تعداد 13 تھی۔ اسی روز شام کو ہوٹل میں ایک تقریبِ عشائیہ کا اہتمام کیا گیا جس میں گالوے میئر کے علاوہ 48 معززین شہر نے شرکت کی۔

بعض اخبارات نے حضورِ انور کے انٹرویو بعد میں شائع کروائے۔

آئرلینڈ میں جب جماعت کے مشن ہاؤس کا باقاعدہ قیام عمل میں آیا اس وقت مقامی طور پر افرادِ جماعت کی مجموعی تعداد صرف 16 تھی اور اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے آئرلینڈ جماعت کی مجموعی تجنید دوسو ساٹھ تک پہنچ چکی ہے اور ملک کے پانچ شہروں Dublin,Galway,Cork,Limerick,Athlone میں احبابِ جماعت مقیم ہیں اور یہاں کی جماعت بڑی مستحکم منظم اور فعال ہے اور مالی قربانی میں پیش پیش ہے۔ آئرلینڈ میں اگرچہ جماعت کا باقاعدہ آغاز 1989 میں مشن ہاوس جماعتی سینٹر کا قیام 1989 میں ہوا ہے۔ لیکن اس سے قبل 1926 میں ایک پہلی آئرش خاتون کو احمدیت قبول کرنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ موصوفہ حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب کی تبلیغ سے احمدی ہوئیں اور 12 سال کی عمر میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی بیعت کی اور کچھ عرصہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے گھر میں بھی ٹھہریں۔ حضور نے اُن کا نام حنیفہ بیگم رکھا۔ آپ رشتہ میں حضرت سیدہ اُمِ طاہر کی بھابھی تھیں۔ آئرش قوم سے احمدی ہونے والوں میں ایک مکرم ابراہیم نونن صاحب ہیں جو اس وقت آئرلینڈ میں مبلغ سلسلہ کام کر رہے ہیں۔ آپ نے 1991 میں بیعت کی اس وقت بھی آئرش نوجوان رابطہ میں ہیں اور زیرِ تبلیغ ہیں۔ حضورِ انور کے مبارک قدم اس سرزمین پر پڑے ہیں۔ اب انشاء اللہ اس سرزمین پر بھی برکتوں اور کامیابیوں کے دروازے کھلیں گے اور احمدیت فتوحات کے ایک نئے دور میں داخل ہوگئی اور دوسری اقوام کی طرح آئرش قوم بھی حضرت اقدس مسیح موعودؑ کے نور سے منور ہوگی۔

(انشاء اللہ) (حوالہ الفضل انٹرنیشنل 7-1 اکتوبر ۲۰۱۰ء صفحہ ۱۱)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ

نیشنل عاملہ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کی میٹنگ

مورخہ 18 ستمبر 2010ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ نیشنل عاملہ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کے ساتھ شام سوا چھ بجے میٹنگ ہوئی۔

حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا بھی اس میٹنگ میں شامل ہوئیں۔حضور انور نے دعا کروائی۔حضور انور نے صدر لجنہ اور جنرل سیکرٹری صاحبہ سے مجالس کی تعداد اور تجنید اور با قاعدہ ماہانہ رپورٹس بھجوانے کی بابت دریافت فرمایا۔

حضور انور کی خدمت میں رپورٹ پیش کی گئی کہ آئرلینڈ میں اس وقت لجنہ کی تین مجالس ہیں اور کل تجنید 69 ہے اور ان تینوں مجالس کی ماہانہ رپورٹس آتی ہیں اور ہر ماہ ایک مجموعی رپورٹ تیار کر کے لندن بھجوائی جاتی ہے۔

صدر صاحبہ نے بتایا کہ تمام جلسے اور اجتماع اور لجنہ کے نیشنل پروگرام ڈبلن (Dublin) میں ہوتے ہیں۔لجنہ کی تجنید بھی سب سے زیادہ ڈبلن میں ہے۔اس پر حضور انور نے فرمایا پھر لجنہ کا مرکز ڈبلن ہے۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ مجالس کا آپس میں مقابلہ کروایا کریں۔نیشنل مجلس عاملہ مقابلہ کا فیصلہ کرے گی اور لجنہ کا جہاں مرکز ہے وہاں کی مجلس کی مقامی صدر اس فیصلہ کرنے میں شامل نہیں ہوگی۔

مرکز ڈبلن (Dublin) کی مجلس کی مقامی صدر، نائب نیشنل صدر بھی ہیں اور نیشنل مجلس عاملہ میں سیکرٹری تعلیم بھی ہیں۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ہدایت فرمائی کہ نائبہ کی کیا ضرورت ہے؟ انہیں مقامی صدر ہی رہنے دیں اور نیشنل سیکرٹری تعلیم اس کے لئے بھی کسی اور کو موقع دیں تا کہ یہ مقامی صدر کی حیثیت سے اچھے طریقے سے کام کرسکیں۔

سیکرٹری ضیافت صاحبہ نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہ وہ لجنہ کے تمام فنکشنز پر کھانے کا انتظام کرتی ہیں۔

سیکرٹری تبلیغ صاحبہ کو ہدایت دیتے ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ تبلیغ کے لئے نئے نئے راستے تلاش کرنے چاہیں۔چھوٹے چھوٹے دیہات اور Towns میں جائیں اور اپنے نئے رابطے بنائیں۔

حضور انور نے سیکرٹری تبلیغ کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ آپ چونکہ خود ٹیچنگ لائن میں ہیں تو لوکل سکولز اور یونیورسٹیوں میں سیمینارز کا اہتمام کروائیں اور یونیورسٹی کے طلبہ کو بھی شامل کریں۔اور اسی طرح انٹرفیتھ (Interfaith) میٹنگز کا بھی انتظام کروائیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ اگر لجنہ کی ہر ممبر ایک ایک contact بنائے تو اس طرح آپ کے 69 رابطے ہو جائیں گے۔حضور نے یہ بھی ہدایت فرمائی کہ "Local Nursing Homes" میں با قاعدگی سے وزٹ کیا کریں۔وہاں جا کر بوڑھی عورتوں کو ملیں، ان کو وقت دیں۔اس طرح وہ بھی خوش ہو جائیں گے اور وہ لجنہ جن کو زبان کا مسئلہ ہے وہ اپنی زبان بھی بہتر بنا سکتی ہیں جو آگے چل کر تبلیغ میں اور اس کے علاوہ دیگر شعبوں میں بھی مدد دے سکتی ہیں۔

سیکرٹری خدمت خلق کو ہدایت دیتے ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ خون کا عطیہ دینے کے لئے خدام کے ساتھ مل کر پروگرام بنائیں اور اولڈ ہوم Old Homes اور نرسنگ ہومز (Nursing homes) جا کر بوڑھی عورتوں کے ساتھ وقت گزارنے کی کوشش کیا کریں۔سیکرٹری تجنید نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ لجنہ کی کل تعداد 69 ہے اور ینگ لجنہ (YoungLajna) کے بارہ میں ذکر کیا تو اس پر حضور نے فرمایا کہ ینگ لجنہ کچھ نہیں ہے۔یہ کوئی اصطلاح نہیں ہے۔

سیکرٹری اشاعت نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کے پہلے رسالہ ''مریم'' کی اشاعت کے بارہ میں بتایا۔حضور نے رسالہ کا اختصار سے جائزہ لیا اور حضور انور کے دریافت فرمانے پر سیکرٹری اشاعت صاحبہ نے بتایا کہ حضور کا پیغام پہلے صفحہ پر شائع ہوا ہے۔

لجنہ آئرلینڈ کی نئی ویب سائٹ کے بارہ میں رپورٹ پیش ہونے پر حضور انور نے فرمایا کہ باقی لجنہ کی ویب سائٹ سے بھی اچھی چیزوں کو اپنی سائٹ پر شامل کر سکتی ہیں۔حضور نے ہدایت فرمائی کہ رسالہ میں کوئی بھی بات ہماری روایات کے خلاف نہیں ہونی چاہئے۔

سیکرٹری تربیت نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ اس سال عشرہ تربیت اور نیشنل تربیتی کلاس کا انتظام کیا گیا۔تربیتی ورکشاپ لگائی گئی۔

حضور انور نے فرمایا: تربیت سیمینار کو بار بار منعقد کریں ۔لڑکیوں کو بتائیں کہ وہ اپنے مقام کو سمجھیں اور احمدی ہوتے ہوئے اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی ہم سے کیا توقعات ہیں ۔حضور انور نے فرمایا کہ جب سات سال کی لڑکی ناصرات میں داخل ہوتی ہے تو اسے بروقت لباس کے آداب سکھائیں ۔اسے لمبی قمیض پہننے کی ترغیب دلائیں تا کہ اس میں پردے اور حیا کا احساس پیدا ہو اور بڑے ہو کر کوئی مشکل نہ ہو۔

حضور انور نے سیکرٹری تربیت کو ہدایت فرمائی کہ 14 سے 25 سال کی بچیوں کے پردے کا معیار پتہ کیا جائے اور ان کی ماؤں سے باقاعدگی سے پوچھا جائے کہ ان کے بچے نماز یا قرآن پڑھ رہے ہیں یا نہیں۔

حضور انور نے فرمایا: اجلاسات میں لڑکیوں سے ڈسکشن کی جائے۔ان کے ذہنوں میں آنے والے سوالات کے مناسب جوابات دیئے جائیں ۔ان کو بتایا جائے کہ اگر ہم احمدی ہیں تو ہمیں شریعت کی باریکیوں کا پابند ہونا پڑے گا اور ہمارا نظام جماعت سے مضبوط تعلق ہونا بہت ضروری ہے۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا جہاں لڑکے اور لڑکیاں اکٹھے تعلیم حاصل کرتے ہیں وہاں تعلیم کے حصول میں تو کوئی حرج نہیں بشرطیکہ لڑکے لڑکیوں سے دوستی نہ کریں اور ایک دوسرے سے صرف ضرورت کے تحت ہی بات کریں sms,FB,Chat اور فون کالز (Phone calls) سے اجتناب کریں ماں باپ کو ہدایت کریں کہ وہ بچوں پر نظر رکھیں ہر وقت کمپیوٹر اور موبائل فون کا ہاتھ میں رکھنا مناسب نہیں ۔جو مائیں کمپیوٹر نہیں جانتیں وہ سیکھ لیں تا کہ بچوں پر نظر رہے۔

پردہ کے بارا میں ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ ماتھا اور نیچے ٹھوڑی تک چہرہ ڈھانپا ہونا چاہیے ۔کوٹ ڈھیلا ڈھالا ہو اور گھٹنوں تک کم از کم ہونا چاہیے ۔بازو کلائی تک ڈھکے ہونے چاہئیں جیسا کہ نماز کے لئے حکم ہے ۔سر ڈھانپ کر اگر تنگ جینز اور چھوٹی قمیض پہن لی جائے تو وہ کوئی پردہ نہیں ۔جینز پہننا منع نہیں بشرطیکہ قمیص اتنی لمبی ہو کہ تنگ ڈھانپا ہوا ہو۔

لڑکیوں کی swimming کے بارہ میں ایک سوال کے جواب میں حضور نے فرمایا کہ صرف مخصوص اوقات میں جب صرف عورتوں کا ٹائم ہو تو ایسے سوئمنگ لباس (Swimming Suits) میں جو پورا جسم cover کرتا ہو تو سوئمنگ کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

سیکرٹری تربیت کے ایک سوال پر حضور انور نے فرمایا کہ اگر کوئی لڑکا یا لڑکی غلط راستے پر چل رہے ہیں تو اس کے ماں باپ کو اس سے آگاہ کیا جائے تا کہ وہ اپنے بچے کی اصلاح کر سکیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ جب بچے 13, 14 سال کی عمر کو پہنچیں تو وہ تبدیلی کے اس دور میں ہوتے ہیں جس میں انہیں والدین سے زیادہ دوست کی ضرورت ہوتی ہے جس سے وہ ہر بات کھل کر کر سکیں۔تو آپ اپنے بچوں سے دوستی کا رشتہ مضبوط رکھیں ،خاص طور پر باپ اپنے بیٹوں سے تا کہ وہ آپ سے کوئی بات بھی کرنے سے جھجک محسوس نہ کریں اور والدین اور بچوں میں ایسا رشتہ ہونا چاہیے کہ وہ کوئی بات اپنے والدین سے نہ چھپائیں۔

حلال وحرام کھانے کے تعلق میں ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ حلال جانوروں کا وہ تمام گوشت حلال ہے جس کے اندر سے ذبح کرنے بعد خون Drain کر دیا جائے اور ذبح کرتے وقت غیر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو۔وہ آپ بسم اللہ پڑھ کر کھا سکتی ہیں ۔KFC اور Mcdonald وغیرہ کے کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں مگر یہ ضرور چیک کر لینا چاہیے کہ کہیں وہ ایک ہی آئل میں پہلے Pork اور پھر چکن وغیرہ نہ فرائی کر رہے ہوں۔

Gelatin کے بارہ میں حضور انور نے ارشاد فرمایا کہ اگر اس کے اجزاء میں Pork نہ شامل ہو تو کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں۔

مردوں سے ہاتھ ملانے کے سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ مردوں سے غیر ضروری باتیں اور بے جا بے تکلفی سے بھی مردوں کو موقع ملتا ہے کہ وہ ہاتھ ملائیں۔احمدی عورتوں کو اپنے مقام کو پہچاننا چاہیے اور اگلے کو ایسا موقع نہیں دینا چاہیے کہ ہمارے مذہب میں عورت مرد سے سلام نہیں کرتی۔

سیکرٹری ناصرات نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے حضور انور کی خدمت میں ناصرات کا گذشتہ سال کا اور آئندہ دو سالوں کا سلیبس پیش کیا۔

حضور انور نے اس سلیبس کو دیکھ کر خوشی کا اظہار فرمایا اور اپنے دستخط فرمائے۔

سیکرٹری ناصرات نے بتایا کہ اردو خوش خطی سلسلہ کا آکسفورڈ کا سیٹ بھی سلیبس میں شامل کر رہے ہیں تا کہ ناصرات کو اردو لکھنا پڑھنا بھی آئے۔حضور انور نے فرمایا کہ ہاں یہ اچھا ہے بچوں کی کلاس میں بھی سب نے اردو کی کاپیاں بنائی ہوئی ہیں جس سے ان کی اردو کافی اچھی ہو رہی ہے۔

سیکرٹری تعلیم نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے کہ دوران سال عشرہ

تعلیم نیشنل تعلیم کلاس اور نیشنل اجتماع کا انعقاد ہوا۔حضور انور کے دریافت فرمانے پر سیکرٹری تعلیم نے بتایا گیا کہ لجنہ سے پیپر لیا گیا جس کا نتیجہ کافی اچھا تھا۔ لجنہ کا سلیبس پیش ہونے پر حضور انور کے دریافت فرمانے پر سیکرٹری تعلیم نے بتایا کہ سلیبس میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کی کتب توضیح مرام،ازالہ اوہام اور رسالہ الوصیت شامل کئے ہیں۔

سیکرٹری تعلیم کے بتانے پر کہ اس سال ہم نے لجنہ کے الگ سے جلسہ جات منعقد کرنے شروع کئے ہیں۔حضور انور نے فرمایا آپ کے جلسہ جات جماعتی جلسوں سے Clash تو نہیں کرتے ؟اس پر حضور انور کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ ہم لجنہ کے جلسے جماعتی جلسوں سے ایک ہفتہ قبل یا ایک ہفتہ بعد میں رکھتے ہیں تاکہ دونوں جلسوں میں شامل ہوسکیں۔

حضور انور کے دریافت فرمانے پر بتایا گیا کہ ہماری سب لجنہ بہت اچھی ہیں اور سب بہت تعاون کرتی ہیں۔

سیکرٹری مال نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ ہمارا بجٹ دو ہزار پانچ صد چوراسی یورو ہے اور امسال اجتماع پر 621 یورو خرچ ہوئے۔حضور انور کے دریافت کرنے پر بتایا گیا کہ اجتماع پر لجنہ کی حاضری 36 اور ناصرات کی 12 تھی۔حضور انور کے دریافت فرمانے پر بتایا کہ ہم اپنے نیشنل فنکشن کرایہ پر ہال لے کر کرتے ہیں لیکن اپنے ہفتہ وار اجلاسات مشن ہاؤس میں کرتے ہیں۔

آخر پر صدر لجنہ آئرلینڈ نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کی خدمت میں لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کی طرف سے ایک تحفہ پیش کیا۔حضور انور نے فرمایا کہ اگر یہ تحفہ لجنہ کے بجٹ سے لیا گیا ہے تو میں نہیں لوں گا۔اس پر عاملہ کی ممبرات نے عرض کیا کہ یہ بجٹ سے نہیں ہے بلکہ ہماری طرف سے ہے۔اس پر حضور انور نے فرمایا: ٹھیک ہے۔

لجنہ اماء اللہ کی حضور انور کے ساتھ میٹنگ تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ جاری رہی اور سات بج کر 45 منٹ پر ختم ہوئی۔میٹنگ کے آخر پر نیشنل مجلس عاملہ آئرلینڈ نے حضور انور اور حضرت بیگم صاحبہ مدظلہا کے ساتھ تصویر بنانے کی سعادت حاصل کی۔بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے دفتر تشریف لے آئے اور ڈاک ملاحظہ فرمائی۔

(الفضل انٹرنیشنل 22 اکتوبر 2010ء)

سویڈن میں ہر سال عورتوں پر تشدد کے بارہ میں ہزار واقعات

مغرب کے ترقی یافتہ ممالک تیسری دنیا کے غریب اور پسماندہ ممالک اور بالخصوص مسلمان ممالک پر اکثر ہی اعتراض کرتے ہیں کہ وہاں عورتوں پر ظلم ہوتا ہے۔ظلم کہیں پر بھی ہو وہ ظلم ہی ہے اور قابل مذمت ہے۔خود ان ممالک میں بھی عورتوں پر تشدد کے واقعات کچھ کم نہیں ہیں۔چنانچہ سویڈن کے اخبار ''یوتے بوری پوستن'' (Goteborgs Posten) کی بارہ جنوری کی اشاعت میں سویڈن میں عورتوں پر تشدد کے واقعات کے اعداد وشمار شائع ہوئے ہیں جن سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ بظاہر ترقی یافتہ اور تہذیب وتمدن کے دعویدار، مالی لحاظ سے خوشحال ممالک کی حالت کیسی دردناک اور فکر انگیز ہے۔اخبار لکھتا ہے:

سویڈن میں تقریباً بارہ ہزار خواتین اپنے قریبی تعلق رکھنے والے یا واقف کار افراد کے ہاتھوں تشدد کا شکار ہوئیں اور یہ اعداد وشمار بڑھ رہے ہیں۔جس کا مطلب یہ ہے کہ تشدد کا شکار ہونے والی عورتیں اب پولیس کو اطلاع کرنے میں ہچکچاتی ہیں۔اعداد وشمار میں یہ نہیں بتلایا گیا کہ تشدد کرنے والا کون ہے لیکن تشدد گھر کی چار دیواری میں اور عورت کا کوئی واقف کار ہی کرتا ہے۔

1996ء میں 12210 اور 1997ء کے پہلے نو ماہ میں یہ تعداد 8888 تھی اور انسداد جرائم کے محکمہ کے مطابق یہ تعداد 12000 تک پہنچ جائے گی۔ ان اعداد وشمار میں وہ خواتین شامل نہیں ہیں جو تشدد کے ذریعہ موت کے گھاٹ اتار دی جاتی ہیں کیونکہ وہ مقدمات قتل کے زمرے میں آتے ہیں۔موت کے منہ میں دھکیلی جانے والی ان عورتوں کے اعداد وشمار درج ذیل ہیں:

1991-1994ء ہر سال 16 سے 24 خواتین اپنے ساتھی کے ہاتھوں موت کا شکار ہوئیں۔اور یہ تناسب اسی طرح برقرار ہے۔

1981ء سے قبل خواتین پر تشدد کے واقعات کی بہت کم رپورٹ سامنے آئی لیکن اس کے بعد ہر سال اضافہ ہوتا گیا کیونکہ اس کے بعد زیادہ خواتین ان واقعات کو حکام کے نوٹس میں لانے لگیں۔

(مطبوعہ:انور رشید۔الفضل انٹرنیشنل ۶ مارچ ۱۹۹۸ءتا ۲۱ مارچ ۱۹۹۸ء)

خوبصورت یادیں

پیارے حضورِ انور اور حضرت آپا جان مدظلہا کے ساتھ

سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز، ہمراہ آپا جان، جماعت احمدیہ آئرلینڈ تشریف لائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ حضور انور کا یہ سفر احباب جماعت کے لئے اور جماعت آئرلینڈ کے لئے خصوصیت سے بہت سی برکتوں کا موجب ہوا۔ بہت سے افراد نے اپنے محبوب امام کی زیارت اور ملاقات کے ذریعہ اپنی آنکھیں ٹھنڈی کیں، آپ کے زندگی بخش خطاب اور مجالس میں فرمودہ ارشادات سے علمی و روحانی طور پر فیضیاب ہوئے۔ ہر مرد وزن اور بچوں نے شرف ملاقات حاصل کرکے اور آپ کی مبارک صحبت میں چند گھنٹے گزار کر آپ کی خصوصی توجہ اور دعاؤں سے اپنے دلوں کو شاداب کیا۔ اس نہایت مبارک سفر کے دوران لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کی خوشی کے جذبات سے بھرپور تاثرات، رسالہ مریم میں شائع کئے جا رہے ہیں۔

حضور انور کے دورۂ آئرلینڈ کی

چند خوبصورت یادیں

طیّبہ مشہود۔ ڈبلن

14 ستمبر 2010ء کا دن ہم آئرلینڈ کے احمدیوں کے لئے ایک ایسے تاریخ ساز دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا جس دن امام آخرالزماں کا وہ خلیفہ جس کے متعلق خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِنِّی مَعَکَ یَامَسْرُوْرُ ہمارا مہمان بن کر آیا۔

خاکسار کو اپنی سعادت اور قسمت پر ناز ہے اور یہ عاجزہ اپنے رحیم وکریم کی بے حد شکر گزار ہے کہ اس نے ایک اولوالعزم خلیفۃ المسیح کا قرب عطا فرمایا۔

17 ستمبر 2010ء کا دن جماعت احمدیہ آئرلینڈ کے احمدیوں کے لئے ایک یادگار اور ناقابل فراموش دن تھا۔ گالوے شہر کے ایک پرسکون علاقہ Ballybrit میں ہماری پہلی تاریخی مسجد کے سنگِ بنیاد کی تیاریاں مکمل ہو چکی تھیں۔ تمام افراد جماعت آئرلینڈ حضور انور کی آمد کا انتظار کر رہے تھے۔ جمعۃ المبارک کے دن شام 4 بجے کے قریب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے قافلہ کے ہمراہ مسجد کی جگہ پر تشریف لائے۔

آخر وہ گھڑی آن پہنچی جس کے خواب ہم کئی برسوں سے دیکھ رہے تھے۔ مختصر سی تاریخی تقریب ہوئی۔ حضور انور نے اپنے دستِ مبارک سے سنگ بنیاد رکھا اور پھر آپا جان نے اپنے پیارے ہاتھوں سے اگلی اینٹ رکھی۔ اس طرح سنگ بنیاد کا سلسلہ شروع ہوا اور خاکسار کو بھی اس تاریخی موقعہ پر سنگ بنیاد رکھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔

حضور انور کے چھ روزہ دورۂ آئرلینڈ میں خاکسار کو بحیثیت صدر لجنہ تقریباً ہر روز خلیفۂ وقت اور آپا جان کا قرب حاصل ہوا۔ آپا جان کی صحبت اور قربت میں اتنا وقت گزرا کہ اپنی خوش قسمتی پر ناز ہوتا ہے۔ آپا جان کے بارے عاجزہ نے یہ بات نوٹ کی کہ آپ کا اندازِ تکلّم کبھی نہایت نرم مدبرانہ کبھی شفیق ناصحانہ طریق اور کبھی پروقار سنجیدگی، آپکی گفتگو سے آپکے سچے جذبوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ جیسا محسوس کرتی ہیں ویسا ہی کہتی ہیں۔ تصنّع یا بناوٹ کا ان کی شخصیت سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دل چاہتا تھا کہ گھنٹوں ان کے پہلو میں بیٹھے ان کی خوبصورت باتوں کا لطف اٹھاتے رہیں۔ ان کی قربت میں بے پناہ اپنائیت اور بے لوث جذبوں کا احساس ملتا ہے۔ آخری ایک دو دن میں ہم اتنے بے تکلف ہو گئے تھے کہ آپا جان اور حضور انور کے روزانہ کے معمولات، صبح وشام کی مصروفیات اور پسند ناپسند کے بارے بلاجھجک پوچھتے رہتے تھے۔ ایک بات خاکسار نے نمایاں طور پر محسوس کی کہ خدا تعالیٰ نے آپا جان کو غیر معمولی فراست سے نوازا ہوا ہے۔ آپ سے کوئی بات چھپانی بے حد مشکل ہے۔

خاکسار کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اور آپا جان کے ساتھ سیر پر Cliffs of Moher جانے کا موقع ملا۔ وہاں ریسٹورنٹ میں Lunch کے لئے رکے۔ حضور انور اور آپا جان کے لئے پرائیویٹ ایریا (Private Area) مختص کیا گیا تھا۔ وہاں سے دو مرتبہ حضور انور بنفس نفیس اٹھ کر ہمیں دیکھنے کے لئے آئے کہ آیا ہم ٹھیک طرح سے کھانا کھا رہے ہیں یا نہیں۔ اور آخر پر خاکسار کی خوشی کی انتہا نہ رہی جب حضور انور نیشنل صدر صاحب کو ہماری (تین لجنہ ممبرز) طرف اشارہ کرکے کچھ پوچھ رہے تھے اور پھر نیشنل صدر صاحب نے

مجھے بلایا اور حضور انور نے خود خاکسار سے پوچھا کہ آپ نے اور دوسری دو لجنہ ممبرز نے کھانا ٹھیک طرح سے کھایا؟ کیا کھانا آپ کی پسند کا تھا۔

اور ریسٹورنٹ سے باہر نکلتے وقت آپا جان نے بھی اسی طرح کے سوالات پوچھے تو عاجز کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور خیال آیا کہ اتنی شفقت گویا کہ حقیقی ماں باپ ہوں۔لگ رہا تھا ہم مہمان ہیں اور وہ میزبان۔

اسی طرح وہاں ایک چھوٹی سی گفٹ شاپ پر آپا جان نے اپنے Grandchildren کے لئے کچھ تحائف خریدے۔اور حضور انور اور آپا جان کا ان تحائف پر مشورہ کرنے کا انداز ایک عام انسان کا سا تھا۔یقین نہیں ہو رہا تھا کہ ایک عظیم ہستی، امام آخرالزماں کا خلیفہ جماعت احمدیہ کا لیڈر اپنی گھریلو زندگی میں بالکل سادہ لوح، نرم اور کسی طرح بھی ہم سے مختلف نہ تھے۔

اے اہل آئرلینڈ! تمہیں مبارک ہو کتنے خوش قسمت اور خوش بخت ہیں آپ لوگ کہ آپ کی سرزمین کو خدا تعالیٰ کے برگزیدہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس حضرت مرزا مسرور احمد ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک قدموں نے برکت سے نواز دیا۔چھوٹی جماعت ہونے کی وجہ سے جماعت کے ہر فرد کو حضور انور اور آپا جان کی قربت کا زیادہ سے زیادہ موقع ملا اور روز بروز ان بابرکت وجودوں کی مفید باتوں اور قیمتی نصائح سے مستفید ہوتے رہے۔

ان کی مصاحبت میں گزرنے والے لمحات بڑے ہی پر لطف تھے۔کتنی رونقیں تھیں یہاں جب ایک وجودِ پرنور کچھ عرصہ قبل یہاں تشریف لایا۔اس وجود پرنور نے دنیا کے اس آخری کنارے کی فضا کو معطر بھی کیا اور منوّر بھی۔

حضور انور کا آئرلینڈ میں تشریف لانا ایک خواب تھا جو جماعت کے ہر فرد نے اپنی آنکھوں سے پورا ہوتا ہوا دیکھا۔اور اب وہ گزرے ہوئے لمحات ایک حسین خواب کی طرح محسوس ہو رہے ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جلد ہمیں مسجد مریم کی تعمیر مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے اور مسجد کے افتتاح کے لئے حضور پرنور ایک دفعہ پھر یہاں رونق افروز ہوں اور اللہ تعالیٰ ہمیں ان کے بابرکت وجود سے زیادہ سے زیادہ برکتیں سمیٹنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔

یادگار لمحے

فرح دیبا۔جماعت ایسٹ

بروز منگل ۱۴ستمبر ۲۰۱۰ جماعت احمدیہ آئرلینڈ کے لئے عید کا دن تھا۔ڈبلن کے ہوٹل میں ہر طرف چہل پہل تھی۔تمام مرد وزن اور بچے سب کے چہرے خوشی سے چمک رہے تھے۔بچے اور خواتین اپنی اپنی جگہ لائنیں بنائے بے چینی سے مین گیٹ کی جانب دیکھ رہے تھے۔تمام لوگ اپنے پیارے آقا امیر المومنین حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے استقبال کے لئے جمع تھے اور بہت خوش تھے کہ آج آئرلینڈ کی سرزمین پیارے آقا کی قدم بوسی کر رہی تھی۔اور ہم پیارے آقا کے بابرکت وجود سے مستفید ہو رہے تھے۔

جب حضور انور کی گاڑی عین ہمارے سامنے آ کر رکی اور حضور پُرنور کے چہرہ مبارک نظر آیا تو ایک لمحے کے لئے مجھے لگا کہ میرے دل کی دھڑکن رک گئی ہو ایسی روشنی اور ایسا رعب جو ساری زندگی کہیں نہ دیکھا ہو۔

پیارے حضور کی اقتداء میں مغرب وعشاء کی نمازیں پڑھتے ہوئے بھی دل کی عجیب حالت تھی خوشی کے ساتھ ساتھ رقت طاری تھی اور جب حضور انور اچانک لجنہ مشن ہاؤس تشریف لائے تو تمام خواتین میں کھلبلی مچ گئی۔ہمارا چھوٹا سا مشن ہاؤس پیارے حضور کے بابرکت وجود سے منور ہو گیا۔

جمعرات ۱۶ستمبر کو تمام جماعت کی حضور انور کے ساتھ فیملی ملاقات تھی۔گالوے شہر میں ساری جماعت جمع تھی۔ہم اپنی باری کے انتظار میں بیٹھے تھے اور گھبراہٹ کی وجہ سے سوائے درود شریف کے کچھ بھی نہ سوجھ رہا تھا۔باری آنے پر جب میں اپنے بچوں کے ساتھ اندر داخل ہوئی تو ایسا لگا جیسے ساری گھبراہٹ باہر رہ گئی ہو۔اندر تو صرف اِک روشنی تھی اور پیارے آقا کا دستِ شفقت تھا وہاں نہ کوئی خوف، حضور ایسے پیارے انداز میں ہمارے متعلق پوچھتے گئے اور ہم بتاتے گئے۔پتا بھی نہ چلا اور ملاقات کا وقت ختم ہو گیا۔جب کمرے سے باہر آئے تو یک دم ایسا لگا جیسے میں کسی خواب سے جاگی ہوں۔

اِس کے بعد دوسرے ہال میں آپا جان تشریف فرما تھیں۔آپا جان کے ساتھ یہ میری پہلی ملاقات تھی۔مگر جس محبت سے انہوں نے گلے لگایا، خیریت دریافت کی اور چھوٹے چھوٹے سوالوں کے جوابات دیئے ایسا لگتا تھا جیسے میں کب سے اِن سے واقف ہوں۔

۱۷ستمبر بعد نمازِ جمعہ حضور پُر نور نے مسجد مریم کا سنگِ بنیاد رکھا۔ یہ وہ منظر تھا جو اکثر ایم۔ٹی۔اے کی ریکاڈنگ میں ہی دیکھا تھا مگر آج ہم خود اِس بابرکت تقریب کا حصہ تھے۔ دل خُدا کی حمد سے سرشار تھے۔ خُدا کرے کہ یہ مسجد ہمارے لئے اور ہماری نسلوں کیلئے حقیقتاً دارلامان ہو۔ آمین

ایک اور برکت جو میرے اور میری دوسری بہنوں کے بچوں کے حصے میں آئی وہ حضورانور کا بچوں کی آمین کی منظوری مرحمت فرمانا تھا۔ خُدا کرے کہ خلیفہء وقت کی یہ بابرکت قُربت اِن بچوں کی آئندہ زندگی پر اثر ڈالنے والی ہو۔ (آمین)

۱۹ستمبر بروز اتوار حضورانور کی امامت میں مغرب عشاء کی نمازیں ادا کرتے ہوئے جہاں خُدا کا شکر ادا کر رہی تھی وہاں طبیعت پر اِک اُداسی بھی تھی کہ نجانے کب یہ بابرکت وجود نظر آئیں گے اور کب خلیفہء وقت کے پیچھے نماز پڑھنی نصیب ہوگی مگر اُس خُدا کی رحمت پر یقین ہے جس نے ہمیں یہ دن دکھایا اور خلیفہء وقت ہمارے پاس آئے اور ہم نے اس پاک وجود سے بے شمار شفقت اور برکت پائی۔ خُدا تعالیٰ ہمیں اس قابل کرے کہ ہم بار بار یہ برکت حاصل کرنے والے ہوں۔ آمین

وہ شخص نور تھا یا نورِ مجسم تھا....

ندرت افشاں۔ جماعت ساؤتھ ویسٹ

جب سے ہم نے پیارے آقا کی آئرلینڈ تشریف لانے کے بارے میں سنا تھا تب سے عجیب سی خوشی اور گھبراہٹ تھی کہ اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے حضور کا دورۂ آئرلینڈ کامیاب کرے۔ اور حضورانور ہماری جماعت سے خوش ہوں۔ اللہ کے فضل سے اس دورۂ کو ہر لحاظ سے کامیاب بنانے میں ہر فردِ جماعت آئرلینڈ نے خاص کوشش کی۔ الحمدللہ۔

اس کیفیت کو میں قلمبند نہیں کرسکتی جب میں نے پیارے حضور کو Galway میں خوش آمدکی تقریب میں گاڑی سے اُترتے ہوئے دیکھا۔ دن کی روشنی میں بھی ہر طرف نور ہی نور پھیل گیا۔ دیکھنے کی خواہش رکھتے ہوئے بھی حضورِانور پر نظریں ٹھہرتی نہیں تھیں۔ بار بار آنکھیں اُٹھتیں اور ادب سے جھک جاتیں۔ لیکن جب بھی دیکھا تو سکون اور اطمینان اندر تک اُتر جاتا۔

پیارے حضور کی امامت میں نمازیں پڑھنے کی بھی توفیق ملی۔ جن کی اپنی ہی ایک لذت تھی۔ فیملی ملاقات بھی اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے بہت اچھی رہی۔ اللہ تعالیٰ نے حضور سے ملاقات کی مجھے پہلے بھی توفیق دی تھی۔ لیکن اس بار کی ملاقات میں ساری زندگی نہیں بھول سکتی۔ ہم کمرے میں داخل ہوئے تو حضور پر نظر پڑتے ہی خیال آیا:

وہ شخص نور تھا یا نورِ مجسم تھا
میں نہیں جانتی کیا تھا بس اِک احساس تھا

میں نے حضور کی خدمت میں اپنی ایک خواب عرض کی اور اس کے پورا ہونے کی خواہش کا اظہار کیا۔ حضور نے بڑے ہی پیار سے اُسکو قبول فرمایا۔ خواب کی تعبیر میں حضور نے اپنا شفقت بھرا ہاتھ میرے سر پر رکھا تو دل سے یہ دُعا نکلی کہ اب یہ مبارک ہاتھ میرے سر پر سے کبھی نہ اُٹھیں۔ اللہ تعالیٰ نے میری ذات پر جتنے بھی انعامات کئے ہیں اُن میں سے یہ ایک بہترین انعام تھا۔ ملاقات کا وقت ختم ہونے پر حضور کا ہاتھ bell کی طرف جاتا دیکھ کر میرے شوہر نے بے ساختگی سے حضور سے فرمایا حضور پلیز ابھی bell نہ کریں کیونکہ ابھی تو تِشنگی باقی ہے۔ حضور مسکرائے کر فرمانے لگے کہ اچھا بتاؤ کیا بات ہے۔ اسطرح سے ہمیں اللہ کے فضل سے حضور کے اتنا قریب رہنے کا موقع میسر آگیا۔

ایک اعزاز کی بات جو ہماری جماعت کے حصہ میں آئی وہ حضورانور کا خطبہ جمعہ جو کہ براہ راست پوری دنیا میں سنا اور دیکھا گیا۔ اور یہ آئرلینڈ کی تاریخ کا بہت ہی اہم باب ہے۔ پھر مسجد مریم کی سنگِ بنیاد کی تقریب تھی۔ پیارے حضور آپا جان کی سنگت میں چہرہ مبارک پر تبسم اور ایک تسکین کا احساس لئے جلوہ افروز ہوئے۔ اور تقریب کا آغاز فرمایا۔ خدام اور لجنہ نے اللہ تعالیٰ کی حمد اور حضور کے اعزاز میں نغمات پڑھے۔

ایک اور اعزاز جو اللہ تعالیٰ نے مجھے بخشا وہ آپا جان کی محبت اور شفقت تھی۔ میں کبھی سوچ بھی نہیں سکتی تھی کہ آپا جان اسطرح اس ناچیز کا ذکر فرمائیں گی۔ آپا جان ملاقات کے لئے تشریف لانے کی غرض سے سیڑھیوں کے پاس کسی کا انتظار کر رہی تھیں۔ میں اُنہیں دیکھتے ہی سلام کرنے کی غرض سے آگے بڑھی اور انہوں نے شفقت سے گلے لگا لیا۔ نام بتانے پر فرمانے لگیں اچھا تو آپ ندرت افشاں ہیں۔ جو مجھے اکثر دُعا کے لئے فون کرتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وہ ڈبلن میں پہنچ کر میرے بارے میں پوچھ رہی تھیں۔ یہ سن کر میری

خوشی کی انتہا نہ رہی اور میں نے خدا کا بہت شکر ادا کیا۔اس کے بعد آپا جان نے میری بیٹی کے بارے میں پوچھا اور میں نے ان کی خدمت میں دُعا کی درخواست کے ساتھ اجازت چاہی۔یہ دن ہماری آئرلینڈ کی زندگی کے سب سے حسین دن تھے۔میں اللہ تعالیٰ سے خاص دُعا کرتی ہوں کہ یہ دن ہماری زندگی میں بار بار آئیں۔اور ہمارے حضور کو ہمیشہ ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ہمیں ہمیشہ آپ کی کامل اطاعت کی توفیق دے۔اور حضور جلد مسجد مریم کے مکمل ہونے پراسکے افتتاح کے لئے تشریف لائیں۔آمین۔

دِن گِنا کرتے تھے اِس دِن کے لئے

ناجیہ نصرت ملک۔Athlone

میرا بچپن پاکستان کے شہر کوئٹہ میں گزرا ہے۔ابّو کی سرکاری نوکری تھی اور وہ بلوچستان کے اردگرد یا زیادہ تر کوئٹہ ہی تعیّنات رہے،جس کی وجہ سے ہم بہن بھائیوں نے ابتدائی تعلیم وہیں حاصل کی ہے۔سرد موسم ہونے کے باعث پنجاب کے برعکس،وہاں سالانہ چھٹیاں موسمِ سرما کے مہینوں دسمبر،جنوری اور فروری میں ہوتی تھیں۔اور ہمارے مزے،کہ انہی دِنوں ہم چھٹیاں منانے کے لئے لاہور اور ربوہ کا رُخ کرتے تھے۔ربوہ میں انہی دنوں بیرونِ ممالک سے بھی رشتہ دار اکٹھے ہوئے ہوتے تھے۔اور ہمیشہ جلسہ سالانہ کا ذکر ہوتا تھا کہ ''جب'' جلسہ سالانہ ہوتا تو یہ ہوتا تھا وہ ہوتا تھا،طرح طرح کے واقعات بتائے جاتے تھے۔اُس وقت ہم اپنے بڑوں سے یہ ہی سوال کرتے تھے کہ اب جلسہ کیوں نہیں ہوتا؟ اور اُن کا جواب یہ ہی ہوتا تھا کہ بیٹا! دعا کرو کہ اللہ میاں دوبارہ وہ دن جلد لے کے آئے۔

میں سمجھتی ہوں کہ ہماری عمر کی generation کی سب سے بڑی محرومی یہ ہی رہی ہے کہ ہم نے ربوہ کے جلسے نہیں دیکھے،اور وہ ماحول نہیں دیکھا جس کو سُن کے ہی اتنا مزا آتا تھا اور خلیفہ وقت کی صحبت اس طرح میسر نہ آسکی جیسے ہمارے بڑوں کو میسر تھی۔اس محرومی نے خلیفہ وقت سے محبت اور خلافت سے وابستگی میں اضافہ تو کیا مگر یہ خلش بہتوں کی طرح مجھ میں بھی تھی کہ کاش مجھے بھی خلیفۃ المسیح کی صحبت سے فیض اُٹھانے کا موقع ملے۔ابو نے Retirement کے بعد ربوہ میں ہی مستقل رہائش کا فیصلہ کیا اور ہم ربوہ Shift ہو گئے اور اس محبت میں اور اضافہ ہوا جب ہر اجلاس،جلسہ،اور جماعتی پروگرام میں جلسہ کا ذکر حضور کے خطابات کا تذکرہ ہوتا تب بہتوں کی طرح ہم نے بھی خوب دعائیں کیں کہ اے اللہ اس ملک کے حکمرانوں کو ہدایت دے اور یہاں کے عوام کو عقل دے جنہوں نے اپنے ہاتھوں سے خلافت کی نعمت کو چھوڑ دیا ہے۔ربوہ کے لوگ ہمیشہ کی طرح آج بھی اسی انتظار میں ہیں کہ جلد ہی وہ نظارے دوبارہ نظر آئیں۔

اے کاش کہ جلدی لوٹ آئیں وہ دن وہ نظارے ربوہ میں

بہر حال 2006 میں یہ خواب تعمیل کو پہنچا جب ہم نے جلسہ کے لئے UK کا رختِ سفر باندھا۔پہلے دن جب حضور کو اتنے قریب سے مسجد فضل لندن میں دیکھا تو جذبات پر قابو نہیں تھا،آنکھوں سے آنسو رواں تھے اور دل خدا کی حمد سے سرشار کہ اللہ تعالیٰ نے کتنے پیار سے اس ازلی خواہش کو پورا کیا ہے۔پھر جلسہ پر ہم نے جلسے کے مزے لوٹے بہت مزا آیا اور دور سے ہی سہی ہم نے بھی کوئی موقعہ حضور کو دیکھنے کا ہاتھ سے نہ جانے دیا۔

جب لجنہ مارکی میں حضور تشریف لائے تو مجھے آج بھی یاد ہے کہ میں کس طرح جذبات سے مغلوب تھی اور پُرنم آنکھوں سے یہ دعا کر رہی تھی کہ اللہ میاں! میری طرح کتنے اور دید کے پیاسے ربوہ اور پاکستان میں جدائی کے عذاب سے گزر رہے ہیں،ان پر رحم کر اور جلد کوئی نصرت کے سامان فرما۔حضور سے ملاقات میری خلیفۃ المسیح سے پہلی ملاقات تھی اس دن وہ تین منٹ کیسے گزرے سمجھ نہ آئی دل میں پھر سے اس خواہش نے شدت سے جنم لیا کہ اے کاش کبھی حضور کی صحبت ایسے ہی میسر آئے کہ ہم صبح وشام اسی صحبت میں ہوں مگر بہت سے لوگوں میں نہیں بلکہ چند لوگوں میں۔اس خواہش کو بھی جب اللہ تعالیٰ نے بہت قریب سے سنا اور پورا کیا تو دل مزید شکر سے بھر گیا۔اپنے سمیع خدا پر بہت پیار آیا کہ اس ناچیز کو اللہ تعالیٰ ایسے نوازتا ہے کہ زبان شکر کی طاقت نہیں رکھتی۔

ہم جب سے آئرلینڈ آئے تھے،حضور کی آمد کا سن رہے تھے کہ حضور مسجد کے افتتاح پر آئیں گے۔مگر خوشی کی انتہا نہ رہی جب پتہ چلا کہ ہمارے پیارے آقا افتتاح سے پہلے ہی مسجد مریم کے سنگِ بنیاد کے لئے تشریف لا رہے ہیں۔دن تھے کہ گزر ہی نہیں رہے تھے آئرلینڈ جماعت کا ہر فرد اس دن کا بے چینی سے منتظر تھا..بچے،بچیاں،بوڑھے،جوان،مرد عورتیں غرض ہر کوئی مگن

تھا۔ بہت چھوٹی سی جماعت ہونے کے باعث ہر کسی کو کسی نہ کسی رنگ میں ڈیوٹی سپرد کی گئی تھی۔ جس میں ہر ایک بہت خوش تھا یوں لگتا تھا کہ عید کی آمد آمد ہے۔ مجھے ناصرات کی سیکرٹری ہونے کے باعث West اور East جماعت میں استقبال کی تیاری سپرد کی گئی تھی۔ ہر بچی خوب دل سے اس دن کی منتظر تھی۔

پھر پتہ چلا کہ 14 ستمبر 2010 کو حضور ڈبلن پہنچیں گے، مگر صرف مقامی لوگ ہی استقبا ل کے لئے آسکتے ہیں تو دل نے پھر سے کہا کہ کیا ہی اچھا ہوا گر کسی طرح مجھے حضور کے دونوں استقبال پر جانے کا موقعہ ملے، اور قربان جاؤں اپنے اللہ کے جس نے ہمیشہ کی طرح اس بار بھی میری دعا کو سنا اور نیشنل صدر صاحبہ کی طرف سے پیغام موصول ہوا کہ سیکرٹری ناصرات دونوں جگہوں پر بوقتِ استقبال موجود ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ موقعہ دیا اور ہم نے بھی دعائیں پڑھتے پڑھتے ڈبلن کے لئے رختِ سفر باندھا۔

Clarion ہوٹل میں بچیاں سفید لباس میں ملبوس، جھنڈیاں پکڑے، استقبالیہ ترانے پڑھتی حضور کی آمد کی منتظر تھیں۔ ہماری نگاہیں بھی رستہ پر تھیں کہ بالآخر وہ مبارک گھڑی آئی، جب حضورِ انور کا قافلہ ہوٹل پہنچا اور گاڑی میں سے حضورِ انور باہر نکلے۔ اور اُن چند لوگوں میں مَیں بھی تھی جو حضور کو قریب سے دیکھ رہی تھی، آنکھیں تھیں کہ ا س وجودِ پُرنور سے ہٹ ہی نہیں رہیں تھیں اور دل سے دعائیں ہی دعائیں نکل رہی تھیں۔ 14 ستمبر کو واپس گھر آ کر ہم ایک بار پھر بے چینی سے اگلے دِن کی آمد کے مُنتظر تھے اور 15 ستمبر کو ہم Galway کے لئے روانہ ہوئے۔ آج بھی دو رویہ قطار میں بچے بچیاں جھنڈیاں پکڑ کر حضور کی آمد کے منتظر تھے حضورِ انور کا قافلہ Clayton ہوٹل کے اندر نظر آتے ہی بچیوں نے دعائیہ اشعار پڑھنے شروع کئے اور مرحبا مرحبا کی صداؤں میں ایک بار پھر حضورِ انور کا دیدار نصیب ہوا۔ اب حضورِ انور نے 4,5 دن یہیں قیام کرنا تھا سو ہم نے بھی بوریا بستر سمیٹا اور گالوے میں چند دن کے لئے ڈیرہ جمالیا۔ اور یہ چند دن بہت ہی مبارک اور بابرکت تھے۔ گالوے شہر کبھی اتنا خوبصورت نہیں لگا تھا جتنا اب لگ رہا تھا۔ اگر میں کہوں کہ وہ دن میری زندگی کے سب سے بہترین دن تھے تو بالکل غلط نہ ہوگا۔

ہم نے کوشش کر کے ہر نماز حضور کے پیچھے پڑھی خاص کر فجر کی نمازوں کا مزا تو بھلائے نہیں بھولتا، وہ لوگ بہت خوش قسمت ہیں جو خلیفۃ المسیح کے پیچھے روزانہ نمازیں پڑھتے ہیں اور یہ محض اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ ہم بھی چند دنوں کے لئے ہی سہی، ان خوش نصیبوں میں شامل ہو گئے۔ نمازِ جمعہ کے بعد شام کو حضورِ انور نے مسجد مریم کا سنگِ بنیاد رکھا۔ اور دل سے ہر لمحہ یہ ہی دعا نکلی کہ اللہ تعالیٰ عیسائیت کے اس گڑھ میں جلد از جلد مسیحِ محمدی کا پیغام اس مسجد کے ذریعے پہنچے اور اللہ تعالیٰ ہمیں جلد اس کو مکمل کرنے کی توفیق دے آمین۔

دو بار حضورِ انور سے ملاقات کا شرف بھی حاصل ہوا۔ ایک دفعہ فیملی ملاقات جس میں بچّوں اور ہم نے حضورِ انور سے دعائیں لیں اور ایک بار پھر وہ چند دن منٹ تیزی سے گزر گئے۔

دوسری بار نیشنل عاملہ کی Meeting میں اور اپنی قسمت پر اُس وقت رشک آیا جب مجھے حضور کے ساتھ بیٹھنے کی توفیق ملی۔ یہ ملاقات قریباً ڈیڑھ گھنٹے کی تھی۔ جس میں حضورِ انور نے نہایت پیار سے ہمیں قیمتی نصائح کیں۔ بچیوں کے متعلق حضور کی خاص ہدایت تھی کہ اُن کو بچپن سے ہی حیا کے زیور سے آراستہ کریں۔ میں نے حضور کو آئرلینڈ جماعت کی ناصرات کا پہلا سلیبس دکھایا، جس پر حضورِ انور نے بہت خوشی کا اظہار کیا اور ازراہِ شفقت اس پر دستخط فرمائے۔ اِس کے علاوہ اردو سیکھنے کے حوالے سے بھی ناصرات الاحمدیہ کی کوششوں کو بہت سراہا۔ بعدازاں ہم نے آپا جان سے ملاقات کی اور آپا جان سے ہماری ملاقات قریباً ڈیڑھ گھنٹے کی تھی۔

حضور کے اس بابرکت دورے میں آمین کی تقریب بھی تھی جس میں ہماری بیٹی نبیحہ ملک کی آمین ہوئی۔ جس نے چار سال آٹھ ماہ میں قرآن مجید کا پہلا دور مکمل کیا تھا اور اس کی آمین بھی میرے لئے بہت اعزاز کی بات تھی کیونکہ اس نے قرآن مجید کا دور اسی شوق میں مکمل کیا تھا کہ حضور سے آمین ہو۔

اور ہر دفعہ قرآن مجید پڑھنے سے پہلے اور بعد میں اس نے یہ ہی دعا کی تھی کہ اللہ میاں! میری آمین حضور سے ہو۔ اور جب حضور نے ازراہِ شفقت آمین کی منظوری دی تو اس وقت اس کی خوشی دیدنی تھی کہ اللہ میاں نے میری دعا قبول کی۔

الحمد للہ برکتوں سے بھرپور حضورِ انور کا دورہ 19 تاریخ کو اختتام کو پہنچا۔ حضور نے واپسی کا رختِ سفر باندھا ڈھیروں دعاؤں اور آنسوؤں کے ساتھ اس چھوٹی سی جماعت کے ہر فرد نے حضورِ انور کو اللہ حافظ کہا۔ جاتے ہوئے حضور نے جو دعا کروائی اس میں ہم نے حضورِ انور کی خیر و عافیت سے واپسی اور دوبارہ آنے کی بہت دل سے دعا کی۔ اور اُمید ہے اللہ تعالیٰ ہمیشہ کی

طرح اس دعا کو بھی بہت قریب سے سنے گا اور بہت جلد مسجد مریم کے افتتاح پر حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ ہمارے پاس ہونگے۔(انشاءاللہ)

”سر زمینِ آئرلینڈ میں وقت آخر آگیا ہمارا پیارا آقا مسرور آگیا“

خالدہ افتخار۔Athlone

14 ستمبر 2010ء وہ ایک ایسا روشن دن تھا جس کی صبح ایک نئی روشنی ایک نیا پیغام لے کر نمودار ہوئی تھی۔ اُس دن ہمارے پیارے خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز آئرلینڈ میں تشریف لائے۔حضرت مسیح موعودعلیہ السلام کے اُس الہام کو پورا کرنے کے لئے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو وحی کے ذریعے دیا تھا ”کہ میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا“۔ گالوے کو اگر دیکھا جائے تو دنیا کا آخری کنارہ ہے۔

جہاں حضورِانور نے اپنے مبارک ہاتھوں سے مسجد کا سنگِ بنیاد رکھا ۔ہمارے لئے یہ خوشی کا احساس شاید کبھی کم نہ ہوگا کیونکہ ہم اس الہام کو پورا ہوتے دیکھ رہے ہیں اور شکر کرتے ہیں کہ ہم اُس جماعت سے وابستہ ہیں جو مسیحِ محمدی کی جماعت ہے۔

حضورِ انور کا ہمارے درمیان آنا یہ ایک خوبصورت احساس تھا، جو لفظوں میں بیان کرنا مشکل ہے۔ ہر طرف نور اور برکتوں کا سماں تھا ہر چہرے میں خوشی اور مسکراہٹ تھی کہ کوئی بیش بہا چیز مل گئی ہو، اس خوشی کی وجہ ہمارے پیارے آقا کی ہمارے پاس موجودگی تھی پیارے آقا کے آنے سے ہمارے ایمانوں میں اور جوش اللہ تعالیٰ نے بھر دیا ہے ہمارے جذبوں میں اور طاقت آ گئی ہے اور ایسا لگتا ہے کہ ہماری روح تک سرشار ہوگئی ہے۔اللہ تعالیٰ سے یہی دُعا ہے کہ جلد از جلد مسجد مریم کی تعمیر ہو۔تا کہ پیارے حضور پھر ہمارے پاس آئیں پھر اس مبارک وجود کو ہم دیکھ سکیں۔اور یہ بھی دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ میں ہمیں اتنی ہمت اور طاقت دے کہ ہم خدا کے گھر کو جلد از جلد تعمیر کر سکیں اور خدا کا پیغام ہر طرف پھیلا سکیں۔(آمین) اے خدا! مہدی کے غلاموں کو دے ہمت اور طاقت،
پھیلا سکیں خدا کا یہ پیغام ہر طرف
عیسائیت کے اس گڑھ میں کریں ہم بلند نام محمد ﷺ کا۔آمین

وہ سات دن... خوشیوں کے دن

شاہدہ خان۔Athlone

14 ستمبر 2010 کا دن آئرلینڈ کے احمدیوں کے لئے حقیقی عید اور خوشیوں والا مبارک دن تھا۔ جب خلیفۃ المسیح حضرت مرزا مسرور احمد ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آئرلینڈ کی سرزمین پر اپنے مبارک قدم رکھے۔

حضورِ انور 15 ستمبر 2010 کو گالولے شہر میں رونق افروز ہوئے اور ہم نے خلیفہ وقت کا دیدار کیا وہ خوشی لفظوں میں بیان نہیں ہوسکتی۔

ہمیں آئرلینڈ میں آئے ہوئے پانچ سال ہوگئے ہیں وہ سات دن تو ہماری زندگیوں میں خوبصورت پُرسکون خوشیوں والے دن تھے،کوئی غم اور دکھ نہیں تھا۔ایسا لگتا تھا کہ گالوے شہر خوشبو اور خوشیوں کے نور سے بھرا ہوا تھا۔

16 ستمبر کو ہماری فیملی کی حضور انور سے ملاقات تھی ،حضور سے باتیں کر کے سارے غم دور ہوگئے۔ملاقات میں پیارے حضور نے بچوں کو پیار کیا، دعائیں دیں اور چاکلیٹ اور pens وغیرہ بچوں کو تحفے میں دیئے۔

بعد میں آپا جان سے ملاقات کر کے دل کو سکون اور حقیقی خوشی ملی۔وہ لمحے شاید ہی پھر کبھی ہماری زندگیوں میں آئیں وہ سعادت بھری گھڑیاں جس کو ہم آج تک محسوس کرتے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ پیارے آقا کے اس دورے سے ہم نے خدا کے فضل سے بہت ساری برکتیں رحمتیں سمیٹیں جس کا اندازہ نہیں لگایا جاسکتا۔19 ستمبر کو حضورانور نے ازراہِ شفقت بچوں کی آمین کروائی جس میں میرے بیٹے علی قیم کی آمین بھی ہوئی۔ یہ وہ خوشی ہے جو ہم پوری زندگی نہیں بھلا سکتے۔ جب حضورِانور آئرلینڈ سے لندن روانہ ہوئے تو ہر طرف اُداسی چھا گئی دل میں خوشی اور غم کے جذبات تھے کہ لفظوں میں ہم بیان نہیں کر سکتے۔ ہماری دعا ہے کہ ”مسجد مریم“ خدا کے فضل سے جلد تعمیر ہو اور ہمارے پیارے آقا پھر ہمارے پاس ہوں اللہ تعالیٰ وہ گھڑی جلد سے جلد لائیں۔ (آمین)

لجنہ اماءاللہ آئرلینڈ کا ویب سائٹ

www.islamahmadiyya.ie/Lajna.html

؎ ’اے شخص تو جاں ہے ہماری...‘

راشدہ کرن خان۔ Cork (جماعت ساؤتھ ویسٹ)

وہ سبک خرام، وہ شرم وحیا کا پیکر، وہ عجز وانکساری کا مجسمہ، وہ کوہ وقار، وہ عظیم المرتبت وہ شفیق ومہربان وجود، وہ مسیحا نفس وہ نور کا ایک ہالہ ہے۔جن کی آمد کی خبر نے پورے آئرلینڈ میں ایک ہلچل، ایک بیداری پیدا کردی تھی۔پورا آئرلینڈ،خدا کے نیک بندے آقا ومولا سید ومرشد کا استقبال کرنے کے لئے بےچین ہوگیا۔

حضور انور کے آنے کی خبر سے دل چاہتا تھا کہ پھولوں سے یہ ساری دھرتی سجا دیں اور اپنی پلکیں ان راہوں پر بچھا دیں۔ ہماری روح کی پیاس بجھانے ہمارے محبوب آ رہے تھے۔یہ سوچ کر دل ہر دم بے چین تھا اور شدت سے اس گھڑی کا انتظار تھا کہ ہمارے پیارے امام اس دھرتی پر رونق افروز ہوکر برکات بخش دیں۔

آج سے دوسال پہلے جب ہم جرمنی سے آئرلینڈ آئے تو دل بہت اداس تھا اور خیال آتا تھا کہ یہاں پر ہمارے پیارے امام سے ملاقات کا کوئی ذریعہ نہیں جو کہ جرمنی میں ہر سال پیارے حضور انور کو جلسہ سالانہ کے موقع پر دیکھنے کی سعادت نصیب ہوا کرتی تھی وہ اب یہاں نہیں ہو سکے گی۔ ہر دم بہت دُعائیں کرتے تھے کہ اے اللہ!اس زمین پر پہلی مسجد بنا دے،اور ہمارے پیارے امام بھی اس ملک میں اپنے مبارک قدم رکھ کر اس زمین کو اعزاز بخش دیں۔

خدا تعالیٰ نے ہر دل کی دُعا کو سنا اور قبول فرمایا۔الحمدللہ

اللہ تعالیٰ نے اپنا خاص فضل کیا اور میری روح کو وہ مسرت وسکون بخش دیا جو جرمنی میں رہتے ہوئے شاید کبھی بھی ممکن نہیں تھا۔پیارے حضور انور اور پیاری آپا جان کو اس قدر قریب سے دیکھ کر اور ان کی شفقت اور بے انتہا محبت کو پا کر، میں نے اپنی پوری زندگی کے لئے انمول انعامات اور برکتیں پالیں۔یہ خدا تعالیٰ کا احسان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ موقع نصیب کیا اور میری زندگی کی یادوں کو مزید حسین بنا دیا۔الحمدللہ۔

حضور انور کا استقبال کا دن ہمارے لئے کسی عید سے کم نہیں تھا۔اپنے پیارے محبوب کی آمد پر ہماری دل کی دھڑکنیں تیز تھیں، چہروں پر مسکان تھی، آنکھوں میں خوشی کے آنسو تھے اور لبوں پر درود شریف اور دُعائیں جاری تھیں۔

حضورِ انور پر جب پہلی نظر پڑی تو بے ساختگی میں دُعا نکلی:’یا اللہ، ہمارے پیارے حضور کو سلامت رکھنا، ان کی حفاظت فرمانا، پیارے حضور پر اپنا بے انتہا فضل فرمانا‘۔

یہاں ہم حضور انور کی آمد کی برکتیں سمیٹتے تھے،اور وہاں جرمنی میں ہم اپنے گھر کے سب افراد کو لمحہ بے لمحہ فون پر آگاہ کرتے رہتے تھے۔اور وہ سب ہماری خوش قسمتی پر رشک کرتے تھے۔

حضور انور کے کے ساتھ ملاقات کا دن آیا،حضور نے انتہائی محبت و شفقت کا اظہار فرمایا۔میری خواہش پر انہوں نے رسالہ مریم پر اپنے دستخط فرمائے اور بہت خوشی کا اظہار فرمایا۔ملاقات کرنے کے بعد میں اس کمرے میں چلی گئی جہاں سیدنا حضرت آپا جان تشریف رکھتی تھیں۔ دل میں بہت گھبراہٹ تھی، کہ شاید بہت سی خواتین وہاں ہونگیں۔اور شاید میری ملاقات نہیں ہوسکے گی۔ جب میں کمرے میں داخل ہوئی تھی تو سیدنا حضرت آپا جان صرف دو تین خواتین کے ساتھ کھڑی تھیں۔میری نظریں آپا جان کے مبارک چہرے پر تھیں۔آپا جان نے مجھے اندر آتے دیکھا تو مسکرانے لگیں۔اور انتہائی شفقت سے مجھے دیکھتی رہیں۔جب میں انکے پاس پہنچی تو انہوں نے مجھے گلے لگا کر فرمایا:’’آپ یہاں پر کب سے ہیں؟‘‘ میں نے بتایا،’’آپا جان، میں جرمنی سے آئی ہوں۔ ابھی دو سال ہوئے ہیں‘‘۔ پھر انہوں نے میری مصروفیات اور میری فیملی کے بارہ میں دریافت کیا۔

ان لمحوں میں ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے میں کوئی خوبصورت خواب دیکھ رہی ہوں۔اس سے پہلے اکثر حضور انور اور پیاری آپا جان کو اپنی خواب میں دیکھتی رہی ہوں۔یقین نہیں ہو رہا تھا کہ میرا خواب ایک حقیقت میں بدل گیا ہے۔اور آپا جان سے اتنی دیر اتنے قریب سے نہ صرف دیکھ رہی ہوں بلکہ ان کے پاس بیٹھ کر باتیں کر رہی ہوں۔انکی محبت وشفقت کو میں اپنے دامن میں پھولوں کی طرح سمیٹ رہی ہوں۔اور دل چاہتا تھا کہ یہ لمحے کاش یہاں ہی ٹھہر جائیں۔آپا جان کے پاس تقریباً 55 منٹ گزارنے کی سعادت نصیب ہوئی لیکن یہ منٹ ایک لمحے کی طرح محسوس ہوئے۔دل میں دعائیں کرتی رہی کہ اللہ ، مجھے ایسا موقع پھر عطا فرمادے۔

ہفتے کے روز حضورِ انور کے ساتھ نیشنل عاملہ لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ کی میٹنگ ہوئی جس میں شامل ہوکر مجھے ایک اور سعادت نصیب ہوئی۔اور تقریباً دو گھنٹے کچھ

لمحوں میں گزر گئے۔حضور انور کی شفقت بھری نصائح دل میں اترتی تھیں اور دل چاہتا تھا کہ بلند آواز میں 'لبیک' کا نعرہ لگائیں۔اس میٹنگ میں سیدنا حضرت آپا جان بھی تشریف رکھتی تھیں۔اور اس میٹنگ کے اختتام پر آپا جان سارے دن کی تھکن کے باوجود، ہماری عاملہ ممبران کے اصرار پر ہمارے ساتھ ایک کمرے میں رونق افروز ہوئیں۔

ہم سب لجنہ ممبران آپا جان سے بے تکلف ہو کر باتیں کرتے رہے۔اور پیاری آپا جان بے حد محبت اور شفقت سے ہم سے باتیں کرتی رہیں اور قیمتی نصائح سے نوازتیں رہیں۔پیاری آپا جان کی گفتگو سن کر یقین ہوتا تھا کہ وہ بے حد پیاری شخصیت ہیں۔

اس کمرے میں میری تین سالہ بیٹی سمرا، میرے ساتھ کھڑی تھی۔ آپا جان نے اسے اپنے پاس بلایا اور خود اس کو اپنی گود میں بیٹھایا اور ازراہِ شفقت اس کو پیار کیا اور باتیں کرنے لگ گئیں۔یہ محض خدا کا احسان تھا کہ اس نے اس ناچیز کی بیٹی کو پیاری آپا جان کی گود میں بیٹھنے کی سعادت نصیب کی اور اس طرح سے غیر معمولی برکتیں اور دعائیں حاصل کرنے کی توفیق دی۔یہ دیکھ کر میری آنکھیں نم ہو گئیں اور دل میں خدا تعالیٰ کی حمد کرتی رہی۔تقریباً ڈیڑھ گھنٹے تک ہم عاملہ ممبران نے آپا جان کے ہمراہ بیٹھے کا سنہری موقع پایا۔الحمدللہ

۲۰ ستمبر کو حضور انور کا لندن واپسی کا دن تھا۔اس دن سے قبل ایک رات، کافی دیر تک میری عجیب سی کیفیت تھی۔ بالکل، ایسی ہی جیسی، تب ہوئی تھی جب میرے والدین مجھے یہاں آئرلینڈ ملنے آئے تھے اور ان کی واپسی کا دن آ گیا تھا۔

حضور انور اور آپا جان کو الوداع کرنے کا وقت آیا۔آنکھوں میں آنسوؤں تھے اور لب پر دعائیں۔ یہ 7 دن کس قدر حسین اور یادگار برکتوں والے مبارک دن تھے۔جو میری زندگی کے سب سے پیارے اور یادگار لمحے بن کر میری آنکھوں میں اور دل میں بس گئے ہیں۔خدا کرے یہ دن ہمیں خدا پھر دیکھنا نصیب کرے اور ایسے دن خدا ہمیں بار بار دکھائے۔آمین۔ خدا تعالیٰ سے دُعا ہے کہ پیارے حضور اور پیاری آپا جان کا سایہ ہم پر ہمیشہ سلامت رہے۔آمین۔



آزمائیں

☆سر کی خشکی دور کرنے کے لئے:۔

دہی میں تھوڑا سا سرسوں کا تیل ڈال کر سر دھونے سے قبل آدھا گھنٹہ پہلے سر پر خوب ملیے اور پھر نیم گرم پانی سے سر دھولیں۔یہ عمل ہفتہ میں ایک بار ضرور کریں۔اس سے بال گھنے اور چمک دار ہو جائیں گے۔اور خشکی ختم ہو جائے گی۔

☆بال لمبے اور گھنے کرنے کا نسخہ:۔

ایک انڈے کی زردی میں دو چمچے سرسوں کا تیل ملا لیں اور خوب ہلائیں اس کے بعد بالوں کی جڑوں میں اچھی طرح انگلیوں کے پوروں سے لگائیں۔یہ عمل سر دھونے سے تین گھنٹے پہلے کریں۔اس سے بال لمبے اور مضبوط ہو جائیں گے۔

☆چہرے کی تروتازگی برقرار رکھنے کے لئے رات کو بیسن میں چند قطرے لیموں اور تھوڑی سی ملائی ملا کر چہرے پر لگائیں۔

☆ سردیوں میں جلد کی حفاظت کے لئے روغنِ بادام کا استعمال بے حد مفید ہے۔اس میں تھوڑا سا کیسٹر آئل مکس کر کے ہاتھ پاؤں اور چہرے پر لگائیں۔

ہنسی کیا ھے؟

''ہنسی نہ صرف افراد کو باہم مربوط ہونے کی ترغیب دیتی ہے بلکہ ہر اس فرد کو نشانہ تمسخر بناتی ہے جو سوسائٹی کے مروجہ قواعد وضوابط سے انحراف کرتا ہے چنانچہ مزاحیہ کردار صرف اس لیے مزاحیہ رنگ میں نظر آتا ہے کہ اس سے بعض ایسی حماقتیں سرزد ہوتی ہیں جن سے سوسائٹی کے دوسروں افراد محفوظ ہوتے ہیں۔مثلاً اگر ایسا کردار چچا چھکن کی طرح اپنی اس عینک کی تلاش کرے جو اس نے اپنے ناک پر لگا رکھی ہو تو خواہ مخواہ اس پر ہنسنے کی تحریک ہوتی ہے۔ قدیم قبائل میں اجنبیوں کے لباس، گفتار اور عادات واطوار کو نشانہ تمسخر بنانے کی جو بے شمار مثالیں ملتی ہیں وہ اسی زمرے میں شامل ہیں۔درحقیقت ہنسی اس فرد کا مذاق اڑاتی ہے جو سوسائٹی کی سیدھی لکیر ذرا بھی بھٹکے اور اس غرض سے اڑاتی ہے کہ وہ پھر سے اس لکیر میں شامل ہو جائے۔چنانچہ یہ بات ہنسنے والوں کے لئے باعث انبساط ہوتی ہے لیکن اس فرد کو رنج و ندامت سے ضرور ہم کنار کر دیتی ہے۔جس کے خلاف یہ عمل میں آئے بہرحال یہ بات طے ہے کہ ہنسی ایک ایسی لاٹھی ہے جس کی مدد سے سوسائٹی کا گلہ بان محض غیر شعوری طور پر ان تمام افراد کو ہانک کر اپنے گلے میں دوبارہ شامل کرنے کی سعی کرتا دکھائی دیتا ہے۔جو کسی نہ کسی وجہ سے سوسائٹی کے گلے سے علیحدہ ہو کر بھٹک رہے تھے۔یعنی ہنسی ایک ایسا آلہ ہے جس کے ذریعے سوسائٹی ہر اس فرد سے انتقام لیتی ہے جو اس کے ضابطہ حیات سے بچ نکلنے کی سعی کرتا ہے سماجی لحاظ سے ہنسی کا پہلو اس لیے زیادہ اہم ہے کہ اس کی بدولت سوسائٹی بیشتر بیرونی مضر اثرات سے محفوظ رہتی ہے۔اس کے علاوہ ہنسی ان تمام اندرونی نقائص کے استحصال کی طرف بھی توجہ دلاتی ہے جو مضحکہ خیز صورت اختیار کر چکے ہیں، اردو ادب میں اکبرالہٰ آبادی کے ہاں مزاح کا جو افادی پہلو بڑے نمایاں انداز میں کارفرما نظر آتا ہے وہ ہنسی کے اسی اصلاح رجحان کی غمازی کرتا ہے۔(اُردو ادب، طنز ومزاح ص:۲۷)

وَاللّٰہُ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَاءُ

نصرت النساء۔ ڈبلن

میری پیدائش جہلم کے ایک گاؤں میں ہوئی میرا گھرانہ سنی تھا۔ میں نے وہاں سے میٹرک تک تعلیم حاصل کی ۔ بعد میں میری شادی ایک اور گاؤں میں پھوپھی زاد سے ہوگئی۔ میرے سسرال والے صوم وصلوٰۃ کے اتنے پابند تو نہیں تھے لیکن سیاسی سوجھ بوجھ اور روشن خیال ضرور تھے۔ اتنی سختی سے مذہب کی پابندی تو نہ تھی لیکن پورا گھر ہی شرک اور بدعت سے بیزار تھا۔ بلکہ جو لوگ ان بد رسومات میں مبتلا ہوتے ان کی بھی حوصلہ شکنی کرتے تھے۔ کچھ عرصہ کے بعد میں نے اپنے شوہر میں کچھ تبدیلیاں دیکھنا شروع کیں وہ یہ کہ نماز پنجگانہ باقاعدگی سے شروع ہوگئی۔ دیگر لوگوں سے بھی معاملات میں نہایت صداقت کا پہلو نظر آنے لگا۔ اسکی وجہ یہ تھی کہ میرے میاں نے جماعت احمدیہ پر تحقیق شروع کر دی ہوئی تھی ۔ اور گھر میں تبدیلی کا رنگ اسی کا نتیجہ تھا۔ بعد میں پوچھنے پر انہوں نے بتایا کہ میں جب کبھی بھی شہر جاتا جو کہ ہمارے گاؤں سے تقریباً ۳۰ میل کے فاصلہ پر ہے میں مربی سلسلہ کے پاس ضرور جا کر بیٹھتا اور دیگر احباب سے بھی میل ملاقات رہتی یہ پاک تبدیلی کے آثار اسی وجہ سے نمایاں ہورہے تھے۔

کافی عرصہ تحقیق ومطالعہ کرنے اور مکمل شرح صدر حاصل کر لینے کے بعد انہوں نے بیعت کرلی۔ بیعت کر لینے کے بعد انہوں نے اپنی توجہ میری طرف کرلی تمام مسائل پر آہستہ آہستہ گفتگو ہونے لگی۔ جماعت کے بنیادی عقائد پر بات ہوتی ۔ ایک بات دوران گفتگو وہ بڑی تکرار سے کرتے کہ اس دنیا میں مجھے بیوی بچوں سے بڑھ کر کون عزیز ہے یہ کیسے ممکن ہے کہ میں نے جو سچائی دیکھ لی ہے اس سے آپ لوگوں کو محروم رکھوں۔ میں یہ کبھی نہ چاہوں گا کہ تم دوزخ کا ایندھن بنو۔ بلکہ میں تو چاہتا ہوں کہ آپ سب میرے ساتھ مل کر زمانے کے امام کو پہچانو اور جنت میں اپ نے لئے ایک نہایت اعلیٰ مقام بناؤ۔

اپنے میاں کی باتیں سن کر دل تو قرار پکڑتا تھا۔ لیکن اردگرد کے حالات دیکھ کر میرے تصور کو بھی پسینہ آتا تھا۔ کیونکہ گردونواح کا ماحول نہایت جاہلانہ تھا اور اس کے ساتھ ساتھ میرے میکے والے اور میرے دیگر عزیز رشتہ دار بھی جماعت کے سخت مخالف تھے۔ مذکورہ بالا تمام لوگوں کی مخالفت سنی سنائی پر قائم تھی ۔ جب انسان کے اندر نور کی چمک موجود ہو تو اسکا اظہار بھی ہو ہی جاتا ہے۔ ایسا ہی معاملہ میرے میاں کے ساتھ بھی پیش آتا تھا۔ تو اس چیز کا علم ہمارے علاقہ کے لوگوں کو ہونا شروع ہوگیا۔ بعض لوگوں نے مذہب کی آڑ میں اپنے سیاسی انتقام پر بنیاد ڈال دی۔ علاقہ کے کچھ مولویوں نے گاؤں کے مولوی کے ساتھ مل کر حالات کو کافی کشیدہ بنا دیا۔ اس مخالفت کی اطلاع ضلعے کے ہیڈ کوارٹر تک پہنچ گئی احبابِ جماعت کے مشورہ سے میرے میاں نے ملک چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا اور لندن چلے آئے لندن میں انہوں نے اپنے آپ کو محفوظ بنانے کے بعد دوبارہ توجہ میری طرف شروع کی۔ لندن سے حضرت خلیفۃ الرابعؒ کی مجلس سوال و جواب کی آڈیو کیسٹ اور دیگر ضروری لٹریچر بھیجنا شروع کر دیا میں نے بھی اپنی بچیوں کے ہمراہ، لیکن نہایت احتیاط کے ساتھ ماحول سے بچ بچا کر آڈیو کیسٹ سننا شروع کر دیں اور بھیجے گئے لٹریچر کا مطالعہ شروع کر دیا۔ کچھ عرصہ آڈیو کیسٹس سننے اور کتبِ سلسلہ کے مطالعہ کہ وجہ سے دل اطمینان پکڑتا گیا۔ اور میں نے بھی بیعت کا فیصلہ کرلیا۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعودؑ کا ایک شعر ہے۔

جب کھل گئی سچائی پھر اس کو مان لینا
نیکوں کی ہے یہ خصلت راہِ حیا یہی ہے

اسی دوران میرے خاوند کا ایک انٹرویو M.T.A سے نشر ہوا تھا تو اس کی ایک وڈیو کیسٹ بھی ہمیں موصول ہوئی۔ وہ ہمارے سننے کے بعد احبابِ جماعت نے بھی وہ سننے کی خواہش کا اظہار کیا تو ہم نے انہیں بھی دی۔ کچھ جماعت کے دوستوں نے وہ کیسٹس سننے کے بعد نہایت نیک نیتی سے ہمارے چند رشتہ داروں کو بتایا کہ یہ لوگ تمہارے رشتہ دار ہیں اللہ کے فضل سے ان تمام لوگوں نے بیعت کرلی ہے اور ان کا ایک پروگرام ہمارے T-V پر نشر ہو چکا ہے تو تم بھی ان کی تقلید کرتے ہوئے جماعت میں داخل ہوجاؤ۔ ہمارے معاشرہ میں تو فساد کے لئے صرف جواز چاہیے ہوتا ہے۔ میرے رشتہ دار ایک دن مل کر میرے گھر آئے اور انہوں نے مجھے کہا کہ ہم نے یہ سنا ہے کہ تم لوگ قادیانی ہوگئے ہو۔ اس چیز سے تم بھی باز آجاؤ اور اپنے میاں کو بھی واپس کرو۔ تم لوگ لالچ میں آ کر قادیانی ہوئے ہو یہ پروگرام ٹیلی ویژن پر تم کرتے ہو تمہیں کروڑوں روپے

ایک ایک پروگرام کے ملتے ہیں اس لئے تمہیں لالچ نے اندھا کیا ہوا ہے، وغیرہ وغیرہ۔میں جب بھی اپنے دفاع میں بولنے کی کوشش کرتی تو مجھے یہ کہہ کر چپ کروادیتے کہ ہم تمہیں وارننگ دینے کے لئے آئے ہیں۔آئندہ جب ہم آئے تو ہم نے صرف ہاں یا نہ میں آپ کا جواب سننا ہے۔کافی شور وغیرہ کر کے چلے گئے۔اسی دوران ایک دن اُن میں سے کچھ لوگ پھر آگئے اور کہنے لگے کہ ہم تمہیں سمجھانے آئے ہیں کہ اس کام سے تم باز آجاؤ ورنہ ہم سب لوگ اور ۔۔تمہارے بہن بھائی سب تمہیں چھوڑ جائیں گے اس دن میں نے ان کو کہا کہ بھلے مانس کس چیز سے ہم باز آجائیں کیا ہم نماز پڑھنی چھوڑ دیں۔رمضان کے روزے رکھنے بند کر دیں۔سچ بولنا بند کر دیں اور جھوٹ بولنا شروع کر دیں۔ہم لوگوں میں کیا تبدیلی تمہیں نظر آئی ہے۔کیا ہمارا ایمان خدا پر نہیں۔اس کے فرشتوں پر اس کی کتابوں پر، اسکے تمام رسولوں پر ہمارا ایمان ہے۔کیا اسی چیز کا نام اسلام نہیں ہی۔

چونکہ دینی علم تو ان کے پاس بالکل نہیں تھا جواب کیا دیتے۔بار بار زمین پر لکیر کھینچتے کہ لکیر کے اس طرف ہم ہیں اگر ہمارے ساتھ آنا ہے تو آجائیں ہم اسی طرح آپ کے ہر دکھ سکھ میں رہیں گے اگر تم لکیر کے اس طرف چلے گئے تو ہم تمام لوگ تمہیں چھوڑ جائیں گے۔میں نے ان کو کہا کہ تمہارے چھوڑنے کی کوڑی کی بھی مجھے پرواہ نہیں ہے۔مجھے تم سب چھوڑ جاؤ مگر ایک یہی دعا کرتی ہوں کہ خدا مجھے نہ چھوڑے۔اس غیور خدا نے میری دعا کی لاج رکھتے ہوئے آج تک کبھی مجھے نہیں چھوڑا۔ہر معاملہ میں میرا حامی و ناصر رہتا ہے۔ان رشتہ داروں نے ہمیں بالکل چھوڑ دیا ہے ان کے بچھڑنے کا ہمیں غم بھی ہے اور ان کی ہدایت کے لئے احباب جماعت سے دعا کی بھی درخواست کرتی ہوں۔لیکن ان کے بدلے میں خدائے غیور نے مخلص جماعت کے ساتھی عطا کئے۔جو ہر قسم کا خیال رکھتے ہیں۔مخالفین کی ریشہ دوانیاں جاری رہتی ہیں۔

ایک خط ایک جماعت کی مخالف تنظیم کی طرف سے بھی ہمیں لکھوایا گیا جس میں درج تھا کہ ہم تمہیں نوٹس دیتے ہیں کہ فلاں تاریخ تک احمدیت سے منحرف ہو جاؤ ورنہ یہ شہر چھوڑ کر کہیں اور چلے جاؤ بصورتِ دیگر تمہیں تمہاری اولاد کے ساتھ ختم کر دیا جائے گا دیگر بھی جماعت کے خلاف غلیظ گالیوں سے پُر تھا۔لیکن اللہ کے فضل سے ہمارے ایمان میں کوئی لغزش نہیں آئی۔بلکہ ایمان پختہ سے پختہ ہوتا چلا گیا۔تمام احبابِ جماعت سے درخواست ہے کہ ہمارے لئے خصوصی دعا کریں کہ اللہ میاں ہمیں ہمارے ایمان میں مزید استقامت عطا فرمائے آمین۔اور دنیا کی تمام نیک سعید روحیں اس حقیقت کو جلدی پہچانیں اور احمدیت کے ذریعہ سے حضرت محمد ﷺ کے جھنڈے تلے جمع ہوں۔آمین

یوھان وولف گانگ فان گوئٹے

Johann Wolfgang von Goethe

مغربی ادب میں گوئٹے کا درجہ بہت بلند ہے اور جرمن زبان میں اُسے وہی مقام حاصل ہے جو شیکسپیئر کا انگریزی میں ہے۔گوئٹے ایک وزیر کا بیٹا تھا۔

28 اگست 1749ء کو فرانکفرٹ میں پیدا ہوا اور سولہ سال کی عمر میں قانون کی تعلیم حاصل کرنے کے لئے لائپزگ یونیورسٹی میں بھیجا گیا۔چونکہ اس کے ذہن کی وسعت لامحدود تھی اور وہ اپنے دماغ کو قانونی امور تک محدود نہ رکھ سکتا تھا۔اس لئے اُس کا زیادہ تر وقت ادبیات اور فلسفے کے مطالعہ میں گزرتا تھا۔

بہرحال اُس نے قانون کی تعلیم پوری کی اور اس کے ساتھ ہی علم کیمیا، تشریح اعضاء اور فن تعمیر کا بھی ماہر ہو گیا۔

اس کے علاوہ قدیم ادبیات کا مطالعہ بھی کرتا رہا۔کچھ مدت ویزلر میں قیام کیا اور وہاں 1774ء میں ایک کتاب لکھی جس کا نام تھا Sorrows of Werther (ورتھر کی داستانِ غم) اس کتاب نے اُس کی شہرت کو چار چاند لگا دیئے۔اُسی زمانے میں گوئٹے نے اپنی مشہور کتاب فاوسٹ لکھنی شروع کی جس کا ترجمہ اُردو میں بھی ہو چکا ہے۔

1775ء میں گوئٹے ویمر میں مقیم ہو گیا جہاں اُس کے دوست (duke of Saxe Weimer) نے اہل ادب کا ایک گروہ جمع کر رکھا تھا۔گوئٹے اس گروہ کو سیاسیات وادبیات پر مشورے دیا کرتا تھا۔

کچھ مدت بعد اس نے Switzerland اور اٹلی کا سفر اختیار کیا۔جس کے دوران اُس نے کئی کتابیں لکھیں۔1792ء میں جرمنی نے فرانس کے خلاف جنگ کی جس میں گوئٹے بھی شامل ہوا۔یہ مہم ناکام رہی۔گوئٹے نے اُس کے حالات لکھے۔جب 1828ء میں (duke of Saxe Weimer) کا انتقال ہوا تو گوئٹے نے سیاسیات اور معاشرے سے کنارہ کشی اختیار کر لی اور بالکل تصنیف و تالیف میں مصروف ہو گیا۔22 مارچ 1832ء کو گوئٹے نے وفات پائی۔

☆☆☆☆

بیوٹی ٹِپس

۱۔ دانوں کے لیے:

۱۔انڈے کی سفیدی میں اچیچ شہد ڈال کر لگائیں اور دس منٹ کے بعد چہرہ دھولیں۔

۲۔پودینہ پیس کر روزانہ دس منٹ لگائیں اور پھر منہ دھولیں۔

۳۔بیسن دو چیچ، بادام ایک چیچ زیتون کا تیل ایک چیچ مکس کر کے چہرے پر پانچ منٹ تک مساج کریں اور پھر دھولیں۔

۲۔چھائیوں کے لیے:

۱۔رات کو بادام دودھ میں ڈال کر رکھ دیں، صبح چھلکا اتار کر انکو اسی دودھ میں پیس کر چہرے پر دس منٹ تک کے لیے لگائیں اور پھر دھولیں۔

۲۔وٹامن سی کی گولیاں کھائیں۔

۳۔ایک چیچ شہد، ایک چیچ لیموں کا رس مکس کر کے چہرے پر لگائیں۔

۳۔چہرے کے تِل:

۱۔ٹماٹر کا پیسٹ بنا کر چہرے پر لگائیں۔

۲۔سیب کا پیسٹ بنا کر چہرے پر لگائیں۔

۳۔روغن زیتون اور روغن کدو مکس کر کے پانچ منٹ تک لگائیں۔

۴۔آنکھوں کے گرد حلقے:

۱۔لیموں کا رس، عرق گلاب، اور شہد تینوں کو ایک ہی مقدار میں مکس کر کے پانچ منٹ تک چہرے پر مساج کریں، اور پندرہ منٹ کے بعد منہ دھولیں۔

۲۔وٹامن سی کے کیپسول کو کھول کر اس کا آئل آنکھوں کے نیچے لگائیں۔

۳۔لیموں کے چھلکے سکھا کر پیس لیں اور دودھ میں مکس کر کے لگائیں۔

۵۔ہاتھوں کی حفاظت:

۱۔لیموں اور شہد ملا کر لگانے سے ہاتھ گورے ہوتے ہیں۔

۲۔عرق گلاب، گلیسرین، اور کیسٹر آئل مکس کر کے ہاتھوں پر لگائیں۔

۳۔ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں سیاہ ہوں تو زیتون کا تیل لے کر مساج کریں۔

۶۔گورے رنگ کے لیے:

۱۔ایک انڈے کی سفیدی، لیموں کا رس، اور شہد ملا کر چہرے پر لگائیں۔

۲۔کھیرے کے رس میں ایک چیچ دودھ ملا کر گردن اور چہرے پر آدھا گھنٹے کے لیے لگائیں۔

۳۔پسے ہوئے بادام کو دودھ میں ڈال کر منہ پر لگائیں اور دس منٹ بعد منہ دھولیں۔

(سمیرا ملک ڈبلن)

پکوان

دُودھ اور سوجی کا حلوہ

اجزاء: دُودھ: دو کپ

سوجی: دو کپ

تیل: دو کپ

چینی: دو کپ

پانی: چار کپ۔ کشمش، ناریل، پستہ، الائچی اور بادام (حسب ضرورت)

ترکیب:۔ پہلے دُودھ سوجی اور تیل کو ایک ساتھ چولہے پر رکھ دیں، اور ان تینوں اجزاء کو اتنا بھونیں کہ ان کا رنگ براؤن ہو جائے۔ پھر پستہ بادام الائچی اور کشمش ڈال دیں۔ ایک الگ برتن میں پانی اور چینی کی چاشنی بنا لیں، اور اُس کو سوجی میں ڈال دیں اور اتنا بھونیں کہ سوجی تیل چھوڑنے لگے۔ چولہے سے اُتار لیں۔ مزیدار گرما گرم حلوہ تیار ہے۔ (راشدہ احمد Galway)

جلیبی



اجزاء:

میدہ: دو کپ

بیسن: آدھا کپ

دہی: دو کھانے کے چیچ

میٹھا سوڈا: ایک چوتھائی چیچ

تلنے کے لئے تیل: حسبِ ضرورت

شیرہ:۔ (دو کپ چینی اور تین چوتھائی کپ پانی میں ایک چائے کا چیچ رُوح کیوڑہ ڈال کر گاڑھا سا شیرہ تیار کر لیں۔)

ترکیب: میدے میں بیسن، دہی اور میٹھا سوڈا ڈال دیں۔ اب اس میں نیم گرم پانی ڈال کر گاڑھا سا محلول بنا لیں اور ایک گھنٹے کے لئے رکھ دیں۔

درمیانی آنچ پر پین میں تیل گرم کر لیں۔ اچھی جلیبی بنانے کے لئے کیچپ کی خالی بوتل میں اِس مرکّب کو ڈال کر جلیبی کی شکل میں تل لیں۔

سُنہرا ہونے پر نکال لیں اور نیم گرم شیرے میں ڈال کر فوراً نکال لیں۔ گرما گرم جلیبی تیار ہے۔ (شاہدہ خان۔ Athlone)

بقیہ حصہ

ارشادات حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ

....کہے گا کہ جو چیز تم اپنے بھائیوں اور بہنوں کے لئے پسند نہیں کرتے وہ میرے پاس مانگنے کیوں آ گئے ہو۔

بعض لوگ اپنی مجالس میں نیکی کی باتیں کرنے کی بجائے غیبت شروع کر دیتے ہیں۔غیبت کے معنی ہیں کہ انسان ایک دوسرے کے عیوب کا اس طرح سے ذکر کرے کہ اس میں کوئی دینی فائدہ نہ ہو۔مثلاً اگر کسی شخص میں کوئی کمزوری پائی جاتی ہے اور وہ دوسرا آدمی علیحدگی میں اس سے کہتا ہے بھائی تم میں مجھے فلاں کمزوری نظر آتی ہے اور اگر یہ بات درست ہے تو تم اپنی اصلاح کرلو تو یہ بھی اس کمزوری کا ذکر ہے۔لیکن اس میں ایک دینی فائدہ بھی ہے یعنی ایک بھائی کو اصلاح کی طرف توجہ دلائی گئی ہے اور اس میں اس کی بدنامی بھی نہیں۔لیکن اگر کسی شخص کے عیب کا مجالس میں ذکر کر کے اُسے بدنام کیا جائے جس میں کوئی دینی فائدہ نہیں تو اسے غیبت کہتے ہیں اور اس سے اللہ تعالیٰ نے منع فرماتا ہے۔

افشائے راز کرنے سے دوستوں کے حقوق پامال ہوتے ہیں

افشائے راز کرنے سے دوستوں کے حقوق پامال ہوتے ہیں یہ بھی یاد رکھو کہ راز صرف وہی نہیں جسے بیان کرنے والا راز کہے، بلکہ ہر وہ بات جو تم سے کہی گئی ہے کسی کا راز ہے۔آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جب کوئی شخص تم میں سے کوئی بات کہہ کر چلا جاتا ہے تو اس کی بات تمہارے پاس بطورِ امانت رہ جاتی ہے پس امانت میں خیانت نہ کرو یہ ایک کمینی اور تکلیف دہ حرکت اور عادت ہے۔(الفضل 18-20 دسمبر ۱۹۶۰ء ۱۱ جون ۲۰۰۱ء)

نظامِ جماعت کی اطاعت۔خطاب صدر لجنہ اماء اللہ آئرلینڈ

....جذبات کا خیال رکھتے ہوئے ہر چھوٹے بڑے کا احترام کرتے ہوئے نظام جماعت کے احترام کے دائرہ میں رہتے ہوئے غیبت و بدظنی جیسی بیماریوں سے بچنے کی کوشش کرتے رہنا چاہیے۔اگر ہمیں حضور کی خوشنودی حاصل کرنی ہے تو حضور انور کے قائم کردہ معیاروں کو حاصل کرنے کی کوشش میں لگے رہنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہماری اصلاح کے سامان پیدا کرے اور ہمیں اپنے اعلیٰ نمونے قائم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔

جھوٹی تعریف کی تمنا بالآخر شرک بن جاتی ہے۔

کر سکے تو وہ تعریف میں حصہ ڈالنے کی عادت تو اتنی پختہ ہے کہ اس سے تو شاید ہی کوئی انسان بری ہو۔اگر آپ کسی سے پوچھیں کہ بہت اچھا کھانا پکا ہے، کس نے پکایا ہے؟ تو گھر کی مالکہ نے پکایا ہوگا تو وہ کہے گی میں نے پکایا ہے، کوئی دوسرا ساتھ بولے گا مصالحہ تو میں نے بتایا تھا، تیسرا بتائے گا کہ ترکیب میری تھی، ایک چوتھا کہے گا کہ ڈوئی میں پھیرتا رہوں۔غرضیکہ ہر شخص بیچ میں اپنا حصہ ڈالنے کی کوشش کرتا ہے۔یہ روز مرہ کی چھوٹی چھوٹی باتوں کا مشاہدہ ہے لیکن یہ آگے جا کر بہت گہری بیماری میں تبدیل ہو جاتا ہے اور ایسے اشخاص کو بعد ازاں احتمال ہے کہ گہری روحانی بیماریوں نہ لاحق ہو جائیں۔ اس کی تفصیل میں جانے کی یہاں ضرورت نہیں۔

ہر انسان اپنی زندگی کے واقعات پر غور کر کے جائزہ لے سکتا ہے کہ کس حد تک اس نے اس معاملے میں ٹھوکر کھائی یعنی تعریف کی ایک خواہش تو طبعی ہے اسے اپنے مقام پر رکھنا اور لگام ڈال کر رکھنا یہ ایک الگ مسئلہ ہے مگر جو واقعہ ہوا ہی نہیں اس ضمن میں جھوٹی تعریف اس کی تمنا یہ بہت بڑی بیماری ہے اور شرک کی بدترین قسم بن جاتی ہے اور ایسے لوگ پھر سب سے زیادہ خدا کی تعریف اس سے چھینتے ہیں اور عمداً ہر چیز میں بات اپنے ذمے لگاتے ہیں کہ ہماری وجہ سے یہ ہوا ہے۔اور یہ بیماری جب زیادہ باریک ہو جاتی ہے تو عجیب و غریب شکلیں اختیار کرتی ہے۔میں اس کا نمونہ آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں جس سے آپ کو معلوم ہوگا کہ نیک انسان بھی اس قسم کی بعض بیماریوں سے محفوظ نہیں رہتے، عام طور پر موحد ہیں لیکن بہت سی باتوں میں غلطی کر جاتے ہیں۔

(از ذوقِ عبادت اور آدابِ دعا، صفحہ 120-122) (مرسلہ صدف عزیز ملک، جرمنی)

ضبط کا عہد بھی ہے شوق کا پیمان بھی ہے
عہد و پیماں سے گزر جانے کو جی چاہتا ہے
درد اتنا ہے کہ ہر رگ میں ہے محشر برپا
اور سکوں ایسا کہ مر جانے کو جی چاہتا ہے
(فیض احمد فیض)

خَیرُ کُم خَیرُ کُم لِاَ ھُلِه

ایک عظیم باپ کی یادمیں

راشدہ کرن خان

باپ تو وہ عظیم ہستی ہے جس کے دل سے نکلی ہوئی دُعا بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق ضرور اللہ تعالیٰ قبول فرمالیتا ہے۔ باپ وہ عظیم ہستی ہے جس کا بھیگی آنکھوں کے ساتھ بیٹی کے سر پر ہاتھ، دنیا کی تمام نعمتوں سے بھاری ہوتا ہے اور جو تازیست دعاؤں کا خزانہ ہوتا ہے۔ آج ایسے ہی ایک عظیم باپ کی غم زدہ بیٹی، اپنے پیارے ابو کی یادوں میں سے کچھ پل یہاں تحریر کرنے جارہی ہے، جس کی تحریر شاید کبھی ختم نہ ہو لیکن اس رسالہ کے صفحات اس کی اجازت نہ دے سکیں۔ میرے پیارے ابو، میرے رہبر، میرے آئیڈیل اور میرے رہنما تھے۔ ان کے سائے تلے ہمیں سکون ملتا تھا، انکی روشنی سے ہم دیکھا کرتے تھے۔

میرے ابو جان مکرم پروفیسر عبدالباسط ملک صاحب، (صدر جماعت ڈیٹسن باخ جرمنی) کی شخصیت ہم سب بھائی بہنوں کے لئے ایک مشعلِ راہ ہے۔ ہمارے بچپن سے لے کر جوانی تک، ہماری مذہبی اور دنیاوی راہنمائی کیلئے ہمارے لئے ہر دم حاضر رہتے اور ایسے احسن طریق سے مطمئن کرتے، کہ ہمیں کبھی کسی دوسرے کی مدد کی ضرورت نہیں پڑتی۔

اگر میں مختصراً بیان کروں تو ابو، خدا تعالیٰ، آنحضرت ﷺ، حضرت مسیح پاکؑ اور خلفائے کرام حضرت مسیح موعودؑ سے بے حد محبت، اخلاص، ادب وفا اور قلبی تعلق رکھنے والے، پنج وقتہ نمازیں با جماعت ادا کرنے والے، تہجد گزار، بہت سادہ مزاج، قناعت پسند، شاکر، عاجز وانکسار، انتہائی نفاست پسند، لوگوں کے ہمدرد، لوگوں کی مالی مدد کرنے والے، اور ایسی نیکیاں کرتے جس کا کسی کو علم نہ ہوسکے بہت زیادہ محنت اور لگن سے کام کرنے والے، نہایت مخلص اور بے مثال شخصیت کے مالک تھے۔

ابو کی یاد میں لکھنے بیٹھی ہوں تو ایسا محسوس ہو رہا ہے جیسے وہ میرے سرہانے بیٹھے ہوں۔ ان کے پیارے پیارے الفاظ میرے کانوں میں گونج رہے ہیں۔ آج بھی وہ ہوتے تو مجھے ہمیشہ کی طرح بے حد پیارے انداز میں کہتے، 'کرن بیٹا، آپ Please یہ کام صبح کرلیں۔ ابھی بہت دیر ہوگئی ہے، اور میں اصرار کرتی کہ: ''ابو جی، یہ بہت اہم کام ہے۔ ابھی نہیں کروں گی، تو یہ کام مکمل نہیں ہوسکے گا۔'' میری یہ بات سُن کر ابو فوراً اُٹھتے اور کچن میں چلے جاتے اور اپنے ہاتھوں سے دودھ گرم کر کے میرے پاس واپس آتے اور دودھ کا کپ میرے سامنے رکھ دیتے، اور کہتے: ''اگر کام اہم ہے تو آپ کی صحت بھی اہم ہے''۔ یہ دیکھ کر میں شرم سے سر جھکا دیتی، 'کتنے افسوس کی بات ہے، کتنی نالائق بیٹی ہوں، اپنے ابو کی خدمت کرنے کے بجائے اُن سے خدمت لے رہی ہوں'۔ یہ سوچتی اور بس سوچتی چلی جاتی۔ لیکن ابو کی بے حد شفقت اور محبت کا بدلہ کبھی پورا نہ کرپاتی۔

اگست 2010ء میں جب میں ابو کے پاس جرمنی گئی۔ رات کافی دیر تک رسالہ 'مریم' پر کام کرتی رہتی تھی۔ اور ابو مجھے کام کرتے دیکھ کر ایسا ہی کیا کرتے تھے، کبھی میرے پاس دودھ کا کپ رکھتے، کبھی میوے اور پھل رکھ دیتے تھے۔ صرف اتنا ہی نہیں بلکہ رات دیر تک میرے ساتھ بیٹھ کر پورے رسالہ کی پروف ریڈنگ کرتے رہے، اور اس کے معیار کو بہتر کرنے کے لئے مشورے دیتے رہے۔ اس کام کے دوران ابو نے بتایا کہ کراچی نیشنل کالج جہاں ابو تعلیم دیا کرتے تھے، وہاں کے انگریزی زبان میں چھپنے والے رسالہ کے مدیر ابو ہی ہوا کرتے تھے۔ یہ سن کر میں حیران ہوئی کہ ابو نے پہلے کبھی ذکر نہیں کیا۔ شاید اس کی وجہ یہ تھی کہ ابو کو اپنی کوئی بڑائی یا خوبی بیان کرنا پسند نہیں تھا۔

ابو ہمیشہ اپنی گفتگو میں کسی سے مخاطب ہوتے تو 'آپ'، اور 'please' کا لفظ استعمال کرتے تھے، چاہے کسی چھوٹے بچے سے ہی کیوں نہ مخاطب ہوں۔ اپنے دامادوں کو بھی ہمیشہ ان کے نام کے ساتھ 'صاحب' کہہ کر پکارا۔ ہر کسی کی بہت عزت اور احترام کیا کرتے۔ باوجود اس کے کہ ابو کا مزاج سخت اصول پسند اور رعب دار تھا۔ لیکن کبھی کسی کو کچھ سمجھانے کی ضرورت محسوس کرتے تو ایسے احسن طریق سے سمجھاتے کہ کسی کی دل آزاری نہ ہو۔

میرے پیارے ابو 1946ء میں سیالکوٹ میں ایک معزز احمدی گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ابو کے دادا حضرت منشی اللہ رکھاؓ اپنے خاندان میں سب سے پہلے جماعتِ احمدیہ میں شامل ہوئے۔ ابو کا بچپن اور جوانی کراچی اور سندھ میں گزرا۔ ابو بتایا کرتے تھے کہ ابو کا خاندان کافی رئیس اور کاروباری تھا۔ اسلئے ابو کا بچپن نہایت شاندار اور خوشگوار گزارا۔ لیکن جب ابو کی عمر تقریباً

10 سال کی ہوئی تو اُن کی والدہ اچانک وفات پا گئیں۔اس عرصہ میں اُن کے خاندان میں مالی حالات بہت خراب ہوگئے، اور گھر کے حالات تنگ سے تنگ ہوتے چلے گئے۔اتنی چھوٹی عمر میں پریشانیوں اور مشکلات کا سامنا کرنے کے باوجود ابو نے اپنی محنت خداداد ذہانت کی بناپر بعدازاں اسلام باد سے *M.A in English Literature* اعلیٰ نمبروں سے پاس کیا۔پھر خدا کے فضل سے کچھ عرصہ کے بعد *M.A in History(English)* بھی کیا۔اس طرح سے ڈبل ایم اے کرنے کی توفیق پائی۔پھر کافی عرصہ ٹھٹہ کالج اور نیشنل کالج کراچی میں بحیثیت لیکچرار تعلیم دینے کی توفیق پائی۔ابو کے شاگرد تقریباً ہر محکمہ اور ہر عہدے پر ملتے تھے۔ابو بڑی محبت وشفقت سے ان کی سروس کے متعلق پوچھا کرتے تھے۔شاگرد بھی بے حد احترام کرتے تھے۔ابو اکثر بہت خوشی سے بتایا کرتے تھے کہ فلاں فلاں شخص میرا شاگرد رہا ہے۔

ابو کی میری والدہ سے شادی

میری والدہ کا خاندان بٹالہ، ہندوستان سے ہجرت کر کے لاہور آیا تھا۔میری والدہ کی پیدائش لاہور میں ہوئی۔اور انہوں نے تعلیم بھی وہیں سے حاصل کی۔ایک روز میری نانی امی مرحومہ (شفیقہ ملک صاحبہ، پرنسپل کالج، صدر لجنہ لاہور دارالزکر) کے پاس ان کی بہن آئیں اور انہوں نے بتایا کہ کچھ لوگ کراچی سے آئے ہیں رشتہ کے سلسلہ میں اور وہ آپ کے گھر آنا چاہتے ہیں۔ میری نانی امی نے اظہار کیا کہ اُن کی بس ایک خواہش ہے کہ لڑکا پڑھا لکھا اور نیک سیرت ہو۔کچھ عرصہ تک ابو کی میرے نانا ابو کے ساتھ میل ملاقات چلتی رہی، اس عرصہ میں انہوں نے دُعائیں کی اور میرے ابو کے مزاج کا اندازہ بھی لگالیا۔نانا ابو نے گھر پر اظہار کیا کہ 'یہ لڑکا منفرد شخصیت کا مالک ہے۔اور اِن میں ایسی خاص خوبیاں ہیں جو بہت کم لوگوں میں ہوتی ہیں۔تعلیم یافتہ ہونے کے ساتھ ساتھ نہایت شریف اور نیک سیرت ہیں'۔ لہٰذا اُنہوں نے ضرورت نہیں سمجھی کہ ابو کے خاندان کو کراچی میں جا کر دیکھیں یا کوئی مزید معلومات حاصل کریں۔اس طرح سے میرے والدین کی شادی ہوئی اور دوسال کراچی میں مقیم رہے۔

یمن (عرب) میں ہجرت

میری پیدائش کے کچھ ماہ کے بعد ابو کو ایک روز میرے چچا نے اصرار کیا کہ وہ ایک job کے لئے apply کریں۔جو کہ ملک یمن (عرب) میں ہے۔ابو نے کہا کہ اب تو صرف ایک دن رہ گیا ہے اس کے بعد سلیکشن نہیں ہوگا۔

لیکن چچا کے بے حد اصرار پر ابو نے apply کر دیا۔اور اللہ کے خاص فضل سے ابو کا سلیکشن ہوگیا۔اس طرح سے 1983ء میں ہم یمن کے شہر ثناء شفٹ ہوگئے۔جہاں میرے ابو نے 2 مختلف Universities میں بحیثیت پروفیسر 8 سال تک تعلیم دینے کی توفیق پائی۔

ابو یمن میں پاکستانی Embassy کے ممبر بنے اور وہاں کے سفیر کے ساتھ مختلف شعبہ جات میں کام کرنے کی توفیق پائی۔خطوط کے انگریزی میں ترجمہ بھی کیا کرتے تھے، کوئی محفل لگا کرتی تو اس میں Moderator کا رول ادا کرتے تھے۔ابو کو شروع سے ہی English Literature اور شاعری سے بہت لگاؤ رہا۔اور اس کے لئے خاص وقت نکالا کرتے تھے۔

جرمنی میں ہجرت

1991ء تک یمن میں احمدیت کی شدید مخالفت بڑھ چکی تھی۔اس عرصہ میں ابو نے خواب میں دیکھا ہے کہ ابو ایک ایسے کسی ملک میں کھڑے ہیں جہاں ایک لمبی عمارت سے گھنٹیوں کی آوازیں آرہی ہیں۔(جس کی تعبیر ایک ایسا ملک ہے جہاں *church* کی گھنٹیوں کی آوازیں آرہی ہیں)۔اس خواب کے بعد ابو نے ایک ماہ کے اندر جرمنی اور برطانیہ کے visa لگوالئے۔میرے تایا ابو جرمنی میں اُس وقت تقریباً 16 سال سے مقیم تھے۔ابو نے سوچا کہ ہم پہلے جرمنی visit کر کے دیکھیں گے پھر وہاں سے برطانیہ ہجرت کرلیں گے۔لیکن جب 1991ء میں ہم جرمنی گئے تو ہمارا پروگرام تایا ابو کے اصرار پر تبدیل ہوگیا۔اس طرح سے ہم نے جرمنی میں ہی رکنے کا فیصلہ کرلیا۔ابو کو اپنے اس فیصلے پر کچھ عرصہ کے بعد پچھتاوا محسوس ہوا۔اور بہت پریشان ہوگئے۔ابو کو یہ اندازہ نہیں تھا کہ یہاں آکر زبان سب سے بڑا مسئلہ بنے گی۔ابو کا بس چلتا تو وہ شاید اُسی دن ہی واپس چلے جاتے۔لیکن خدا تعالیٰ کو ہمارا وہاں پر رکنا ہی منظور تھا۔ہم کاسل شہر کے قریب ایک شہر وِسن ہاؤزن شفٹ ہوگئے۔جہاں ابو جاتے ہی جماعتی ذمہ داریوں میں مصروف ہوگئے۔اور کچھ عرصہ کے بعد صدر جماعت کی ذمہ داری سنبھال لی۔

جماعتی ذمہ داریاں اور خدمات

غالباً 1994ء کے شروع سے ابو صدر جماعت کی ذمہ داری سنبھال رہے تھے۔1996ء میں ابو نے خواب میں دیکھا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ ہمارے گھر تشریف لائے ہیں۔ ابو نے کہا مجھے ایسا لگتا ہے یہ خواب پورا ہوگا۔1997ء میں ابو کو خدا تعالیٰ نے یہ توفیق دی کہ وہ ایک کامیاب تبلیغی نشست منعقد کرسکیں۔اس میٹنگ کی تیاریوں میں ابو دن رات محنت کرتے رہے۔

خدا تعالیٰ نے ابو کا خواب پورا کر دکھایا اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ”ہمارے چھوٹے سے شہر میں ازراہِ شفقت اس میٹنگ میں تشریف لائے۔ جو کہ ہمارے لئے بے حد خوشی اور اعزاز کی بات تھی۔ اب تک ایسی میٹنگز بڑے شہروں میں ہوا کرتی تھیں۔ جیسے کہ فرینکفرٹ، ہمبرگ وغیرہ۔ لیکن ہمارا شہر فرینکفرٹ سے تقریباً 3 گھنٹے دور کے فاصلے پر تھا۔ اور یہاں کی آبادی بھی بہت کم تھی۔ یہاں پر حضورؒ کا تشریف لانا کسی اعزاز اور خوش نصیبی سے کم نہیں تھا۔ یہ میٹنگ بوسنیئن اور البانیئن کے لئے منعقد کی گئی تھی۔ اور اس میٹنگ کے بعد تقریباً 70 افراد نے اللہ کے فضل سے بیعت کر کے جماعت احمدیہ میں شامل ہونے کی توفیق پائی۔

ابو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ہمراہ

اس میٹنگ کے علاوہ ایک Civic reception کا بھی انتظام کیا گیا جس میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے جرمن احباب کے ساتھ میٹنگ کی۔ ان دونوں میٹنگ کے بعد حضورؒ نے میرے ابو سے انتہائی خوشی کا اظہار فرمایا اور اور بہت مبارک باد دی۔ جب میں اپنی شادی کے بعد حضورؒ سے ملاقات کے لئے گئی تو میں نے ابھی حضورؒ سے اپنا تعارف کرواتے ہوئے کہا: ”حضور، میں عبدالباسط ملک صاحب کی بیٹی ہوں“، تو حضورؒ بے ساختگی سے مسکرانے لگے اور بہت خوشی اور جوش سے فرمایا: ”اچھا، باسط صاحب کی بیٹی ہو۔ کیسے ہیں ابا؟ ویٹسن ہاؤزن میں جب میں آیا تھا، میٹنگ کے بعد آپ سب سے میری ملاقات بھی ہوئی تھی“۔ حضورؒ نے میرے ابو کی مصروفیات کے بارہ میں پوچھا۔ یہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی کہ حضورؒ کو ازراہِ شفقت آج بھی سب یاد ہے۔

1997ء میں عبیداللہ علیم صاحب ہمارے گھر تشریف لائے، اور ابو نے نہایت شاندار مشاعرہ کا انتظام ایک ہال میں کیا جس میں قریبی جماعتوں سے بہت تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ ابو نے اس محفل کو نہایت محنت سے سجا کر ہمیشہ کے لئے یادگار بنانے کی توفیق پائی۔

ابو کو دعوت الی اللہ کا جنون کی حد تک شوق تھا۔ اسی غرض سے شہر کے Mayor، ڈاکٹرز، پادری، استاد اور مختلف محکمہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو گھر کھانے پر دعوت دیتے۔ نہایت خوش اخلاقی سے ان کی مہمان نوازی کرتے۔ اور جماعتی لٹریچر وغیرہ تحفہ میں دیتے۔ وہ سب لوگ ابو کے اخلاق سے بے حد متاثر ہوا کرتے اور بہت زیادہ خوشی کا اظہار کیا کرتے۔

ہمسائے میں جتنے بھی ضعیف لوگ تھے، اُن کے ساتھ ابو بے حد محبت کا سلوک کیا کرتے اور ان کی مدد کو ہر وقت تیار رہتے۔ 2004ء میں ابو میرے سسرال کے قریب ڈیٹسن باخ (فرینکفرٹ) شفٹ ہو گئے۔ وہاں آتے ہی ابو کو صدر جماعت کی ذمہ داری سونپ دی گئی۔ اب تک تین مختلف حلقوں میں شفٹ ہوئے اور ہر حلقہ میں صدر جماعت کی ذمہ داری سنبھالنے کی توفیق پائی۔ اس کے علاوہ نیشنل رشتہ ناطہ اور دیگر شعبہ جات میں تعاون کے لئے وقت نکال کر بیت السبوح جایا کرتے تھے۔

آخری دنوں میں ابو امورِ عامہ میں خدمت سرانجام دینے کے لئے بیت السبوح جایا کرتے تھے۔ ابو کا زیادہ تر وقت مسجد میں اور جماعتی مصروفیات میں گزرا کرتا تھا۔ مسجد میں نمازیں با جماعت پڑھنے کے عادی تھے۔ اپنے ہمسائے میں کچھ احمدی بچوں کو اپنے ساتھ پیدل مسجد لے کر جایا کرتے تھے۔ یہ ہی بچے ابو کی بے انتہا شفقت کا ذکر کرتے ہیں اور انکی کمی کو شدت سے محسوس کرتے ہوئے آنسو بہاتے ہیں۔

ہماری تعلیم وتربیت کا خیال

ابو میری چھوٹی بہن کے ہمراہ

شروع سے ہی ابو کو ہماری تعلیم و تربیت کی اس قدر فکر رہتی تھی کہ اس کے مقابل پر ابو کسی بھی دوسری چیز کو اہمیت نہیں دیتے تھے۔

جب ہم یمن میں مقیم تھے تو ابو نے ہم بچوں کا داخلہ *English Med. School for International Students* میں کروایا۔ جب تک میری عمر پہلی کلاس کے لئے نہیں ہوئی، ابو گھر میں مجھے بہت محنت سے پڑھایا کرتے تھے۔ ابو مجھے داخلہ کے لئے لے کر گئے تو پرنسپل صاحبہ نے میرا ٹیسٹ لیا، اور اس کو دیکھ کر انہوں نے بہت خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ابو سے کہا ”یہ آپ کی محنت کا پھل ہے“۔ مجھے پہلی کلاس کی بجائے دوسری کلاس میں لے لیا گیا۔

ابو ہمارے لئے شروع سے ہی ایک ٹائم ٹیبل بناتے تھے۔ جس میں ہر کام کرنے کا وقت اور اہمیت کا لکھتے۔ اور اس پر عمل کرنے کی تلقین کرتے۔ ہمارے اسکول میں صرف انگریزی بولی جاتی تھی اور اُردو نہیں پڑھائی جاتی تھی، لہٰذا اُردو گھر پر پڑھانا ابو نے امی کے ذمہ لگایا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ ہر

روز لکھنے کی مشق اتنی زیادہ کرواتے تھے کہ انگلیاں تھک جاتی تھیں لیکن ابو کو جب تک لکھائی پسند نہیں آتی تھی، اُٹھنے کی اجازت نہیں دیتے تھے۔

ابو کا شروع سے ہی ہم پر ایک خاص رُعب تھا۔ابو کا سامنا کرتے وقت ہمیشہ جھجک اور شرم محسوس ہوتی تھی۔گھبراہٹ ہوتی کہ ابو کسی بات سے ناراض نہ ہو جائیں۔ابو کی ناراضگی کی نوعیت یہ ہوا کرتی تھی کہ ابو بات چیت ختم کر دیتے تھے۔میری یہ خوش قسمتی رہی کہ گھر میں سب سے بڑی تھی اسلئے ابو مجھ سے کبھی زیادہ دیر ناراض نہیں رہتے تھے۔ابو اکثر کہا کرتے تھے کہ ''مجھے قدرتی طور پر اپنی بڑی بیٹی سے زیادہ پیار ہے''۔لیکن اس کے باوجود کبھی ہم بہنوں اور بھائی میں ذرہ بھر بھی فرق نہیں کیا۔بلکہ چھوٹی چھوٹی باتوں میں بھی ہمیشہ برابر کا سلوک کیا کرتے تھے۔

اپنے بچپن کا ایک یادگار واقعہ آج بھی میرے لئے باعثِ مسرت ہے۔ایک بار ہم یمن سے چھٹیوں میں پاکستان گئے۔کچھ دِن کراچی اپنے تایا ابو کے گھر رکنے کے بعد امی کے ساتھ لاہور چلے گئے۔جبکہ ابو کا پروگرام ایک ماہ تک کراچی میں اپنے اہم کاموں کے لئے رکنے کا تھا۔ابھی ہمیں لاہور آئے ہوئے کچھ دن ہی ہوئے تھے کہ میری سالگرہ کا دن آ گیا۔صبح اٹھی تو سب میرے سرہانے کھڑے مجھے سالگرہ کی مبارک باد دے رہے تھے۔پتہ نہیں کیوں میں نے بڑے جوش اور یقین سے کہا: ''آج میرے ابو آئیں گے''۔میری یہ بات سن کر سب ہنسے اور سمجھاتے رہے کہ ابو ایک ماہ کے بعد آئیں گے۔لیکن میں نے کسی کی ایک نہ سنی اور دوپہر تک گارڈن کے Gate کے پاس چکر لگاتی رہی اور پورے یقین سے ہر ایک کو کہتی رہی آج ابو ضرور آئیں گے۔گھر میں سب مزاق کرتے کبھی تسلی دیتے کہ 'انتظار نہیں کرو، وہ آج نہیں آسکتے ہیں'۔تقریباً ۳ بجے دوپہر تک میں اوپر کی منزل پر کھڑی باہر دیکھتی رہی اور پھر دیکھتی ہوں کہ ایک Taxi گھر کے گیٹ کے پاس آ کر کھڑی ہوئی ہے، اور اس میں سے میرے ابو اُتر رہے ہیں۔یہ دیکھ کر سب حیران تھے لیکن میری خوشی کی انتہا تھی۔ابو اندر داخل ہوئے اور میں انکے گلے لگ گئی۔اور بتایا کہ مجھے پورا یقین تھا کہ آج آپ ضرور آئیں گے۔ابو مسکرائے اور کہا: ''آج میری بیٹی 7 سال کی ہو گئی ہے، میں کیسے نہیں آتا!'۔

میری شادی کے بعد ابو بہت زیادہ اُداس رہتے تھے، امی بتاتی ہیں کہ ابو کہتے: ''ہماری بیٹی صرف 17 سال ہمارے پاس تھی، لگتا ہے یہ عرصہ ایک پل میں گزر گیا''۔بہت افسردہ ہو کر کہتے کہ ''بیٹیوں کو اپنے گھر جانا پڑتا ہے''۔جس دن میں ملنے جایا کرتی، تو ابو ایسے خوش ہوا کرتے جیسے کوئی عید کا دن ہو۔گھر میں سب کہتے: ''کرن تم آئی ہو تو ابو کو اتنا خوش دیکھ رہے ہیں''۔

بچپن میں ابو مجھ سے قرآن مجید کی تلاوت سنتے اور حوصلہ افزائی کرتے۔جب کوئی مقابلہ وغیرہ ہوتا تو حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہتے کہ ''مجھے یقین ہے آپ بہت اچھا مقابلہ کریں گی''۔ لیکن ابو اس بات کو بالکل بھی پسند نہیں کرتے تھے کہ اپنی یا اپنے بچوں کی تعریفیں لوگوں میں بیان کریں۔ابو کہتے تھے کہ: ''اصل تعریف وہ ہوتی ہے جو کوئی دوسرا آپ کے بارہ میں کرے۔اُس تعریف کی کوئی اہمیت نہیں جو خود اپنی کی جائے۔اکثر والدین ایسا کرتے ہیں لیکن مجھے یہ بات سخت ناپسند ہے، مجھے تب خوشی ہوتی ہے جب میں دوسروں سے آپ کی تعریف سنتا ہوں''۔

ابو کا ہمیں کسی غلطی پر نصیحت کرنے کا یہ طریقہ ہوتا تھا کہ ایسی بات کرتے جس سے فوراً احساس ہو جاتا تھا۔مثلاً کہتے ''آپ تو اتنی سمجھدار ہیں، مجھے آپ سے ایسی توقع نہیں ہے کہ آپ ایسا کریں'۔ابو کا ہمیں سمجھانے کا ایک بہت ہی پیارا انداز یہ بھی تھا کہ کسی جماعتی کتاب یا رسالہ سے کوئی حوالہ یا کسی خلیفۃ المسیح کا ارشاد نکال کر پڑھ کر سناتے اور سمجھاتے کہ اس پر غور کریں۔

اگست 2010ء میں جب میں ابو کے پاس گئی تھی تب بھی ابو ہمیشہ کی طرح ہاتھ میں ایک جماعتی رسالہ پکڑے، میرے کمرے میں آئے اور کہنے لگے، ''کرن، آپ یہ مضمون ابھی پڑھیں۔اس میں حضور نے نصیحت فرمائی ہے کہ کس طرح سے بچوں کے ساتھ تحمل سے پیش آنا چاہئے۔آپ اِس کو پڑھیں اور اس پر عمل کیا کریں''۔

ہم بہنوں کو اکثر کہتے تھے کہ جب میں گھر آؤں تو مجھے یہ بات پسند ہے کہ میری بیٹیاں سر ڈھانپے ہوئے میرے سامنے آئیں۔ابو کو لڑکیوں کا شادی سے پہلے میک اپ، فیشن وغیرہ کرنا سخت ناپسند تھا۔اس بات کو بہت ہی اچھے انداز میں سمجھاتے تھے کہ یہ چیزیں کیوں نہیں کرنی چاہئے۔ہمیں تلقین کرتے کہ لباس سادہ اور باپردہ پہنیں تا کہ آپ بہترین بچی نظر آئیں۔ہمیں کبھی کسی سہیلی کے گھر اکیلے جانے کی اجازت نہیں دیتے تھے۔سوائے اس کے کہ کوئی بہن یا بھائی ساتھ جائے۔پھر خود چھوڑنے جاتے اور لینے آتے تھے۔

ابو چونکہ نہایت نفاست پسند تھے۔امی ہمیشہ ابو کے کمبل اور بستر کی صفائی کا خاص خیال رکھتی تھیں۔ابو کی روٹین میں ایک بات شامل تھی کہ وہ گھر میں ہر بچے کے

ناخن، کپڑوں کی الماری، اسکول کا بیگ، اور کمرے کی حالت کو باقاعدگی سے چیک کیا کرتے۔ جو چیز سلیقے سے نظر نہیں آتی تو سخت ناراض ہوتے اور اُسی وقت ٹھیک کرنے کو کہتے۔ بلکہ بے ترتیب الماری دیکھ کر اُس میں سے کپڑے نکال کر باہر رکھ دیتے اور کہتے ابھی اِسی وقت ٹھیک کریں۔ گھر میں خاص صفائی پسند کرتے اور ہر چیز اپنی جگہ پر دیکھنا پسند کرتے۔ جب گھر آتے اور کوئی بے ترتیبی نظر آتی تو فوراً خود ٹھیک کرنے لگ جاتے، اور اپنے ذوق کے مطابق گھر کی صفائی کرواتے۔

ابو کا میری والدہ کے ساتھ حسنِ سلوک

میری امی نے اپنی شادی سے پہلے F.A-PTC کی تعلیم حاصل کی تھی، اور فارغ وقت میں امی اپنی والدہ کے ساتھ لاہور میں اُن کے ایک اسکول میں پڑھانے جایا کرتی تھیں۔ یمن میں ابو نے امی کا یہ شوق دیکھتے ہوئے کہا کہ وہ بھی اسکول میں پڑھانا شروع کر دیں۔ اور اس طرح سے امی نے ہمارے اسکول میں apply کیا اور سلیکشن کے بعد انہوں نے 4 سال وہاں تعلیم دینے کی توفیق پائی۔

